www.mashriqquetta.com.pk

کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 53 | اتوار 23 ربیع الثانی 1446ھ 27 اکتوبر 2024ء صفحات 24 | شمارہ 119

رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 35 روپے

چیف جسٹس یحییٰ آفریدی کو مبارکباد
اہم آئینی امور نمٹانے کیلئے آئینی بینچز کی جلد تشکیل انتہائی ناگزیر ہے، وزیراعلیٰ

جسٹس یحییٰ آفریدی کی بحیثیت سربراہ سپریم کورٹ تعیناتی کا خیر مقدم کرتے ہیں، جسٹس یحییٰ آفریدی قانون و آئین کی بالادستی کے لئے کلیدی کردار ادا کریں گے

بحیثیت جج انصاف کی فراہمی کے لئے ان کے گزشتہ فیصلے قانون و آئین کے مطابق نمایاں اہمیت کے حامل رہے ہیں مساوات پرمبنی معاشرے کی تشکیل کے لئے اعلیٰ عدلیہ کا کردار فراموش نہیں کیا جاسکتا، میر سرفراز بگٹی

اسلام آباد (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی کی تقریب حلف برداری میں شرکت کی ایوان صدر میں منعقد ہونے والی تقریب میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور و دیگر اعلیٰ شخصیات شریک ہوئے بعد ازاں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اپنے ایک بیان میں جسٹس یحییٰ آفریدی کو چیف جسٹس........ بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ کی ٹیسٹ سیریز میں کامیابی پر پاکستانی کرکٹ ٹیم کو مبارکباد

ٹیم نے بلاشبہ اچھے کھیل کا مظاہرہ کیا اسپنرز نے عمدہ اور متاثر کن کارکردگی دکھائی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے انگلینڈ کے خلاف ٹیسٹ سیریز میں پاکستانی کرکٹ ٹیم کی کامیابی پر پوری ٹیم اور قوم کو مبارکباد دی ہے اپنے ایک بیان میں وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی........ بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

تہران، اسرائیل کے فضائی حملوں کے بعد عمارتوں میں آگ لگی ہوئی ہے

غزہ مارچ سے گرفتار، مشتاق احمد کو جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھیج دیا گیا

ہمارے ساتھ جو بھی کرنا ہے کریں مگر پاکستان کو بدنام نہ کریں، رہنما جماعت اسلامی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) انسداد دہشت گردی عدالت (اے ٹی سی) اسلام آباد نے سابق سینیٹر مشتاق احمد خان کو جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھیج دیا، غزہ مارچ پر گرفتار مظاہرین کے کیس کی سماعت اے ٹی سی........ بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر جعفر مندوخیل کی چیف جسٹس یحییٰ خان آفریدی کو مبارکباد

چیف جسٹس کی مدت ملازمت میں ملک میں مجموعی طور پر مثبت اثرات مرتب ہوں گے

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل نے معزز جسٹس یحییٰ خان آفریدی کو سپریم کورٹ آف پاکستان کے چیف جسٹس کے عہدے پر تعیناتی پر مبارکباد پیش کی ہے۔ انہوں نے........ بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

سعودی حکومت پاکستانی بھکاریوں سے پریشان ہے، طاہر اشرفی

انتہا پسندانہ رویئے سے باہر آنا ہے، سعودی عرب ایک ملک کیلئے اپنا نظام نہیں بدل سکتا

لاہور (بیورو رپورٹ) چیئرمین علما کونسل طاہر اشرفی نے کہا ہے سعودی حکومت پاکستانی بھکاریوں سے پریشان ہے، لاہور میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے طاہر اشرفی نے کہا حج اور عمرہ پر جانے والا اللہ........ بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی، وفاقی وزراء جام کمال، اعظم نذیر تارڑ چیف جسٹس کی تقریب حلف برداری میں شریک ہیں

جسٹس یحییٰ آفریدی نے چیف جسٹس آف پاکستان کے عہدے کا حلف اٹھالیا
فل کورٹ اور سپریم جوڈیشل کونسل کے اجلاس طلب

صدر آصف زرداری نے چیف جسٹس سے حلف لیا، تقریب میں وزیراعظم شہباز شریف، تینوں مسلح افواج کے سربراہ، وزرائے اعلیٰ شریک

جسٹس یحییٰ آفریدی نے اپنا چیمبر سنبھال لیا، چیف جسٹس کو گارڈ آف آنر پیش، رجسٹرار سپریم کورٹ جزیلہ سلیم نے گلدستہ پیش کیا

چیف جسٹس پاکستان یحییٰ آفریدی نے فل کورٹ اجلاس 28 اکتوبر، سپریم جوڈیشل کونسل کا اجلاس 8 نومبر کو طلب کر لیا، آئندہ ہفتے کا روسٹر جاری

اسلام آباد (آئی این پی) جسٹس یحییٰ آفریدی نے پاکستان کے 30 ویں چیف جسٹس کے عہدے کا حلف اٹھالیا۔ صدر مملکت آصف زرداری نے نئے چیف جسٹس یحییٰ آفریدی سے حلف لیا۔ ایوان صدر میں ہونے والی حلف برداری کی تقریب میں صدر مملکت آصف........ بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

ایران کیخلاف اسرائیلی جارحیت سے خطے کو خطرہ ہے
جسٹس یحییٰ آفریدی کا تجربہ عدلیہ کو انصاف کی فراہمی میں رہنمائی کریگا، وزیراعظم

حملے بین الاقوامی قانون کے اصولوں کی خلاف ورزی، پاکستان امن کے حصول کیلئے ایران اور دیگر ہمسایہ ممالک کیساتھ ملکر کام کرتا رہے گا

یقین ہے جسٹس یحییٰ آفریدی کی قیادت میں عدلیہ عوام کو عدل و انصاف کی فراہمی کیلئے دیانتداری سے کام کرتی رہے گی، شہباز شریف

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے ایران کیخلاف اسرائیلی جارحیت کے حالیہ اقدام پر........ بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد: صدر مملکت آصف علی زرداری جسٹس یحییٰ آفریدی سے چیف جسٹس آف پاکستان کے عہدے کا حلف لے رہے ہیں

اسرائیل نے جنگ چھیڑ دی بدلہ لیں گے، 4 فوجی شہید ہوئے، اسرائیلی جارحیت کا کامیابی سے دفاع کیا، حملوں کو ناکام بنانے کیلئے فضائی دفاعی نظام استعمال کیا گیا، ایران

اسرائیل کا ایرانی فوجی تنصیبات پر حملہ

100 لڑاکا طیاروں نے 20 سے زائد مقامات کو نشانہ بنایا، 4 فوجیوں کے جاں بحق ہونے کی تصدیق

حملے کے بعد کئی مقامات پر آگ بھڑک اٹھی، پاسداران انقلاب کے ہیڈ کوارٹرز کے قریب بھی دھماکے سنے گئے، تہران کے قریب کرج شہر میں 5 دھماکے سنے گئے، ایک متاثرہ عمارت سے 10 افراد کو نکال لیا گیا

اسرائیلی فوج کا میزائل، ڈرونز پروڈکشن سائٹس اور پاسداران انقلاب کے ہیڈکوارٹرز سمیت دیگر فوجی اڈوں کو نشانہ بنانے کا دعویٰ، تہران، خرستان اور ایلام صوبوں میں فوجی مراکز کو نشانہ بنایا گیا، ایران کی تصدیق

پاکستان کی شدید مذمت، اسرائیلی حملہ ایران کی خودمختاری کی خلاف ورزی ہے، سعودی عرب، اسرائیلی حملوں نے خطے کو جنگ کے دہانے پر پہنچادیا، ملائشیا، امریکا مشرق وسطیٰ میں دہشتگرد گروپ استعمال کر رہا ہے، ترک صدر

اسرائیل کو ایرانی جارحیت کے خلاف اپنے دفاع کا حق حاصل ہے، برطانوی وزیراعظم، امریکا نے ایران پر حملے کو تل ابیب کی اپنے دفاع کی مشق قرار دے دیا، کارروائی میں کوئی کردار نہیں، ترجمان امریکی قومی سلامتی کونسل

تہران، اسلام آباد (نیوز ایجنسیاں + مانیٹرنگ ڈیسک) اسرائیل نے ایران پر حملوں کا آغاز کر دیا، اسرائیل کی جانب سے ایران پر جنگی طیاروں، میزائلوں اور........ بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

شمالی وزیرستان، خودکش حملے میں 8 افراد شہید، دکی میں دھماکے سے 3 ایف سی اہلکار زخمی

خودکش حملہ آور نے عیدک میں بارود سے بھرا رکشہ پولیس، آرمی کی جوائنٹ چیک پوسٹ سے ٹکرایا، فوجی گاڑی کو بھی نشانہ بنایا گیا

جنوبی وزیرستان کے علاقے خیسور میں سابق سینیٹر مولانا صالح شاہ کے گھر کو دھماکے سے اڑا دیا گیا، پولیس نے تحقیقات کا آغاز کر دیا

میر علی، دکی (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا کے قبائلی ضلع شمالی وزیرستان میں چیک پوسٹ پر خودکش حملے میں اہلکاروں........ بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

دکی، ایف سی کی گاڑی پر آئی ڈی دھماکہ چار اہلکار زخمی

دھماکے میں کوئلے کے ٹرکوں کے کانوائے کی حفاظت پر مامور گاڑی کو نشانہ بنایا گیا

نائب صوبیدار اختر، لانس نائیک محمد اصغر، سپاہی ثاقب اور تہذیب زخمی ہونیوالوں میں شامل

دکی (آن لائن) مندے تک کے مقام پر ایف سی کی گاڑی پر دھماکے کے نتیجے میں ایف سی کے چار اہلکار زخمی ہوگئے۔ دھماکہ کوئلے کی ٹرکوں کی کانوائے کی حفاظت پر مامور ایف سی کی کیو آر ایف گاڑی پر ہوا ہے ایس ایچ او دکی ہمایوں خان ناصر کے مطابق........ بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

چیف جسٹس یحییٰ آفریدی چیئرمین سپریم جوڈیشل کونسل بن گئے

پریکٹس اینڈ پروسیجر کمیٹی کی تشکیل نو، جسٹس منصور علی شاہ اور جسٹس منیب اختر ججز کمیٹی میں شامل

اسلام آباد (م ڈ) نئے چیف جسٹس کی تقرری پر سپریم جوڈیشل کونسل کی بھی تشکیل نو کر دی گئی۔ چیف جسٹس یحییٰ آفریدی سپریم جوڈیشل کونسل کے چیئرمین........ بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

موجودہ اسمبلی جائز نہیں، ملک میں الٹی گنگا بہہ رہی ہے، نئے انتخابات کرائے جائیں، فضل الرحمن

مستقبل میں بھی حکومت کیساتھ اتحاد کا کوئی ارادہ نہیں، اپوزیشن میں ہی بیٹھیں گے، پی ٹی آئی قیادت کو ہم سے سیکھنا چاہیے

26 ویں آئینی ترمیم کے مسودے میں اصل مواد کو کسی اور ترمیم میں شامل نہیں ہونے دیں گے، پارٹی کارکنوں سے گفتگو

خوشاب (بیورو رپورٹ) جمعیت علما اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمن نے ملک میں ایک بار پھر نئے انتخابات کا مطالبہ کر دیا، خوشاب میں پارٹی کارکنوں سے میٹنگ کے دوران فضل الرحمن نے ایک بار پھر کہا موجودہ اسمبلی جائز نہیں، ملک میں الٹی گنگا بہہ رہی........ بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

عدالتوں سے توقع نہیں جو کرنا ہے خود کریں گے، شیر افضل مروت

میں ایسے احتجاج کا حصہ نہیں بنوں گا جو لولا لنگڑا ہو، رہنما پی ٹی آئی کی صحافیوں سے گفتگو

پشاور (بیورو رپورٹ) تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنما اور رکن قومی اسمبلی شیر افضل مروت نے بانی پی ٹی آئی عمران خان کی رہائی کیلئے کوششوں پر زور دیتے ہوئے........ بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

26 ویں آئینی ترمیم کیخلاف سپریم کورٹ میں ایک اور درخواست دائر

پارلیمان عدلیہ کی آزادی کیخلاف ترمیم نہیں کرسکتی، عدالت عظمیٰ کالعدم قرار دے، استدعا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) 26 ویں آئینی ترمیم کیخلاف سپریم کورٹ میں ایک اور درخواست دائر کر دی گئی، سپریم کورٹ میں 26 ویں آئینی ترمیم کیخلاف نئی........ بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی آئی رہنما زین قریشی ڈپٹی پارلیمانی لیڈر کے عہدے سے مستعفی

پارٹی، اپنے لیڈر بانی پی ٹی آئی اور اپنے والد کا وفادار تھا، ہوں اور رہوں گا، استعفے کا متن

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پی ٹی آئی رہنما اور رکن قومی اسمبلی زین قریشی ڈپٹی پارلیمانی لیڈر کے عہدے سے مستعفی ہوگئے زین قریشی نے شوکاز نوٹس ملنے پر........ بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر جعفر خان مندوخیل، ڈاکٹر کلیم اللہ ہیلتھ فاؤنڈیشن ہسپتال میں این آئی سی یو کا معائنہ کر رہے ہیں

پنڈی ٹیسٹ میں انگلینڈ کو 9 وکٹوں سے شکست، پاکستان نے سیریز جیت لی

پاکستانی اسپنرز کی شاندار بولنگ کی بدولت انگلینڈ کی ٹیم دوسری اننگز میں 112 رنز پر آؤٹ ہوگئی

پاکستان کو جیت کے لیے 36 رنز کا ہدف ملا جو پاکستان نے ایک وکٹ کے نقصان پر پورا کر لیا

راولپنڈی (م ڈ) پنڈی ٹیسٹ میں پاکستانی اسپنرز کی شاندار بولنگ........ بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

27 اکتوبر کو یوم سیاہ کے طور پر منایا جائیگا' گورنر' وزیراعلیٰ

پاکستان نے مسلسل بین الاقوامی فورمز پر مسئلہ کشمیر کو اجاگر کیا' شیخ جعفر خان مندوخیل

آج کشمیری عوام پر ڈھائے جانے والے مظالم کو بے نقاب کرنے کا دن ہے' سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ 27 اکتوبر کے دن کو کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کیلئے یوم سیاہ کے طور پر یہ دن کشمیر پر بھارتی قبضے کے خلاف اور حق خودارادیت کشمیر کیلئے جاری جدوجہد کی یاد دہانی کے طور پر منایا........ بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

قیدی وین حملہ کیس، 86 ملزم جسمانی ریمانڈ پر پولیس کے حوالے

2 پی ٹی آئی ایم پی ایز کے پی پولیس 34 اور ریسکیو 1122 کے 42 اہلکار بھی شامل

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) انسداد دہشت گردی عدالت نے اسلام آباد سنگجانی میں پولیس قیدی وین پر حملہ میں 86 ملزموں کا 2 روزہ جسمانی ریمانڈ منظور کر لیا، ملزموں........ بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان نے غزہ و لبنان کیلئے 13 ویں امدادی کھیپ روانہ کر دی

100 ٹن امدادی سامان فیملی ٹینٹ اور گرم کمبلوں پر مشتمل ہے، ترجمان این ڈی ایم اے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان سے غزہ و لبنان کیلئے 13 ویں امدادی کھیپ روانہ کر دی۔ ترجمان کے مطابق تقریب میں فلسطینی سفیر، بیرسٹر عقیل ملک،........ بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

برطانیہ میں پاکستانی ملازمین کی شدید ضرورت، ویزوں کا اعلان

ہارٹی کلچر اور پولٹری سیکٹر کیلئے مجموعی طور پر 45 ہزار ویزے جاری کیے جائیں گے

لندن (بیورو رپورٹ) برطانوی حکومت نے غیر ملکی سیزنل ورکرز کیلئے 43 ہزار ویزے جاری کرنے کا اعلان کر دیا، تمام ویزے ہارٹی کلچر سیکٹر کیلئے ہوں گے، نئے سال میں........ بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

عمران خان کو جیل میں سہولتوں کی عدم فراہمی کیخلاف عدالت سے رجوع

بنیادی انسانی سہولتوں سے محروم کرنا جیل مینوئل کی خلاف ورزی ہے، درخواست میں موقف

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر خان کی ہدایت پر فیصل چوہدری نے عمران خان کو جیل میں سہولتوں کی عدم فراہمی کے خلاف اسلام آباد........ بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

توشہ خانہ ٹو کیس، عمران، بشریٰ کیخلاف فرد جرم کی کارروائی ایک بار پھر موخر

سماعت بغیر کسی کارروائی کے ملتوی، دونوں پر اب 29 اکتوبر کو فرد جرم عائد کی جائیگی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) توشہ خانہ ٹو کیس میں سابق وزیراعظم اور تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے بانی چیئرمین عمران خان، اہلیہ بشریٰ کیخلاف فرد جرم کی کارروائی........ بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ کی ہدایات پر 65 غیر حاضر اساتذہ ملازمت سے برطرف

عرصہ دراز سے ڈیوٹی پر نہ آنے والے اساتذہ گھر بیٹھے تنخواہیں وصول کر رہے تھے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایات پر محکمہ تعلیم میں اصلاحات کا تسلسل جاری ہے ضلع پشین میں 65 عادی غیر حاضر اساتذہ کو ملازمت سے بر........ بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

بنوں، پولیس موبائل پر فائرنگ، جوابی کارروائی میں 2 حملہ آور ہلاک

علاقے میں سرچ آپریشن شروع، حملہ آوروں کی تلاش کیلئے مزید نفری بھی طلب

بنوں (بیورو رپورٹ) بنوں میں دوران گشت پولیس موبائل پر نامعلوم حملہ آوروں نے فائرنگ کر دی، پولیس کی جوابی فائرنگ سے 2 حملہ آور ہلاک ہو گئے........ بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان یونیورسٹی کا وزٹ کر رہے ہیں

بلوچستان میں 80 فیصد لوگوں کا روزگار ایران بارڈر سے وابستہ ہے، جنیدر ریگی

بارڈر تجارت پر پابندی سے لوگ شدید مشکلات کے شکار ہو کر رہ گئے ہیں، پریس کانفرنس

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی نیشنل پارٹی کے رہنما جنید ریگی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں 80 فیصد لوگوں کا روزگار ایران بارڈر سے وابستہ ہے وہ خود بھی ایران سے تجارت کرتے رہے ہیں، بارڈر تجارت پر پابندی سے لوگ شدید مشکلات کے شکار ہو کر رہ گئے ہیں، ہم نے کئی مرتبہ اس مسئلے پر آواز اٹھائی ہے، ہمارے لوگ شدید مشکلات کے شکار

کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
ABC CERTIFIED

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 53 | اتوار 23 ربیع الثانی 1446ھ 27 اکتوبر 2024ء صفحات 24 | شمارہ 119

رجسٹرڈ BC-m-13 | Email: mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345, 081-2827344 | قیمت 35 روپے

سندھ ہائیکورٹ نے ایم ڈی کیٹ 4 ہفتوں میں دوبارہ لینے کا حکم دیدیا

کراچی (بیورو رپورٹ) سندھ ہائی کورٹ نے ایم ڈی کیٹ 4 ہفتوں میں دوبارہ لینے کا حکم دے دیا، ایم ڈی کیٹ میں مبینہ بے ضابطگیوں کے کیس میں عدالت نے مختصر فیصلہ سنایا، جسٹس صلاح الدین پنہور نے پی ایم ڈی سی کے وکیل سے کہا جہاں طاقت ور لوگ ہیں وہاں آپ کے ہاتھ بندھے ہوئے ہیں، فوری ایم ڈی کیٹ کے نتائج کا اعلان کریں، کیا 8 ہزار روپے فی امیدوار لیے گئے؟ یہ غریب کیلئے زیادہ ہے، بظاہر امتحان کمپرومائزڈ ہوا، پی ایم ڈی سی کے وکیل نے کہا عدالت جو فیصلہ کرے گی عمل کریں گے

کوئٹہ پرائیویٹ سیکٹر کو 90 کروڑ میں کچرہ اٹھانے کا ٹاسک دیدیا، حمزہ شفقات

شہر میں یومیہ 1600 ٹن پیدا ہونے والے کچرے میں سے صرف 400 ٹن کچرہ اٹھایا جاتا ہے شہر میں 30 لاکھ ٹن پڑا ہوا ہے وسائل کی کمی کی وجہ سے اس کو ٹھکانے لگانے میں دشواری کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، کمشنر کوئٹہ

پرائیویٹ سیکٹر کو کچرہ اٹھانے کا ٹاسک دینے پر مافیا روزانہ دھمکیاں دے رہی ہے شہر میں ٹریفک کا مسئلہ تعلیمی اداروں کو شہر سے باہر منتقل کرنے کیلئے پلان بنایا جائے، ایوان صنعت وتجارت کے دورہ کے موقع پر بات چیت

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کمشنر کوئٹہ ڈویژن وایڈمنسٹریٹر کوئٹہ حمزہ شفقات نے کہا ہے کہ شہر میں یومیہ 1600 ٹن پیدا ہونے والے کچرے میں سے صرف 400 ٹن کچرہ اٹھایا جاتا ہے اس وقت بھی شہر میں 30 لاکھ ٹن پڑا ہوا ہے وسائل کی کمی کی وجہ سے اس کو ٹھکانے لگانے میں دشواری کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے پرائیویٹ سیکٹر کو 90 کروڑ میں کچرہ اٹھانے کا ٹاسک دیا گیا ہے شہر میں ٹریفک کے بڑھتے ہوئے مسائل میں تعلیمی اداروں کا بھی عمل دخل ہے مسائل کے حل کیلئے تاجر برادری کے ساتھ ملکر ایک ہفتے میں حل کریں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتہ کو ایوان صنعت وتجارت کوئٹہ کے دورہ کے موقع پر عہدیداروں اور تاجر برادری سے ملاقات کے دوران کیا۔ اس موقع پر سینئر نائب صدر چیمبر آف کامرس حاجی اختر کاکڑ سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ تاجروں نے کمشنر کوئٹہ ڈویژن و ایڈمنسٹریٹر کوئٹہ حمزہ شفقات کو اپنے مسائل سے آگاہ کرتے ہوئے سفارشات پیش کیں۔ حاجی اختر کاکڑ نے کہا کہ کوئٹہ زلزلہ زون پر واقع ہے بلڈنگ کوڈ پر عمل درآمد کیا جائے تاکہ کسی بھی ناگہانی صورتحال سے بچا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ سلاٹر ہاؤس کوئٹہ میں موجود ہے لیکن غیر فعال ہے بر گھٹے میں مافیا موجود ہے بلوچستان میں ایکسپو سینٹر منظور ہونے کے باوجود تا حال غیر فعال ہے۔ شہریوں کی فلاح وبہبود سے متعلق اقدامات کے حوالے سے کمشنر و ایڈمنسٹریٹر کوئٹہ کو مکمل سپورٹ کریں گے۔ نالیوں میں کچرے کی وجہ سے سیوریج کا پانی سڑکوں پر بہتا ہے جس سے شہریوں کو آنے جانے میں دشواری کا سامنا کرنا پڑتا ہے شہر میں ٹریفک مسئلہ گھمبیر صورتحال اختیار کرچکا ہے۔

مسافروں کو چھتوں پر بٹھانے والی ٹرانسپورٹ کیخلاف کارروائی 31 گاڑیوں کا چالان

گاڑیوں کے تمام کاغذات، پرمٹ، لائسنس اور فٹنس سرٹیفکیٹ ہمراہ رکھیں اور دوران چیکنگ حکام کو پیش کریں

40 گاڑیوں کے ڈرائیورز بغیر لائسنس اور 62 گاڑیوں کے پاس فٹنس سرٹیفکیٹ موجود نہیں تھا، منظور احمد

کوئٹہ (خ ن) ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی کوئٹہ کا چھتوں پر مسافروں کو بیٹھنے والی ویگنوں اور بسوں کے خلاف آپریشن، خلاف ورزی پر 31 گاڑیوں کا چالان جبکہ 9 گاڑیوں کی چھتوں سے مسافروں کو اتار دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق پی ایم یو اور سوشل میڈیا پر عوامی شکایات کا نوٹس لیتے ہوئے سیکرٹری ٹرانسپورٹ بلوچستان اور کمشنر/چیئرمین آر ٹی اے کوئٹہ کی ہدایت پر سیکرٹری آر ٹی اے کوئٹہ منظور احمد نے اپنی ٹیم کے ہمراہ ٹریفک اور ضلعی پولیس کے تعاون سے قومی شاہراہ پر مسافر گاڑیوں کے خلاف آپریشن کیا۔ اس موقع پر بی-ڈیرہ مراد جمالی - ڈیرہ اللہ یار، سبی، ڈھاڈر، جیکب آباد اور دیگر علاقوں کو جانے والی مسافر گاڑیوں کا معائنہ کیا گیا جس پر ویگنوں کی چھتوں پر مسافروں کو لے جانے والوں کے خلاف کارروائی کی گئی کیونکہ اکثر اوقات مسافروں کو چھتوں پر سوار کرنے سے حادثات رونما ہوتے ہیں۔ لہذا اس حوالے سے 62 مسافر گاڑیاں کا معائنہ کیا گیا جس میں سے 62 گاڑیوں کے پاس روٹ پرمٹ عدم موجودگی، جبکہ 09 ویگنوں کی چھتوں سے مسافروں کو اتارا گیا اس کے علاوہ 40 گاڑیاں کے ڈرائیورز بغیر لائسنس اور 62 گاڑیوں کے پاس فٹنس سرٹیفکیٹ موجود نہیں تھا۔ جس پر 31 گاڑیوں کو موقع پر 670000 روپے کا چالان/جرمانے عائد کی گئیں، کارروائی کے دوران متعدد ڈرائیوروں کو وارننگ جاری کی گئی کہ وہ دوران سفر مسافروں کو چھتوں پر بیٹھنے سے گریز کریں اور اپنی گاڑیوں کے تمام کاغذات، پرمٹ، لائسنس اور فٹنس سرٹیفکیٹ ہمراہ رکھیں اور دوران چیکنگ حکام پر پیش کریں بصورت دیگر عدم تعمیل کی صورت میں خلاف ورزی کرنے والوں کو گرفتار بھی کیا جاسکتا ہے۔

امریکی اراکین کانگریس کے عمران خان کی رہائی کیلئے لکھے گئے خط کا ڈراپ سین

خط لکھنے والے 62 کانگریس اراکین میں سے 9 کٹر یہودی نسل پرست، 29 کا اسرائیل کے کھلم کھلا حمایتیوں میں شمار

13 ممبران مختلف مواقع پر بھارت کی جانب کھلی ہمدردیوں کا اظہار کر چکے، 21 کٹر پاکستان مخالف ہیں، ہوشربا تفصیلات

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) امریکی اراکین کانگریس کے بانی تحریک انصاف عمران خان کی رہائی کیلئے لکھے گئے خط کا ڈراپ سین ہوگیا، کچھ دنوں سے تحریک انصاف اعلانات کر رہی تھی امریکہ میں 60 کانگریس اراکین نے عمران خان کے حق میں اپنی حکومت کو خط لکھا اور عمران خان کی رہائی سمیت پاکستانی فوج پر پابندیاں لگانے کا مطالبہ کیا گیا، خط لکھنے والے امریکی کانگریس کے ارکان کا جائزہ لیا گیا تو ہوشربا تفصیلات سامنے آئیں کہ خط لکھنے والے 62 کانگریس اراکین میں سے 9 کٹر یہودی نسل پرست ہیں اور 29 اسرائیل کے کھلم کھلا حمایتیوں میں شمار ہوتے ہیں، اراکین میں سے 13 ممبران مختلف مواقع پر بھارت کی جانب اپنی کھلی ہمدردیوں کا اظہار کرچکے اور 21 کٹر پاکستان مخالف ہیں، 2 نے اپنی تقریروں میں کشمیر کو بھارت کا حصہ قرار دیا، دلچسپ بات یہ ہے مجموعی طور پر 60 میں سے 50 ارکان ہم جنس پرستی، یعنی LGBTQ کے حامی ہیں، انتہائی تشویشناک صورتحال ہے جب پاکستان مخالف قوتیں پاکستان میں اپنے کسی اثاثے کو بچانے کیلئے یوں کھلم کھلا مداخلت کررہی ہیں۔

علیمہ خان کی رہائی حق وانصاف کی جیت ہے، سید صادق آغا

محترمہ علیمہ خان نے ثابت قدم رہ کر ثابت کردیا کہ وہ شیر کی بہن اور انتہائی دلیر خاتون ہیں

عمران خان کے پابند سلاسل ہونے کے بعد سے علیمہ خان ہی لاکھوں عوام اور کارکنوں کی قیادت کر رہی ہیں

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے سابق صوبائی سینئر نائب صدر اور معروف قبائلی شخصیت سید صادق آغا نے علیمہ خان کی رہائی کو حق وانصاف کی جیت قرار دیتے ہوئے قائد پاکستان عمران خان کی ہمشیرہ کو ثابت قدم رہنے پر خراج تحسین پیش کیا ہے۔ اور کہا ہے۔ کہ محترمہ علیمہ خان نے ثابت کردیا۔ کہ وہ شیر کی بہن اور دلیر خاتون ہیں۔ انہوں نے کہا۔ کہ شہنشاہ عوام عمران خان کی جیل میں پابند سلاسل ہونے کے بعد سے حقیقی معنوں میں علیمہ خان ہی پارٹی اور عوام کی قیادت کرری ہیں۔ کیونکہ علیمہ خان کو قائد پاکستان عمران خان کا بھرپور اعتماد حاصل ہے۔ اور ان کی کال پر پورے پاکستان سے لاکھوں لوگ سڑکوں پر نکل آتے ہیں۔ یہی وجہ ہے۔ کہ جعلی حکمران ان کو مختلف طریقوں سے پریشر کر رہے ہیں۔ کبھی ان پر جھوٹے الزامات کے تحت مقدمہ درج کیا جاتا ہے۔ تو کبھی انہیں سلاخوں کے پیچھے ڈال دیا جاتا ہے۔ لیکن بدترین ظلم وستم، بے بنیاد مقدمات اور بار بار گرفتاریوں کے باوجود بھی علیمہ خان ثابت قدم رہیں۔

تربت، کمشنر مکران ڈویژن داؤد خان خلجی مکران میڈیکل کالج تربت کا دورہ کر رہے ہیں

ماحولیاتی و قدرتی آفات سے تحفظ، ایشیائی ترقیاتی بینک پاکستان کو 50 کروڑ ڈالر قرض دیگا

رقم تحفظ پروگرام پر خرچ کی جائے گی، وزیرخزانہ نے پالیسی بیسڈ لون کی منظوری کیلئے اے ڈی بی کی حمایت پر شکریہ ادا کیا، اسلام آباد میں اے ڈی بی کے نئے دفتر کے آغاز کا خیرمقدم

اورنگزیب کی ایشیائی ترقیاتی بینک کے صدر سے ملاقات، پاکستان کے ترقیاتی ایجنڈے کی حمایت میں اے ڈی بی کی شراکت کو سراہا، ملکی مصنوعات میں اضافے اور علاقائی تعاون کی ضرورت پر اتفاق

واشنگٹن (بیورو رپورٹ) ایشیائی ترقیاتی بینک پاکستان کو 50 کروڑ ڈالر قرض فراہم کرے گا، وزیرخزانہ اورنگزیب کی ایشیائی ترقیاتی بینک کے صدر سے ملاقات ہوئی، وزیرخزانہ نے پاکستان کے ترقیاتی ایجنڈے کی حمایت میں اے ڈی بی کی شراکت کو سراہا، وزارت خزانہ کے مطابق ایشیائی ترقیاتی بینک پاکستان کو 50 کروڑ ڈالر قرض دے گا، رقم ماحولیاتی اور قدرتی آفات سے تحفظ کے پروگرام پر خرچ کی جائے گی، وزارت خزانہ نے کہا وزیرخزانہ نے پالیسی بیسڈ لون کی منظوری کیلئے اے ڈی بی کی حمایت پر شکریہ ادا کیا اور اے ڈی بی کی کنٹری پارٹنر شپ فریم ورک کی جلد تکمیل کی امید ظاہر کی، وزارت خزانہ کے مطابق وزیرخزانہ نے اسلام آباد میں اے ڈی بی کے نئے دفتر کے آغاز کا خیرمقدم کیا

منصوبوں میں کسی بھی قسم کی تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی، شفقت انور شاہوانی

گوادر اولڈ ٹاؤن بحالی منصوبے کے تحت جاری مختلف ترقیاتی کاموں کا دورہ

گوادر (خ ن) ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی کا اولڈ ٹاؤن بحالی منصوبے کے تحت جاری ترقیاتی منصوبوں کا دورہ، بروقت تکمیل اور معیار کو یقینی بنانے کی ہدایت کردی تفصیلات کے مطابق ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی شفقت انور شاہوانی نے ہفتے کے روز جی ڈی اے کے اولڈ ٹاؤن بحالی منصوبے کے تحت جاری مختلف ترقیاتی کاموں کا دورہ کیا اور تعمیراتی سرگرمیوں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ ڈائریکٹر جنرل نے ملا فاضل چوک، گلگ، شاہین چوک، اور قدیم ثقافتی ورثہ کی سائٹس، ٹیلیگراف آفس، چارپادگو، اور عمانی فورٹ کا دورہ کیا۔ انہوں نے زیر تعمیر منصوبوں کا بار کی سے معائنہ کرتے ہوئے کہا کہ منصوبوں میں کسی بھی قسم کی تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی۔ افسران اور کنٹریکٹرز کو ہدایت کی کہ کام کی معیار اور بروقت تکمیل کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ ملا فاضل چوک پر سیوریج لائن کا دیرینہ مسئلہ اس منصوبے کی تکمیل سے مستقل طور پر حل ہو جائے گا۔ ڈائریکٹر جنرل نے انجمن تاجران کے نمائندوں اور مقامی مکینوں سے ملاقاتیں بھی کیں، ان کے مسائل سنے، اور ترقیاتی منصوبوں پر ان سے تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے کہا کہ عوامی شمولیت اور ان کے مسائل کا حل ترقیاتی منصوبوں کی کامیابی کے لیے بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ اس موقع پر جی ڈی اے کے افسران بھی ڈائریکٹر جنرل کے ہمراہ موجود تھے۔

سیکریٹری ہیلتھ، ڈی جی اور منسٹر ہیلتھ کا اسپتالوں کا دورہ خوش آئند ہے

فارماسسٹ کمیونٹی کے خلاف اقدامات سمجھ سے بالاتر ہیں، ینگ فارماسسٹ الائنس

کوئٹہ (یو این اے) ینگ فارماسسٹ الائنس کے ترجمان نے ڈی جی ہیلتھ کی فارماسسٹ مخالف پالیسیوں پر شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ فارماسسٹ کمیونٹی کے خلاف حالیہ کارروائیاں ناقابل برداشت اور امتیازی سلوک کی عکاس ہیں۔ ترجمان کے مطابق، ہیلتھ منسٹر، سیکریٹری ہیلتھ اور ڈی جی ہیلتھ نے قلات کے پرنس عبد الکریم اسپتال کا اچانک دورہ کیا اور اس موقع پر عملے کی غیر حاضری کے باوجود صرف فارماسسٹ کو نشانہ بنانا افسوسناک اور قابل مذمت ہے۔ ترجمان نے نشاندہی کی کہ اسی دورے میں مختلف ڈاکٹرز بھی غیر حاضر تھے، مگر ان کے خلاف کوئی کارروائی نہیں کی گئی۔ اگر تمام غیر حاضر عملے کے خلاف یکساں کارروائی ہوتی تو بات سمجھ میں آتی، لیکن صرف فارماسسٹ کو ہدف بنانا ڈی جی ہیلتھ کی فارماسسٹ دشمنی کو ظاہر کرتا ہے۔ مزید برآں، یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ ڈی جی ہیلتھ ڈاکٹر وقار شاہوانی ہیں، ڈاکٹر وقار کاکڑ نہیں، اور سیکریٹری ہیلتھ بھی دورہ میں موجود تھے تو ان کو یاددہانی لیٹر جاری کرنا اس بات کا ثبوت ہے کہ ایک مخصوص کمیونٹی کو نشانہ بنایا جارہا ہے۔ ینگ فارماسسٹ الائنس اس یکطرفہ اور غیر منصفانہ کارروائی کی شدید مذمت کرتا ہے اور وزیر اعلیٰ بلوچستان جناب سرفراز بگٹی صاحب سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ اس واقعے کا فوری نوٹس لیں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ کارروائی تمام عملے کے خلاف یکساں طور پر کی جائے، نہ کہ صرف ایک مخصوص کمیونٹی کو نشانہ بنایا جائے۔

او آئی سی فلسطین کے مجاہدین کی کھل کے حمایت کا اعلان کرے، ذوالفقار طارق

یہود و نصاریٰ ایک سازش کے تحت پوری دنیا کو جنگ کی طرف دھکیلنا چاہتے ہیں

کوئٹہ (اے این این) اہلسنت وجماعت کے رہنما ذوالفقار علی طارق قادری ڈاکٹر عزل حسین قادری ڈاکٹر میر شبیر احمد کھوسہ نے آستانہ عالیہ فیضان اولیاء وفد سے میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ فلسطینوں کے حمایت میں تمام مسلم حکمران عملی اقدامات اٹھائیں او آئی سی فلسطین کے مجاہدین کی کھل کے حمایت کا اعلان کرے اگر مگر اور دوسرے ذریعوں کو چھوڑ کے ڈائریکٹ اسرائیل کو تنبیہ کریں کہ اب بہت ہو چکا فلسطین کے عوامی آبادی پر بمباری کو روکا جائے جان بوجھ کر اسرائیل عوامی اور شہری آبادی کو نشانہ بنا رہا ہے وحشیانہ بمباری اقوامی متحدہ اور انسانی علمداریوں کی پشت پناہی کے سبب ہو رہا ہے یہود و نصاریٰ مل کر مسلمان کو سازش کے تحت جنگ کی طرف دھکیلنے کی کوشش کی جا رہی ہے اور مسلمانوں کو دہشت گرد قرار دلوانے کے لیے منصوبہ بندی کی جا رہی ہے تمام کفر ممالک نے اسرائیل کا حمایت کا اعلان کیا تو اب مسلمانوں کو بھی چاہیے کہ وہ فلسطین کی مجاہدین کے حمایت کا اعلان فلفور کریں

قاضی فائز عیسیٰ برطانوی درسگاہ مڈل ٹیمپل میں بطور بینچر منتخب ہونیوالے پہلے پاکستانی

سپریم کورٹ کے سابق چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کے اعزاز میں تقریب کی تاریخ 29 اکتوبر مقرر، شرکت کیلئے برطانیہ چلے گئے

مڈل ٹیمپل لندن کی 4 تاریخی و معتبر قانونی اداروں میں سے ایک، سابق چیف جسٹس کے والد بھی مڈل ٹیمپل کے گریجویٹ تھے، رپورٹ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سابق چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ برطانیہ کی قدیم ترین قانونی درسگاہ مڈل ٹیمپل میں اعزاز منعقدہ تقریب میں شرکت کیلئے بیرون ملک چلے گئے، قاضی فائز عیسیٰ کو اعزاز حاصل ہے وہ پاکستان کی پہلی شخصیت ہیں جنہیں مڈل ٹیمپل میں بطور بینچر منتخب کیا گیا، سابق چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کو رواں سال مئی میں تقریب میں شرکت کی دعوت دی گئی تھی، قاضی فائز عیسیٰ نے اسی عظیم قانونی درسگاہ سے قانون کی تعلیم حاصل کی تھی، والد قاضی عیسیٰ بھی مڈل ٹیمپل کے گریجویٹ تھے، قاضی فائز عیسیٰ نے مڈل ٹیمپل کی انتظامیہ کو لکھا تھا 25 اکتوبر کو اپنی ریٹائرمنٹ کے بعد ہی شرکت کرسکتے ہیں جس پر اعزاز میں تقریب کی تاریخ 29 اکتوبر مقرر کی گئی، مڈل ٹیمپل (Middle Temple) لندن کی 4 تاریخی اور معتبر قانونی اداروں میں سے ایک ہے جنہیں of Inns Court کہا جاتا ہے، اداروں میں قانون کے طلبہ کو تربیت دی جاتی ہے اور وکالت میں داخلے کیلئے لائسنس دیا جاتا ہے۔

خضدار، ڈپٹی کمشنر خضدار یاسر اقبال دشتی بچے کو پولیو کے قطرے پلا کر پانچ روزہ پولیو مہم کا افتتاح کر رہے ہیں

محکمہ تعلیم کو تباہی کے دہانے پر پہنچا دیا گیا ہے، حاجی ولی محمد نورزئی

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان مسلم لیگ (ن) رکن اسمبلی و پارلیمانی سیکرٹری برائے سماجی بہبود حاجی ولی محمد نورزئی نے کہا ہے کہ محکمہ تعلیم کو تباہی کے دہانے پر پہنچا دیا گیا ہے وزارت تعلیم بلوچستان کی ترقی میں اہم کردار ادا کرتا ہے لیکن صوبائی وزیر موصوف تعلیم کو فروغ دینے کی بجائے اس کی تباہی کی موجب بن رہی ہے بدقسمتی سے میرے حلقے میں 5 سکولز بند ہے جو صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں واقع ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے جاری کردہ بیان میں کیا۔ حاجی ولی محمد نورزئی نے کہا کہ بلوچستان تعلیمی حوالے سے دیگر صوبوں سے پسماندہ ہے تعلیمی سہولیات نہ ہونے اور سکولوں کی بندش سے مسائل مزید بڑھ گئے بدقسمتی سے صوبے کی تعلیم کا محکمہ جس کے پاس ہے وہ تعلیم کی بہتری کی بجائے اس کی تباہی کا موجب بن رہی ہے انہوں نے کہا کہ محکمہ تعلیم جو وزیر اعلیٰ بلوچستان کا وژن ہے لیکن صوبائی وزیر تعلیم محکمے کی تباہی کا موجب بن رہی ہے، انہوں نے کہا کہ بدقسمتی سے میرا حلقہ انتخاب جو صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں واقع ہے میں 5 سکولز بند ہے اور ان کو کھولنے کیلئے کوئی خاطر خواہ اقدامات نہیں اٹھائے جارہے، سکولز کیلئے اساتذہ و جگہ کیلئے بار ہا لکھا گیا لیکن کوئی شنوائی نہیں ہورہی۔ اساتذہ کے مسائل ہوں یا سکولوں میں سہولیات طلبا وطالبات سہولیات کیلئے پریشان ہیں سرکاری سکولوں سے زیادہ پرائیویٹ سکولوں پر عوام کا اعتماد بڑھ رہا ہے اربوں روپے بجٹ کے باوجود محکمہ تعلیم تباہی کے دہانے پر پہنچ چکی ہے

اسلام کی فتوحات کے ساتھ ساتھ فن خطاطی نے بھی ترقی کی منازل طے کیں

بلوچستان کیلیگرافرز ایسوسی ایشن آف بلوچستان کے زیر اہتمام سالانہ دوروزہ صوبائی خطاطی نمائش

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان کیلیگرافرز ایسوسی ایشن آف بلوچستان کے زیر اہتمام سالانہ دوروزہ صوبائی خطاطی نمائش 2024 بعنوان خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم انتہائی تزک واحتشام کے ساتھ کیلیگرافرز ایسوسی ایشن کے مرکزی گیلری سیٹلائٹ ٹاؤن میں منعقد ہوئی جس کی افتتاحی تقریب اور اختتامی تقریب میں سیکرٹری کلچر ڈوروزم نور محمد جوگیزئی ڈپٹی ڈائریکٹر داؤ ترین، ڈائریکٹر کلچر روماں و مراد کھوسو نے شرکت کی۔ نمائش میں بلوچستان کے نامور خطاط حضرات نے شرکت کی اور دیدہ زیب اور دلکش فن پارے آویزاں کرکے بھرپور داد وصول کی۔ اس موقع پر کیلیگرافرز ایسوسی ایشن کے صدر حافظ اعظم حافظ محمد صادق صوبائی سیکرٹری جنرل محمد رفیق محمد حسنی نے فن پاروں اور کتبوں کے متعلق مہمانوں کو بریفنگ دی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے شرکاء نے کہا فن خطاطی پاکستان کی اسلامی ثقافت کا اہم حصہ ہے، سرکاری سطح پر فن خطاطی کو زندہ رکھا جائے، سکولز کالجز اور مدارس میں فن خطاطی کو تعلیمی نصاب میں شامل کیا جائے۔ انہوں نے کہا بلوچستان میں خطاطی کے فروغ میں اساتذہ نیاپتی مدد آپ کے تحت بہت محنت کی ہے کیوں کہ ایک اچھے خطاط کے لیے قوت مشاہدہ از حد ضروری ہے، اسی قوت مشاہدہ سے حروف کے قالب کو اپنے دماغ میں اتار کر ویسا ہی بنانے کی کوشش کرتا ہے جیسا کہ ان حروف کا نقشہ اس کے دماغ میں ہے۔ اسلام سے قبل بھی مختلف ملکوں اور شہروں میں خطاطی سکھانے کے مراکز قائم تھے مگر اسلام کے بعد خطاطی کی تعلیم کے لیے مدرسوں، خانقاہوں میں اس کے سکھانے کا رواج ہوا۔ عربوں میں سب سے پہلے جس شخص نے اس فن کو پیشے کے طور پر اپنایا وہ وادی القریٰ کا باشندہ تھا جس نے علاقے میں لوگوں کو قرات اور کتابت کی تعلیم دینی شروع کی۔ اسلام کی فتوحات کے ساتھ ساتھ فن خطاطی نے بھی ترقی کی منازل طے کیں مگر بدقسمتی سے اب یہ عظیم اسلامی فن اسلامی ممالک خصوصاً پاکستان میں روبہ زوال ہے۔ نمائش کے شرکا کو انعامات اور اعزازات سے نوازا گیا۔ فن خطاطی پاکستان کی اسلامی ثقافت کا اہم حصہ ہے، سرکاری سطح پر فن خطاطی کو زندہ رکھا جائے، سکولز کالجز اور مدارس میں فن خطاطی کو تعلیمی نصاب میں شامل کیا جائے۔

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)

مشرق

ایگزیکٹو ایڈیٹر، پرنٹرو پبلشر سید کامران ممتاز نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن ہالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایڈیٹر سید ممتاز احمدؒ
ٹیلی فون نمبر:۔2821626-2821538-2829164 فیکس نمبر:۔2835934-2830228
ای میل mashriqqta2008@gmail.com

اتوار 27 اکتوبر 2024ء

اسرائیلی جارحیت کا نیا سلسلہ: کشیدہ حالات تحمل کے متقاضی!!

اسرائیل کی جانب سے گزشتہ روز ایران پر حملوں کا آغاز کیا گیا ہے جس پر پاکستان اور سعودی عرب سمیت پوری دنیا سے تشویش و پریشانی کا اظہار کیا جا رہا ہے اور جہاں ایک طرف فریقین کو تحمل سے کشیدگی کے خاتمے کے لئے اقدامات اٹھانے کی ضرورت پر زور دیا جا رہا ہے وہاں اس بات کی ضرورت بھی ہر گزرتے دن کے ساتھ بڑھتی چلی جا رہی ہے اسرائیلی جارحیت کے دراز ہوتے سلسلے کو روکنے کے لئے عالمی برادری بالخصوص اقوام متحدہ اپنا کردار ادا کرے۔ صیہونی ریاست کی جانب سے گزشتہ روز رات گئے ایران میں فوجی اڈوں پر متعدد حملے کئے گئے ایلام، خوزستان، تہران میں کئی گھنٹوں کے دوران تقریباً 20 مقامات کو نشانہ بنایا گیا جس کی تصدیق کرتے ہوئے ایران نے بتایا ہے کہ ان حملوں میں فوجی اڈوں کو نشانہ بنایا گیا اسرائیلی فوج نے میزائل، ڈرونز پروڈکشن سائٹس اور پاسداران انقلاب کے ہیڈکوارٹرز سمیت دیگر فوجی اڈوں کو نشانہ بنانے کا دعویٰ کیا ہے، ایران، عراق اور اسرائیل نے اپنی فضائی حدود بند کر دی ہیں جبکہ تمام پروازیں معطل ہیں۔ اسرائیلی فوج کے ترجمان نے حملے کی تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ دفاعی نظام متحرک ہے کسی بھی حملے سے نمٹنے کے لئے تیار ہیں، حملے اسرائیل پر بیلسٹک میزائل حملوں کا جواب ہے، ایران میں فوجی تنصیبات کو نشانہ بنایا۔ دوسری جانب ایرانی حکام نے ایک بیان میں کہا ہے کہ اسرائیلی جارحیت کا کامیابی سے دفاع کیا، حملوں کو ناکام بنانے کے لئے فضائی دفاعی نظام استعمال کیا گیا۔ ایرانی حکام نے مزید کہا کہ تہران، خزستان اور ایلام صوبوں میں فوجی مراکز کو نشانہ بنایا گیا، کچھ مقامات پر معمولی نقصان پہنچا، کسی بھی جارحیت کا جواب دینے کا حق محفوظ رکھتے ہیں۔ ایرانی سپریم لیڈر آیت اللہ خامنہ ای نے فوج کو اسرائیل کے ساتھ ممکنہ جنگ کے لئے تیار رہنے کا حکم دیا ہے اسرائیلی حملوں کی پوری دنیا سے مذمت سامنے آئی ہے سعودی عرب نے اس نے حملے کی مذمت کرتے ہوئے اسے ایران کی خودمختاری اور بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی قرار دیتے ہوئے تمام فریقین پر زور دیا کہ وہ تحمل کا مظاہرہ کریں اور کشیدگی میں کمی لائیں سعودی وزارت خارجہ کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ سعودی عرب خطے میں جاری کشیدگی اور تنازع میں اضافے کو مسترد کر دیا، جس سے خطے کے ممالک اور عوام کی سلامتی اور استحکام کو خطرہ لاحق ہے۔ عراقی حکومت کے ترجمان نے ایک بیان میں اسرائیلی اقدامات پر بین الاقوامی برادری کی خاموشی کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ صیہونی ریاست اپنی جارحانہ پالیسیوں کو جاری رکھے ہوئے ہے اور ایرانی اہداف کے خلاف بلا روک ٹوک حملوں کے ذریعے خطے میں تنازعہ کو وسیع کر رہی ہے۔ عراقی وزیراعظم کے دفتر سے جاری ہونے والے بیان میں کہا گیا کہ عراق غزہ اور لبنان میں جنگ بندی اور خطے میں استحکام کی حمایت کے لئے جامع علاقائی اور بین الاقوامی کوششوں پر زور دینے والے اپنے پختہ موقف کا اعادہ کرتا ہے فلسطین کی مزاحمتی تنظیم حماس نے ایران کے خلاف صیہونی جارحیت کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ ہم اسے ایران کی خودمختاری کی خلاف ورزی سمجھتے ہیں۔ اسرائیل کے اس اقدام سے نہ صرف خطے کی سلامتی کو لاحق خطرات میں اضافہ ہوگا بلکہ کشیدگی میں مزید اضافہ ہوگا متحدہ عرب امارات نے ایران پر حملوں کی مذمت کرتے ہوئے خطے میں مسلسل کشیدگی اور علاقائی سلامتی اور استحکام پر اس کے اثرات پر گہری تشویش کا اظہار کیا اور کہا ہے کہ خطے میں مزید خطرات اور تنازعات سے بچنے کے لئے تحمل کا مظاہرہ کرنا چاہئے، اومان، ملائیشیا، ہر طرف سے صیہونی حملے کی مذمت کرتے ہوئے عالمی برادری سے کردار ادا کرنے کی اپیلیں کی جارہی ہیں پاکستان کا جہاں تک تعلق ہے پاکستان نے ہمیشہ خطے اور پوری دنیا میں امن واستحکام کی کوششوں کا خیر مقدم اور کشیدگی و جنگی صورتحال کی مذمت کی ہے پاکستان نے ایران پر اسرائیلی حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسے اقوام متحدہ کے چارٹر اور عالمی قوانین کی کھلم کھلا خلاف ورزی قرار دیا ہے اور سلامتی کونسل سے امن کے لئے کردار ادا کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ وزارت خارجہ کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ حملے پہلے سے ہی عدم استحکام کا شکار خطے میں خطرناک حد تک کشیدگی میں اضافہ کا باعث ہیں، تنازع کے بڑھنے اور پھیلنے کا پورا ذمہ داری اسرائیل ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کا کہنا ہے کہ ہم اقوام متحدہ سلامتی کونسل سے مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ بین الاقوامی امن وسلامتی کے قیام کے لئے اپنا کردار ادا کرے، اقوام متحدہ سلامتی کونسل خطے میں اسرائیلی جارحیت اور مجرمانہ رویے کے خاتمے کے لئے فوری اقدامات کرے پاکستان نے اسرائیلی حملوں کی مذمت کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ عالمی برادری خطے کی امن وسلامتی کے لئے اپنا کردار ادا کرے غزہ میں ایک سال سے جاری اسرائیلی ظلم و بربریت اس وقت پوری دنیا کے لئے لمحہ فکریہ بنا ہوا ہے اس ظلم وبربریت اور جارحیت کے خلاف پاکستان نے ہمیشہ ہر فورم پر آواز اٹھائی ہے وزیراعظم شہباز شریف نے اقوام متحدہ کے فورم پر حالیہ اجلاسوں کے دوران اس سلگتے انسانی مسئلے کو بہتر طریقے سے اجاگر کیا ابھی گزشتہ دنوں وزیراعظم کی زیر صدارت وفاقی کابینہ کا جو اجلاس منعقد ہوا اس اجلاس سے خطاب کے دوران بھی وزیراعظم شہباز شریف نے اسرائیلی مظالم پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے فلسطینی مسلمانوں سے یکجہتی کا اظہار کیا اور کسی قسم کی لگی لپٹی رکھے بغیر واضح کیا کہ غزہ اور فلسطین میں ظلم وستم جاری ہے۔ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں پر ابھی تک کوئی عمل درآمد نہیں ہوا اب گزشتہ روز ایران پر جو حملے ہوئے ہیں ان کی مذمت کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف نے ایک بار پھر اس حوالے سے آواز اٹھائی ہے اور اپنی ٹویٹ میں کہا ہے کہ ایران کے خلاف اسرائیلی جارحیت کے حالیہ اقدام پر شدید تشویش ہے، اسرائیل کے اس اقدام کی شدید مذمت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس طرح کے اقدامات سے نہ صرف علاقائی امن واستحکام کو خطرہ ہے بلکہ یہ کارروائی خودمختاری اور بین الاقوامی قانون کے اصولوں کی بھی خلاف ورزی ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان امن کے حصول کے لئے ایران اور دیگر ہمسایہ ممالک کے ساتھ مل کر کام کرتا رہے گا، پاکستان تمام فریقین پر زور دیتا ہے کہ وہ مزید کشیدگی سے بچنے کے لئے تحمل سے کام لیں یہ ایک بہت بڑا المیہ ہے کہ عالمی برادری اور اقوام متحدہ کی اپیلوں اور قراردادوں کا اسرائیل پر کوئی اثر ہی نہیں ہو رہا ضرورت اس بات کی ہے کہ عالمی برادری بالخصوص اقوام متحدہ اس حوالے سے اپنا فعال ومتحرک کردار ادا کرے اور صیہونی ریشہ دوانیوں اور جنگی جرائم کا نوٹس لیتے ہوئے کشیدگی کے خاتمے کے لئے اقدامات اٹھائے وگرنہ خطے میں ایک نئی جنگ بھڑک گی جس کا کوئی بھی ملک متحمل نہیں ہو سکتا۔

اسرائیل اور ایران میں سے عسکری اعتبار سے زیادہ طاقتور کون ہے؟

گرداب

عارف بہار
Arifbahar@hotmail.com

اسرائیل نے جمعے اور ہفتے کی درمیانی شب ایران میں عسکری اہداف پر میزائل حملے کیے ہیں تاہم ابھی تک یہ واضح نہیں کہ نقصان کی حد کیا ہے۔ دوسری جانب ایران نے اپنے فوجی اڈوں پر حملوں کی تصدیق کرتے ہوئے کہا ہے کہ اسرائیلی حملوں کا کامیابی سے مقابلہ کیا گیا لیکن کچھ مقامات پر 'محدود نقصان' ہوا۔ ایران کی فضائی دفاعی افواج نے ایک بیان میں کہا ہے کہ اسرائیل نے تہران، خوزستان اور ایلام صوبوں میں اس کے اڈوں پر حملے کیے ہیں۔ حملوں کے بعد ایران نے اپنی فضائی حدود بند کر کے تمام پروازیں معطل کر دی ہیں۔ یہ حملے ایران کی جانب سے رواں ماہ کے اوائل میں اسرائیل پر 200 بیلسٹک میزائل داغے جانے کے بعد کیے گئے ہیں۔

اسرائیل نے کہا تھا کہ وہ جوابی حملہ کرے گا لیکن اس نے یہ نہیں بتایا تھا کہ وہ کب اور کن مقامات کو نشانہ بنا سکتا ہے۔ اس صورتحال میں دونوں ملک اپنی اپنی جگہ پر بظاہر یہ بتانے کی کوشش کر رہے ہیں کہ وہ مضبوط ہیں تو سوال یہ ہے کہ آخر ان میں سے عسکری اعتبار سے زیادہ طاقتور کون ہے؟ ایران اور اسرائیل کے درمیان تقریباً 2152 کلومیٹر کا زمینی فاصلہ ہے اور ایران نے وہاں تک اپنے میزائل پہنچا کر یہ تو ثابت کر دیا ہے کہ جس میزائل پروگرام پر وہ کافی عرصے سے کام کر رہا ہے اس میں کافی ترقی ہوئی ہے۔ ایران کے میزائل پروگرام کو مشرق وسطیٰ میں سب سے بڑا اور متنوع سمجھا جاتا ہے۔ سنہ 2022 میں امریکی سینٹرل کمانڈ کے جنرل کینتھ میکنزی نے کہا تھا کہ ایران کے پاس '3000' سے زیادہ بیلسٹک میزائل ہیں۔

دوسری جانب اس بات کی کوئی حتمی تصدیق نہیں کہ اسرائیل کے پاس کتنے میزائل ہیں لیکن یہ بات واضح ہے کہ مشرق وسطیٰ میں اگر کسی ملک کے پاس جدید ترین میزائلوں کا ذخیرہ ہے تو وہ اسرائیل ہے۔ میزائلوں کا یہ ذخیرہ اس نے گذشتہ چند دہائیوں میں امریکہ سمیت دیگر دوست ممالک کے ساتھ اپنے اشتراک یا اپنے طور پر ملک ہی میں تیار کیے ہیں۔ سی ایس آئی ایس میزائل ڈیفنس پراجیکٹ کی ایک رپورٹ کے مطابق اسرائیل کئی ملکوں کو میزائل برآمد بھی کرتا ہے۔ اسرائیل کے مشہور میزائلوں میں ڈیلائلا، جبرئیل، ہارپون، جریکو 1، جریکو 2، جریکو 3، لورا اور پوپائی شامل ہیں۔ آئرن ڈوم اور دیگر اسرائیلی دفاعی نظام کیا ہیں اور وہ کیسے کام کرتے ہیں؟ لیکن اسرائیل کے دفاع کی ریڑھ کی ہڈی اس کا آئرن ڈوم سسٹم ہے جو کہ کسی بھی قسم کے میزائل یا ڈرون حملے کو بروقت روکنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ غزہ سے حماس اور لبنان سے حزب اللہ کے راکٹوں کو متواتر فضا میں ہی تباہ کر کے وہ آج تک اپنا لوہا منواتا رہا ہے۔

اسرائیلی میزائل ڈیفنس ایجنسی کے اوزی روبن نے بی بی سی کو بتایا کہ آئرن ڈوم کی طرح کا دنیا میں کوئی اور دفاعی نظام نہیں اور یہ بہت کارآمد شارٹ رینج میزائل ڈیفنس سسٹم ہے۔ دوسری طرف یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ ایران، اسرائیل سے بہت زیادہ بڑا ملک ہے اور اس کی آبادی اسرائیل سے دس گنا زیادہ ہے۔ لیکن اس فرق سے یہ اندازہ لگانا قطعی درست نہیں ہوگا کہ ایران فوجی حساب سے اسرائیل سے زیادہ طاقتور ملک ہے۔ اسرائیل ایران سے کہیں زیادہ رقم اپنے دفاعی بجٹ کی مد میں خرچ کرتا ہے اور اس کی سب سے بڑی طاقت بھی یہی ہے۔ اگر ایران کا دفاعی بجٹ 10 ارب ڈالر کے قریب ہے تو اس کے مقابلے میں اسرائیل کا بجٹ 24 ارب ڈالر سے ذرا زیادہ ہے۔ جہاں ایران کی آبادی اسرائیل سے کہیں زیادہ ہے اسی طرح اس کے حاضر سروس فوجی بھی اسرائیل کے مقابلے میں تقریباً چھ گنا زیادہ ہیں۔ ایران کے فعال فوجیوں کی تعداد چھ لاکھ دس ہزار جبکہ اسرائیل کے ایسے فوجیوں کی تعداد ایک لاکھ ستر ہزار ہے۔

اسرائیل کے پاس جس چیز کی برتری ہے وہ اس کی ایڈوانس ٹیکنالوجی اور بہترین جدید طیاروں سے لیس فضائیہ ہے۔ اس کے پاس 241 لڑاکا طیارے اور 48 تیزی سے حملہ کرنے والے ہیلی کاپٹر ہیں جبکہ ایران کے پاس جنگی طیاروں کی تعداد 186 ہے اور اس کے بیڑے میں صرف 13 جنگی ہیلی کاپٹر ہیں۔ دونوں ممالک نے ابھی تک اپنی بحری افواج کی زیادہ صلاحیتوں کا مظاہرہ تو نہیں کیا لیکن اگرچہ وہ جدید بنیادوں پر نہ بھی ہو، پھر بھی ایران کی بحری فوج کے پاس 101 جہاز جبکہ اسرائیل کے پاس 67 ہیں۔ ایران نے عراق کے ساتھ جنگ کے بعد سے اپنے میزائل سسٹم اور ڈرونز پر زیادہ کام کیا اور شارٹ اور لانگ رینج میزائل اور ڈرونز بنائے جو مبینہ طور پر اس نے مشرق وسطیٰ میں اپنے حریفوں کو بھی مہیا کیے ہیں۔ حوثی باغیوں کی طرف سے سعودی عرب پر داغے میزائلوں کے تجزیے سے بھی یہ معلوم ہوا تھا کہ وہ ایرانی ساخت کے تھے۔ ایران کے میزائلوں میں شہاب ون میزائل ہے جس کی رینج تین سو کلومیٹر ہے جبکہ اسی کا دوسرا ورژن شہاب ٹو پانچ سو کلومیٹر تک مار کر سکتا ہے۔ شہاب سیریز کا تیسرا میزائل شہاب تھری دو ہزار کلومیٹر تک مار کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ اس کے علاوہ ایرانی میزائلوں میں 700 کلومیٹر تک مار کرنے والا ذوالفقار، 750 کلومیٹر تک مار کرنے والا قائم 1 بھی شامل ہیں۔ ایران کے میزائلوں میں ایک اہم اضافہ فتح-110 ہائپر سونک میزائل ہیں جو 300 سے 500 کلومیٹر تک ہدف کو نشانہ بنانے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ اگرچہ ایران نے سینکڑوں میزائل اسرائیل پر داغے ہیں لیکن دوسرے کے ملک میں جا کر گوریلا آپریشن کرنے کا زیادہ تجربہ اسرائیل کا ہے اور وہ ہمیشہ ہی اس میں کامیاب ہوا ہے۔ لیکن جب بات ہوتی ہے دونوں ممالک کے درمیان ممکنہ جنگ کی تو ایران کے رقبے اور فوج میں زیادہ تعداد کو دیکھتے ہوئے یہ صاف نظر آتا ہے کہ اسرائیل ایسا نہیں کرے گا۔

اس کی برتری فضائی طاقت، میزائل اور ڈرونز ہیں اور اگر اس نے ردعمل ظاہر کیا تو ممکنہ طور پر ان ہی کے ذریعے ہی کرے گا۔ ویسے ماضی میں ایران کے ہائی پروفائل فوجی اور سویلین شخصیات بھی اسی طرح کے حملوں میں ہلاک کی گئی ہیں اگرچہ اسرائیل نے اکثر اوقات اس کا باقاعدہ اعتراف نہیں کیا لیکن اس سے انکار بھی نہیں کیا ہے۔ اس جنگ کا ایک اور پہلو سائبر اٹیک بھی ہو سکتا ہے اور اس جگہ اسرائیل کافی ولنر ایبل (کمزور) لگتا ہے۔ وجہ صاف ہے کہ ایران کا دفاعی نظام اسرائیل کے دفاعی نظام جتنا ایڈوانس نہیں ہے، اس لیے اسرائیل کے نظام پر سائبر حملہ زیادہ آسان ہے۔

برطانیہ کی پاکستانی آبادی۔ پاکستان کی برطانوی

آواز دوست



(ڈاکٹر عرفان احمد بیگ (تمغہ امتیاز))

عظیم مغل بادشاہ اکبر اعظم کے دور میں برصغیر یعنی بھارت، بنگلہ دیش اور پاکستان کی کل آبادی 4 کروڑ تھی، جب انگریز کی حکومت 1857ء میں مستحکم ہوگئی تو اُس وقت مشترکہ ہندوستان کی آبادی دس کروڑ تھی

اور جب انگریز برصغیر سے رخصت ہو رہا تھا تو برصغیر کی کل آبادی چالیس کروڑ ہو چکی تھی پاکستان کے قیام کے بعد 1951ء میں پاکستان میں سٹیزن ایکٹ نافذالعمل ہوا اور بھارت اور پاکستان کے درمیان ہجرت کو روک دیا گیا اور اسی سال ملک کی پہلی مردم شماری ہوئی جس کے مطابق اُس وقت کے مغربی پاکستان اور آج کے پاکستان کی کل آبادی 3 کروڑ 40 لاکھ تھی جب کہ برطانیہ کی کل آبادی 5 کروڑ 30 لاکھ تھی اُس وقت برطانیہ میں پاکستانی بہت ہی کم تھے جب کہ پاکستان میں ہزاروں کی تعداد میں انگریز افسران اور سرکاری اہلکار موجود تھے جن میں ریلوے گارڈز اور ڈرائیور تک شامل تھے یورپ کے دوسرے ملکوں کی طرح برطانیہ بھی دوسری جنگ عظیم کی وجہ سے ملبے کے ڈھیر میں تبدیل ہو چکا تھا امریکہ نے برطانیہ سمیت مغربی یورپ میں تعمیر نو کے تیز رفتار منصوبے پر کثیر رقوم خرچ کیں دوسری جانب جب 7 اور 9 اگست 1945ء کو ہیروشیما اور ناگاساکی پر ایٹم بم گرانے کے بعد جنرل میکارتھر نے جاپان کے بادشاہ ہیرو ہٹو سے ہتھیار ڈلوانے کے معاہدے پر دستخط کروائے اور جاپان سمیت بحیرہ چین کے ملکوں کی نگرانی کے لیے جاپان میں ہی امریکی اڈے بنا دیئے اور اس کے عوض جاپان کو بھی ماسٹر پلان کے تحت تیزی سے دوبارہ تعمیر کیا، برطانیہ دوسری جنگ عظیم کا ایک ایسا فاتح ملک تھا جس پر دوسری جنگ عظیم کے دوران جرمنی ہٹلر کی ہزار کوشش کے باوجود قبضہ نہیں کر سکا تھا بلکہ ہندوستان سمیت برطانیہ کی بہت سی نوآبادیات کو بھی جرمنی فتح نہیں کر سکا تھا 18 جولائی 1947ء کو برطانیہ کی پارلیمنٹ نے قانون ہند منظور کیا جس کی ایک شق یہ تھی کہ بھارت اور پاکستان آزادی کے باوجود ایک سال تک نوآبادی ملک ہی تصور کئے جائیں گے یوں پاکستان میں بھی انگریز 1960ء کی دہائی کے آغاز تک دکھائی دیتے تھے اور وہ یہاں اعلیٰ عہدوں پر فائز رہے اس دوران برطانیہ میں تعمیر وترقی کا عمل مکمل ہوا اور انگریز یہاں سے برطانیہ منتقل ہو گئے اسی زمانے میں بھارت اور پاکستان کے درمیان سندھ طاس معاہدہ ہوا جس میں عالمی بینک نے بھی اہم کردار ادا کیا پاکستان کو اپنے تین مشرقی دریاؤں کا پانی بھارت کے سپرد کرنا پڑا جس کے بدلے میں ہمارے ہاں منگلا اور تربیلا کے نام سے دو بڑے ڈیم تعمیر کئے گئے میر پور آزاد کشمیر میں منگلا ڈیم تعمیر کیا گیا تو یہاں تعمیر کا ٹھیکہ برطانوی کمپنی کو ملا چونکہ میرپور کا شہر منگلا ڈیم کی تعمیر کی وجہ سے زیر آب آ گیا اور یہ آبادی جہلم اور دیگر علاقوں میں منتقل ہوئی تو اُس وقت برطانیہ کو تعمیر نو کے عمل کے لیے افرادی قوت کی ضرورت تھی تو یہاں میر پور آزاد کشمیر سے ہزاروں کی تعداد میں لوگ برطانیہ گئے اور اب ان کشمیریوں کی تعداد وہاں لاکھوں میں ہے اس کے بعد برطانیہ میں پاکستانی آبادی بڑھنے لگی جب کہ پاکستان کے مختلف علاقوں شہروں میں کئی درجن انگریزوں کے گورا قبرستان موجود ہیں جو یہاں انگریزوں کی آبادی کی نشانی رہ گئے ہیں کوئٹہ میں 31 مئی 1935ء کے زلزلے میں جہاں پچاس ہزار افراد جاں بحق ہوئے تھے تو ان میں تقریباً ایک ہزار کے قریب انگریز بھی شامل تھے جن کی قبریں اور یادگاریں آج بھی موجود ہیں۔ آج برطانیہ کی آبادی 6 کروڑ 83 لاکھ ہو چکی ہے اور برصغیر میں بھارت کی آبادی 1 ارب 42 کروڑ پاکستان کی آبادی 25 کروڑ اور بنگلہ دیش کی آبادی 17 کروڑ ہے، برطانیہ میں آبادی کے حوالے سے اب تشویش پائی جاتی ہے دی ٹائمز نے برطانیہ Office for National Statistics کے حوالے سے بتایا ہے آبادی آئندہ دو برسوں میں 7 کروڑ ہو جائے گی 1970ء کی دہائی کے بعد گذشتہ 50 سال میں برطانیہ کی آبادی میں یہ سب سے تیز رفتار اضافہ ہے ہاں یہ ضرور ہے کہ کرونا کی وبائی بیماری کے دوران شرح پیدائش کے مقابلے میں شرح اموات زیادہ تھی برطانیہ میں آبادی میں اضافہ انگریز نسل کی شرح پیدائش یا افزائش کے مقابلے میں تارکین وطن کی وجہ سے بتایا جا رہا ہے 10 اکتوبر کے اخبارات خصوصاً اسکائی نیوز کے مطابق 2023ء یعنی گذشتہ ایک سال کے دوران برطانیہ میں 677300 تارکین وطن آئے یعنی تقریباً آبادی میں ایک فیصد اضافہ تارکین کا رہا رپورٹ کے مطابق گزشتہ سال زیادہ تر تارکین وطن یعنی 85% تارکین وطن وہ تھے جو یورپی یونین کے ممالک سے نہیں آئے تھے بلکہ ان کا تعلق دوسرے بر اعظموں سے تھا صرف 10% تارکین وطن یورپی یونین سے تھے اور 5% وہ انگریز تھے جو دوسرے ملکوں سے واپس برطانیہ آئے تھے اگرچہ اس وقت برطانیہ میں تارکین کو عام انداز میں مسئلہ سمجھا جا رہا ہے لیکن دوسری جانب صورت یہ ہے کہ برطانیہ کی مقامی آبادی میں افزائش نسل کا رجحان کم ہو رہا ہے اوسط عمروں میں صحت کی بہتر سہولتوں کی وجہ سے بہت اضافہ ہو گیا ہے یوں آبادی میں بوڑھوں اور پنشن پانے والوں کا تناسب بہت بڑھ گیا ہے اور اس کے مقابلے میں نوجوان آبادی کا تناسب مستقل کم ہو رہا اس کی وجہ سے حکومت پر پنشن اور صحت کی سہولتوں کے اخراجات کا بوجھ بھی بڑھ رہا ہے ماہرین کے مطابق یہ درست ہے کہ تارکین وطن پر پابندی عائد کر کے برطانیہ میں تیزی سے بڑھتی ہوئی آبادی کے مسئلے کو فوری طور پر کم کیا جا سکتا ہے مگر برطانیہ کے ادارے Office for Budget Responsibility کے مطابق برطانیہ میں پیدا ہونے والے بچوں کی تعداد میں 2035ء سے کمی واقع ہونے لگے گی یعنی مقامی طور پر سالانہ آبادی میں اضافے کی شرح بہت کم ہو جائے گی تو پھر مسئلہ یہی ہوگا کہ افرادی قوت کی بنیاد پر معاشی اقتصادی ترقی کی رفتار کو برقرار رکھنے اور مزید بڑھانے کے لیے تارکین وطن کے لیے دوبارہ دروازے کھولنے پڑیں گے 2021ء کی انگلینڈ اور ویلز کی مردم شماری کی رپورٹ کے مطابق ایک کروڑ افراد سے تھے جن کی پیدائش برطانیہ میں نہیں ہوئی تھی اور یہ برطانیہ کی کل آبادی کا 16 فیصد تھے برطانیہ میں تارکین وطن کا یہ تناسب سوائے جرمنی کے پورے یورپ اور امریکہ سے زیادہ ہے غالباً یہی وجہ ہے کہ برطانیہ میں نسل قومی تعصب بڑھ رہا ہے، مگر ساتھ ہی یہاں شہریت کے قوانین تارکین وطن کے لیے مستحکم اور متوازن ہیں اس کی مثال اس ہفتے حمزہ یوسف بلوچ کا اسکاٹ لینڈ کے پہلے مسلمان وزیراعظم کے طور پر منتخب ہونا ہے حمزہ یوسف کے والد کا تعلق تربت، پنجگور، کی تحصیل تربت پیدراک کے بلوچ خاندان سے ہے جو کہدہ فیملی کہدہ فرباد کا نواسہ ہے اور موجودہ دور کے سرکردہ کہدہ فیملی کے سردار طارق حمید کا سگا کزن ہے 1960ء میں حمزہ یوسف کے والد پاکستان سے اسکاٹ لینڈ منتقل ہو گئے تھے واضح رہے کہ اسکاٹ لینڈ مملکت متحدہ کا ایک رکن ملک ہے یہ ملک برطانوی جزیرے کے شمالی ایک تہائی حصے پر واقع ہے اس کی آبادی 46.95% سفید فام انگریز ہے اس کا دارالحکومت ایڈنبرا ہے 1707ء سے آئر لینڈ اور اسکاٹ لینڈ کا الحاق برطانیہ سے کر دیا گیا اسکاٹ لینڈ کا سربراہ برطانیہ کا بادشاہ یا ملکہ ہوتا ہے برطانیہ کے زیر انتظام اسکاٹ لینڈ کو کسی حد تک حکمرانی کا حق ملا ہوا ہے ساتھ ہی برطانیہ کی پارلیمنٹ میں بھی اسکاٹ لینڈ کی نمائندگی ہے واضح رہے کہ بھارتی ہندو نسل کے رشی سونک جن کا تعلق برطانوی سیاسی جماعت کنزرویٹو پارٹی سے وہ دو سال تک یعنی 2022ء سے 2024ء تک بھارتی نسل سے تعلق رکھنے والے رشی سونک

برطانیہ کے وزیراعظم رہے ہیں پاکستانی نژاد بہت سے افراد برطانیہ کی سیاست میں ہاؤس آف کامن اور ہاؤس آف لارڈ کے ممبران ہیں یوں اب وہ برطانیہ جس نے برصغیر پر ایک صدی سے زیادہ حکومت کی اب صورتحال بدل رہی ہے اور برطانیہ کی آبادی میں برصغیر سے تعلق رکھنے والوں کا تناسب بڑھتا جا رہا ہے۔

پاکستان کیلئے نئے معاشی مواقع

حقائق نامہ

حسن عسکری رضوی

ستمبر/ اکتوبر میں پاکستان کے حکمران اتحاد کیلئے چار مثبت پیشرفتیں ہوئیں جو معاشی بحالی کی امید پیدا کرسکتی ہیں۔ کیا پاکستان اپنی معیشت کو بدلنے کیلئے ان مواقع سے فائدہ اٹھاسکے گا؟ بہت کچھ اس پہ منحصر ہے کہ آیا پاکستانی حکمران ان پیشرفتوں سے طاقت کا تجزیہ پیدا کرتے ہیں یا ان سے فائدہ اٹھانے کیلئے مناسب انتظامی اقدامات اپناتے ہیں۔ مزید یہ کہ وہ حکومت اور حزب اختلاف کے مابین محاذ آرائی اور نفرت کو کم کرنے کیلئے کس حد تک تیار ہیں؟ بظاہر یوں لگتا ہے کہ پاکستان کی داخلی سیاست کی موجودہ حالت بین الاقوامی مالی تعاون سے مکمل طور پر فائدہ اٹھانے کیلئے موزوں نہیں۔

یہ مثبت پیشرفتیں کیا ہیں؟ سب سے پہلے آئی ایم ایف نے 25 ستمبر کو 37 ماہ کے دوران سات ارب ڈالر کے قرض کی منظوری پر اتفاق کیا۔ پاکستان گزشتہ چھ ماہ سے معیشت کی تشکیل نو کے وعدے کے بدلے میں قرض کی یہ پیشکش حاصل کرنے کیلئے سخت کوشش کر رہا تھا۔ آئی ایم ایف کے قرض کی منظوری ایک اضافی فائدہ فراہم کرتی ہے' اس سے پاکستان کے لیے دیگر بین الاقوامی مالیاتی اداروں اور یورپی ممالک سے قرض اور گرانٹس حاصل کرنا آسان ہو جاتا ہے۔

دوسرا' سعودی عرب کے ایک سرمایہ کاری وفد نے پاکستانی معیشت کے مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کی پیشکش کے ساتھ 10' 11 اکتوبر کو پاکستان کا دورہ کیا۔ اس وفد کو سعودی حکومت کی باضابطہ اشیرباد حاصل ہے اور اس کی سربراہی ایک وزیر کر رہے تھے۔ پاکستان اور سعودی عرب کے سرمایہ کاروں نے 2.2 ارب ڈالر مالیت کی مفاہمت کی یادداشتوں پر دستخط کیے۔ سعودی عرب بلوچستان میں ریکوڈک کے منصوبے میں بھی کچھ سرمایہ کاری کرنے پر مائل ہے۔

تیسرا' 15' 16 اکتوبر کو اسلام آباد میں شنگھائی تعاون تنظیم کے سربراہان حکومت کی کانفرنس نے عالمی اور علاقائی سطح پر پاکستان کے امیج کو بڑھانے میں مدد کی۔ چوتھا' 26 ویں آئینی ترمیم کی منظوری نے وفاقی سطح پر حکمران اتحاد کو اپنے ججز کے انتخاب اور ان کی کارکردگی پر نظر رکھنے کے معاملے میں اعلیٰ عدلیہ' خاص طور پر سپریم کورٹ پر بے مثال برتری حاصل کرنے کے قابل بنایا ہے۔ اس نے ریاستی انتظام پر سپریم کورٹ کے کسی بھی فوری دباؤ کو بے اثر کر دیا ہے۔

آئی ایم ایف کے قرض کی ہر قسط سے پہلے آئی ایم ایف کے ماہرین پاکستانی معیشت کا جائزہ لیں گے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ حکومت پاکستان معیشت میں مطلوبہ تبدیلیاں کر رہی ہے۔ مختلف نئے اور جاری منصوبوں میں سعودی سرمایہ کاری بتدریج پاکستان آئے گی۔ سعودی سرمایہ کار سیاست' دہشت گردی اور انتظامی سہولت کے حوالے سے پاکستان کی داخلی صورتحال کی کڑی نگرانی کریں گے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ پاکستان کے ٹیکسوں اور بیوروکریسی کا رویہ سرمایہ کاری کے وعدوں پر عملدرآمد کا تعین کرے گا۔ سعودی وفد نے آرمی چیف سے بھی اس معاملے میں تعاون حاصل کرنے کیلئے ملاقات کی' اور آرمی چیف نے سعودی عرب کو اس بات کا یقین دلانے کیلئے مفاہمت کی یادداشتوں پر دستخط کرنے کیلئے وزیراعظم ہاؤس میں ہونے والی تقریب میں شرکت کی کہ آرمی کمانڈ سرمایہ کاری کے عمل کی حامی ہے اور یہ کہ فوج 10 اکتوبر کو دستخط شدہ مفاہمت کی یادداشتوں پر عمل درآمد کے عمل کا حصہ ہوگی۔ پاکستان نے غیر ملکی سرمایہ کاری کی سہولت کیلئے خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل (SIFC) کے کردار پر روشنی ڈالی۔ اس کونسل میں سویلین اور فوجی عہدیدار شامل ہیں' جن کا بنیادی کام غیر ملکی سرمایہ کاروں کو بیوروکریسی اور قانونی تقاضوں کو پورا کرنے میں مدد کرنا ہے۔ سعودیوں سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ پاکستان میں سرمایہ کاری کے طریقہ کار کی تکمیل کیلئے اس کونسل پر انحصار کریں گے۔

ایس سی او کانفرنس کے دورے کے دوران چین' روس اور منگولیا نے پاکستان کے ساتھ تجارتی تعلقات کو بڑھانے میں بہت دلچسپی ظاہر کی۔ چینی وزیراعظم نے سی پیک منصوبوں کیلئے اپنی حکومت کی حمایت کا اعادہ کیا اور پاکستان سے مطالبہ کیا کہ یہاں کام کرنے والے چینیوں کیلئے حفاظتی انتظامات کو بہتر بنایا جائے۔ چین اور روس کے ساتھ وزیراعظم کی بات چیت میں فوج کی حمایت کو یقینی بنانے کیلئے آرمی چیف نے بھی اقتصادی ترقی اور تجارتی منصوبوں کیلئے بات چیت میں شمولیت اختیار کی۔

دو دیگر عوامل نئے معاشی مواقع سے فائدہ اٹھانے کی صلاحیت پر اثر ڈالیں گے۔ سب سے پہلے' امن وامان کی خراب صورتحال اور دہشت گردی معاشی بحالی کے امکانات کو نقصان پہنچا سکتی ہے۔ اگر داخلی امن وامان کی صورتحال خراب ہو اور تشدد اور دہشت گردی کی سرگرمی وسیع ہو تو غیر ملکی سرمایہ کاری سکڑ جاتی ہے۔ اگرچہ بہت سے سعودی پاکستان میں نہیں رہیں گے' زیادہ تر کام جوائنٹ انٹرپرائزز کریں گے' جن میں زیادہ تر پاکستانی ہوں گے' تاہم سعودی سینئر ایگزیکٹو وقتاً فوقتاً پاکستان کا دورہ کریں گے۔ ان کی سلامتی ایک اہم مسئلہ ہوگی' خاص طور پر اگر کچھ سعودیوں کو طویل مدت کیلئے پاکستان میں رہنا پڑے۔

پاکستان کی سیاست میں جاری عدم ہم آہنگی اور تنازع بھی معاشی بحالی کا ایک منفی عنصر ہے۔ ایک طرف حکمران مسلم لیگ (ن)' پی پی پی اور دوسری طرف پی ٹی آئی کے درمیان محاذ آرائی اتنی شدید ہوگئی ہے کہ دونوں فریق ایک دوسرے کو نیچا دکھانے کیلئے ایڑی چوٹی کا زور لگاتے ہیں۔ مسلم لیگ (ن) کی حکومت تحریک انصاف کے رہنماؤں اور کارکنوں کو ہراساں کرنے کیلئے وفاقی اور پنجاب حکومت کے اختیارات اور وسائل کا کھل کر استعمال کر رہی ہے۔ جب بھی تحریک انصاف احتجاج اور عوامی جلسوں میں مصروف ہوتی ہے تو ان میں سے بیشتر کو پولیس تشدد اور گرفتاریوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ یہ محاذ آرائی برقرار رہتی ہے تو غیر ملکی سرمایہ کاری کی حوصلہ شکنی ہوگی اور حکومت کے لیے معیشت کو بحال کرنا مشکل بنا دے گی۔

وفاقی حکومت نے 26 ویں آئینی ترمیم کے ذریعے اعلیٰ عدلیہ کو زیر کرنے کا ایک بے مثال موقع حاصل کیا ہے۔ اس سے حکومت پر عدالتی دباؤ کم ہوا ہے جسے معاشرتی فلاح وبہبود سے متعلق سماجی واقتصادی مسائل کو حل کرنے کیلئے زیادہ توجہ دینے کیلئے استعمال کیا جانا چاہیے' بجائے اس کے کہ وہ ایک ریاستی ادارے پر غلبہ پانے کی حکمت عملی پر عمل پیرا ہو۔ مسلم لیگ (ن) کی حکومت کو دسمبر 1997ء میں جسٹس سجاد علی شاہ کو سپریم کورٹ سے اور صدر فاروق لغاری کو صدارت سے ہٹانے کے بعد کی گئی غلطی سے بچنا چاہیے۔ اس کے ذریعے مسلم لیگ (ن) کی حکومت نے صوبوں' خاص طور پر سندھ میں برتری قائم کرنے کی کوشش کی اور 1999ء میں فوج کو کنٹرول کرنے کا ارادہ کر لیا۔ موجودہ سیاسی حکومت کیلئے طویل مدتی فوائد سیاست میں تنازعات کو کم کرنے' حکمرانی کو بہتر بنانے' معیشت کو بحال کرنے اور تزویجی بنیادوں پر معاشرتی ترقی اور فلاح وبہبود کے مسائل کو حل کرنے کیلئے ستمبر/ اکتوبر میں حاصل ہونیوالے مواقع سے فائدہ اٹھانے میں ہیں۔

یہ جو آج ہے کل بدل جائے گا

قرطاس



ناصف اعوان

ہماری جمہوریت پسند حکومت جو دشوار گزار راستوں سے گزر کر آئی ہے نے انتہائی دوڑ دھوپ کے بعد عوام کے وسیع تر مفاد میں آئینی ترامیم کر لی ہیں لہٰذا انہیں گزشتہ ادوار بالخصوص پچھلے دو تین برس کی تکالیف ومشکلات کو بھول جانا چاہیے کیونکہ اب باد نسیم چلے گی چمن مہکے گا اور باغباں کے چہرے پر ابھرنے والی مایوسی کی لکیریں غائب ہو جائیں گی مگر ہمارے دوست جاوید خیالوی اس سے اتفاق نہیں کرتے۔ وہ کہتے ہیں آپ کی خوش گمانی خود کو تسلی و دلاسہ دینے کے سوا کچھ نہیں کیونکہ ان ترامیم میں ذرہ برابر بھی عوامی مفاد کی کوئی شق موجود نہیں۔ یہ تو اقتدار والوں نے اپنے لئے سب کیا ہے تاکہ وہ راحت پائیں اور ملک کی سب سے بڑی جماعت کے "شر" سے محفوظ رہیں۔ قانون کو اپنے مطابق استعمال میں لائیں اس سے بہتر طور سے مستفید ہوں۔ لیکن ایسا نہیں ہوگا کہ آئین و قانون جہاں ان کے مفادات کو دیکھیں گے وہاں عوام کے حقوق کو بھی نگاہ میں رکھیں گے کیونکہ اب خلیل خاں کے فاختہ اڑانے کے دن نہیں رہے عوام میں شعوری لہریں ابھرتی چلی جا رہی ہیں ان کے پیش نظر خواص کا اپنی خواہشات کی ترجیح کو برقرار رکھنا ممکن نہیں لہٰذا ان کیڑے مکوڑوں کو پس پشت نہیں ڈالا جا سکتا۔ اگرچہ آپ میرے اس موقف سے اتفاق نہیں کریں گے مگر یہ حقیقت ہے کیونکہ ہماری اجتماعی زندگی نے بڑے نشیب وفراز دیکھے ہیں صدمے برداشت کیے ہیں لہٰذا جس طرح اب موسم پہلے والے نہیں رہے اس طرح ہمارے جیون کا موسم بھی یہ نہیں رہے گا' بدلے گا بلکہ بدل رہا ہے۔ پوری دنیا میں تبدیلی کے جھکڑ چل رہے ہیں خیالات کی چلمن کو تازہ ہوا کے جھونکے چھو رہے ہیں لہٰذا اب جو بھی بدلنا ہے آئینی ترامیم سے نہیں عوامی جدوجہد سے بدلنا ہے اور اس کا آغاز ہوا چاہتا ہے"۔

جاوید خیالوی ہمیشہ کوئی نہ کوئی نئی بات کرتے ہیں ان کا یہ کہنا کہ اب جو بھی بدلنا ہے عوامی جدوجہد سے بدلنا ہے اس سے اتفاق کیا جا سکتا ہے مگر اس کے لئے طویل سفر طے کرنا ہوگا فی الحال ہمیں انحصار کی سیاست پر ہی اکتفا کرنا پڑے گا یعنی کہ ہماری سیاست ابھی تک آزاد نہیں ہو سکی اسے مجبوریوں اور مصلحتوں کی آکاس بیل نے گھیر رکھا ہے مطلب یہ کہ واشنگٹن اس میں مسلسل "دلچسپی" لے رہا ہے۔ ماضی بعید میں یہاں کی حکومتیں اس کی آشیرباد سے ہی بنتی رہی ہیں اور اس کا جب مزاج بدلا یا اس کا ان سے جی بھر گیا تو پھر سیاسی منظر نامہ بھی تبدیل ہو گیا لہٰذا عین ممکن ہے کہ موجودہ سیاسی صورت حال بھی بدل جائے؟ جس کا قوی امکان بھی ہے اس کی وجہ یہ بتائی جا رہی ہے کہ آئندہ امریکا کے عام انتخابات میں ڈونلڈ ٹرمپ اس کے صدر بن سکتے ہیں اور ان کی پالیسی مختلف ہوگی لہٰذا یہاں بھی سیاسی موسم بدل سکتا ہے اور خیالوی نے بھی اسی تناظر میں ہی کہا ہے مگر ملفوف انداز میں۔

بہرحال ہم اس طرز تبدیلی کو صحیح نہیں کہہ سکتے کیونکہ مغرب پر اعتماد نہیں کیا جا سکتا گزرے ہوئے وقت میں اس کا رویہ اور پالیسیاں کسی سے ڈھکی چھپی نہیں اس کی آشیرباد ہی سے ہمارے شہ دماغ ہم سے بچھڑ گئے لہٰذا سوال یہ ہے کہ ہم آپس میں بیٹھ کر کوئی فیصلہ نہیں کر سکتے مل جل کر نہیں چل سکتے اور یہ طے نہیں کر سکتے کہ ہمیں صرف اور صرف ملک وقوم کے لئے ہی سوچنا ہے انہیں ترقی یافتہ بنانا ہے ماضی میں مغرب کی آشیربادوں سے کیا حاصل ہوا؟ معیشت برباد ہوگئی بنیادی صنعتیں قائم نہیں ہو سکیں لہٰذا قرضوں کے سہارے زندگی گزارنے پر مجبور ہو گئے اور وہ قرضے آج ہماری سانسیں بے ترتیب کر رہے ہیں ان کی ادائی کے لئے نئے نئے ٹیکس لگائے جا رہے ہیں جس سے عام آدمی کے ہوش اڑ رہے ہیں۔ بات کہاں سے کہاں پہنچ گئی۔ آئینی ترامیم ہو چکی ہیں اس کے باوجود حلقہ بزم آس وامید مطمئن نہیں اسے دو ججز کے استعفے نہ دینے پر حیرت ہے اور اداسی بھی کہ اس نے سوچا کچھ تھا ہو کچھ اور گیا۔ ان کے نزدیک شاید ان دونوں جج صاحبان کی موجودگی میں راہیں ہموار نہیں ہو سکیں گی کہ وہ اپنے اختیارات لازمی استعمال کریں گے؟

حکومت کو چاہیے کہ وہ حقائق کو تسلیم کرتے ہوئے پی ٹی آئی سے مذاکرات کرے وہ ایک سیاسی جماعت ہے اس کے کارکنان ہزاروں لاکھوں میں نہیں کروڑوں کی تعداد میں ہیں اب جبکہ ان کے لیڈر بلکہ مرشد کو زنداں میں ڈال رکھا ہے تو وہ اس سے ٹوٹ کر محبت کا اظہار کرتے ہوئے دکھائی دیتے ہیں۔ لہٰذا اہم سمجھتے ہیں کہ زنداں میں ڈالنے کا کوئی فائدہ نہیں ہوا اس سے لوگوں میں ایک تڑپ پیدا ہوئی ہے محبت کا ایک چشمہ پھوٹ پڑا ہے یہ درست ہے کہ خان نے اپنے دور اقتدار میں نواز شریف کو زچ کرنے کی کوشش کی مگر وہ عوام کی ہمدردی کے جذبات نہیں سمیٹ سکے تھے جبکہ عمران خان کو سلاخوں کے پیچھے دھکیلنے پر لوگوں نے انہیں اپنے دل میں بسا لیا۔

بہرحال ہم پہلے بھی اپنے ایک کالم میں عرض کر چکے ہیں کہ آئینی ترامیم سے چند بڑوں کو تو فائدہ ہو سکتا ہے عوام کو نہیں۔ سوال پھر یہ ہے کہ کیا اس اقدام سے حکمران جماعتوں کی مقبولیت میں اضافہ ہوا ہے ایسا نہیں ہوا اگر انہیں اس سے کوئی فرق نہیں پڑنے والا کہ وہ تو پہلے بھی مقبول عام نہیں تھیں مگر حکومت بنانے میں کامیاب ہو گئیں یہ کیسے ہوا؟ یہ بتانے کی ضرورت نہیں اور اسی لئے ہی اسے آئینی ترامیم کرنا پڑی ہیں مگر اس سے کیا ہوگا کیونکہ اس عمل سے عام مسائل حل ہوتے نظر نہیں آ رہے۔ جب تک ملک میں سیاسی استحکام نہیں آتا کتنی ہی ترامیم کر لی جائیں اور اربوں ڈالر کی بارش بھی ہو جائے معاشی بحالی نہیں ہو سکتی لہٰذا گزارش ہے کہ عوام پاکستان کی خواہشوں امنگوں اور آرزوؤں کا احترام کیا جائے انہیں اقتدار میں لائے بغیر بحرانوں سے نجات حاصل کرنا ممکن نہیں لہٰذا جو عقل کل یہ سمجھ رہے ہیں کہ وہ لوگوں کو اپنے مخصوص طرز عمل سے اپنا گرویدہ بنا لیں گے اور "سٹیٹس کو" کو طویل عرصہ تک قائم رکھ سکیں گے وہ کسی خوش فہمی میں مبتلا ہیں لہٰذا وہ ملک کی سب سے بڑی جماعت کو ملکی سیاست میں مکمل طور سے اپنا کردار ادا کرنے کے حوالے اپنے فیصلوں کو نئے سرے سے دیکھیں کیونکہ مغرب 'خان کو آشیرباد دے سکتا ہے جسے ہم مناسب نہیں سمجھتے مگر ایسا ہوتا ہے تو یہ جو آج ہے کل بدل جائے گا؟

انجانی راہوں کا مسافر

بلا تامل



شاہد اعوان
shahidkawan61@gmail.com

مقیم سے مسافر بننے تک ذہن کے فیصلوں کو عقل نہ بھی تحفظ دے اور ان فیصلوں کی مساعد وتوید نہ بھی ہو تو تب بھی مسافر کا ساتھ نہیں چھوڑتی اس لئے کہ یہ اس کی فطرت ہے کہ وہ خطرات سے محفوظ ہونے اور رہنے کے گر بتاتی ہے، پیش آمدہ مشکلات کی تحلیل میں مددگار ثابت ہوتی ہے لیکن جب عقل کے فیصلوں کی بساط کو تقدیر کا ہاتھ الٹ دے تو ایسا کوئی نہ ہوگا جو آسمانی طاقتوں سے نبرد آزما ہو جائے۔ مقیم ہو جانا تو سمجھوتے سے عبارت ہے اور محو سفر ہونا سمجھوتہ نہ کرنے سے عبارت ہے، مگر زندہ دلوں اور پاکیزہ روحوں نے کبھی بھی سمجھوتے نہیں کیے حتیٰ کہ اپنے آپ سے بھی۔ سو مجھے مقیم خوشحالوں سے اجڑے ہوئے مسافر زیادہ اچھے لگتے ہیں کم از کم وہ اپنے لئے سفر کرتے ہیں کسی کو راضی کرنے کا سمجھوتہ نہیں کرتے۔

گزشتہ روز ایک پرعزم، روشن آنکھوں اور بھلے چہرے والے نوجوان مبارک رحمن سے مقامی گیسٹ ہاؤس میں ایک تقریب میں ملاقات ہوئی جو اس کے اعزاز میں اس کے انکل ڈاکٹر سید اسد علی نے منعقد کی تھی۔ انہی سطور میں اس سے قبل بھی لکھ چکا ہوں کہ تابرک وہ باہمت پاکستانی نوجوان ہے جو کچھ "بڑا" کرنے کی جستجو میں سرگرداں ہے وہ پاکستان کے لئے کچھ ایسا کرنے کا پختہ عزم رکھتا ہے جو سب کو حیران و پریشان کر دے۔ مبارک ہمارے دوست ممتاز ماہر تعلیم عطاء الرحمن چوہدری کا فرزند ارجمند ہے جو غریب و نادار بچوں کو تعلیم کے زیور سے آراستہ کرنے کے لئے اپنی مادر علمی کیڈٹ کالج حسن ابدال سے اپنی دوسری درسگاہ IBA تک کا سفر دوڑ کر کرنا چاہتا ہے۔ اس کارنامہ کو سرانجام دینے کے لئے اس نے امریکہ سے خاص طور پر واپس پاکستان آنے کا فیصلہ کیا ہے کہ وہ تقریباً 1600 کلومیٹر کا فاصلہ دوڑ کر کرے گا۔ 1600 کلومیٹر کا فاصلہ کہنا تو آسان ہے لیکن اس سفر میں آنے والی سفری مشکلات، موسمی حالات، سیکورٹی و دیگر خطرات کو بالائے طاق رکھتے ہوئے اس کا لہجہ اتنا پر یقین ہے جیسے وہ ایک ہی جست میں اپنی منزل تک جا پہنچے گا۔ سلطان العارفین حضرت سلطان باہوؒ تو خود بھی لرزہ ماہ رجب سے بغداد پاپیادہ عازم سفر ہوئے تھے۔

شالا مسافر کوئی نہ تھیوے
ککھ جنہاں توں بھارے ھو

ٹرین کے سفر کی بات کریں تو صرف اٹک سے صادق آباد تک ٹرین تقریباً 18 گھنٹے لگاتی ہے اور پھر صوبہ سندھ شروع ہو جاتا ہے یوں کراچی تک تقریباً 36 گھنٹے لگتے ہیں اور پاپیادہ کا اندازہ لگانا آسان نہیں۔ ان تمام سفری تقاضوں اور مشکلات کے باوجود یہ پرعزم نوجوان ہر مشکل کو پار کر کے ثابت کرنے کا حوصلہ رکھتا ہے کہ اکیسویں صدی کا نوجوان خطرات سے گھبرانے والا نہیں۔ وہ اگلے ماہ 3 نومبر کو کیڈٹ کالج حسن ابدال سے اپنے سفر کا آغاز کرے گا اور تقریباً 35 دنوں میں کراچی جانے کا مصمم ارادہ رکھتا ہے، اللہ اس کے معاون و مددگار ہو۔ تابرک کے والد عطاء الرحمن چوہدری تقریب میں شریک جہاں اپنے دوست احباب کا شکریہ ادا کر رہے تھے وہاں اپنے صاحبزادے کے اس نیک ارادے کے لئے دعا گو بھی تھے۔ تقریب میں تابرک کے استاد پروفیسر۔۔۔۔۔۔۔ نے بھی اپنے شاگرد کو قابل فخر بیٹا کہا اور اپنے تعلیمی ادارے کی طرف سے اس ہونہار نوجوان کے لئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا، ممتاز کھلاڑی، سیاح اور ادیب محمد توفیق نے بھی تابرک کو نیک خواہشات اور مفید مشوروں سے نوازا۔ لاہور سے خاص طور پر تقریب میں آئے ماہر تعلیم کاشف ادیب جاودانی نے بھی نوجوان کی حوصلہ افزائی کی۔ مہمان خصوصی عظیم آستانہ چورہ شریف کے سجادہ نشین سید سعادت علی شاہ نے اس کے مبارک سفر میں آسانیوں کی دعا فرمائی۔ تقریب میں اس نوجوان کی والدہ، بڑے بھائی میجر ضیاء الرحمن اور ہمشیرہ بھی موجود تھیں۔ ہم ان سطور کے ذریعے وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف سے درخواست کرتے ہیں کہ تعلیم سب کے لئے آپ کا نعرہ ہے

اقلیت کی یرغمال پارلیمان

خورشید ندیم

کیا پاکستان میں پارلیمانی نظام ناکام ہو گیا؟ ہم نے اپنی آنکھوں سے دیکھا کہ پارلیمان ایک ایسی جماعت کی یرغمال بن گئی جس کے پاس صرف آٹھ نشستیں تھیں۔ اکثریت رکھنے والی جماعتوں کی اعلیٰ ترین قیادت صبح وشام مولانا فضل الرحمن کی قدم بوسی کے لیے حاضری دیتی رہی جن کی جماعت' جمعیت علمائے اسلام کے پاس کل تیرہ نشستیں تھیں۔ آٹھ وہ نشستیں جن پر اس کے نمائندے عوام کے براہ راست ووٹوں سے منتخب ہوئے۔ کوچہ رقیباں میں ایسے لوگ بھی سر کے بل جاتے دیکھے گئے جنہوں نے مولانا کو کبھی ان کے اصل نام سے پکارنا گوارا نہ کیا۔ مولانا کی سیاسی بصیرت کی داد اپنی جگہ مگر سوال یہ ہے کہ جس نظام میں اکثریت اقلیت کی محتاج ہو جائے' کیا اسے جمہوری کہا جا سکتا ہے؟ ہم نے صدارتی نظام بھی دیکھا۔ جنرل ایوب خان' جنرل ضیا الحق اور جنرل پرویز مشرف کے ادوار حکومت کو صدارتی ہی کہنا چاہیے کہ سب نے عوام سے ووٹ لیے۔ اسمبلیاں بھی وجود میں آئیں۔ آپ ان انتخابات کو اگر 'جعلی' کہیں گے جن میں ان حضرات کا انتخاب کیا گیا تو پھر آپ کو اپنی تاریخ سے 'اصلی' انتخابات بھی دکھانا پڑیں گے اور یہ ایسا چیلنج ہے جس کو قبول کرنے پر شاید کوئی آمادہ نہ ہو۔ صدارتی نظام کا یہ تجربہ بھی اگر کامیاب قرار نہیں دیا جا سکتا تو کیا ہمیں کسی اور نظام کی طرف رجوع کرنا چاہیے؟

اس سوال کے دو جواب ممکن ہیں۔ ایک تو یہ کہ مسئلہ نظام کا نہیں' افراد کا ہے۔ دنیا میں پارلیمانی نظام کامیابی کے ساتھ چل رہا ہے' جیسے برطانیہ! جہاں صدارتی نظام ہے وہاں بھی اس نظام سے لوگوں کو زیادہ شکایات نہیں' جیسے امریکہ۔ اگر نظام کو چلانے والے ہاتھ صاف ہوں تو نظام کوئی بھی ہو کامیابی سے چلایا جا سکتا اور اس سے خیر کشید کیا جا سکتا ہے۔ شرط صرف یہ ہے کہ اسے عوام کا اعتماد حاصل ہو۔ کوئی اپنی مرضی یا طاقت سے مسلط نہ ہو جائے۔

دوسرا جواب یہ ہے کہ جہاں جمہوری روایات مستحکم نہ ہوں وہاں افراد پر انحصار نہیں کیا جا سکتا۔ ایسی صورت میں غیر جمہوری قوتوں کی مداخلت کا دروازہ کھل جاتا ہے۔ اس لیے ہمیں کسی ایسے نظام کو اپنانا چاہیے جس میں مداخلت کا امکان کم سے کم ہو اور اس بات کا احتمال بھی نہ ہو کہ اقلیت اکثریت کو یرغمال بنالے اور اس پر اپنے فیصلے مسلط کرے۔ نظام ہی میں مسائل کا سد باب ہو۔

ان دونوں باتوں میں وزن ہے۔ دیکھنا بس یہ ہے کہ پاکستان کے خاص حالات میں کون سا حل بہتر ہو سکتا ہے۔ ہمارا تجربہ یہ ہے کہ معاملہ محض اہل سیاست کا نہیں ہے۔ ہمیں جس بحران کا سامنا ہے' اس میں ریاست کے دیگر ادارے بھی حصہ دار ہیں۔ عدلیہ ان دنوں بطور خاص زیر بحث ہے۔ شکایت یہ ہے کہ عدالتی تحرک (Judicial Activism) نے عدالت کو پارلیمان کا متبادل ادارہ بنا دیا جہاں قانون سازی ہونے لگی اور حاشیے کے نام پر نیا متن لکھا جانے لگا۔ اس کا حل بھی ہم نے یہ نکالا کہ آئین میں تبدیلی لا کر عدلیہ کی مبینہ من مانی پر قابو پایا جائے۔

اب تجربہ یہ بتاتا ہے کہ افراد اگر ذمہ دارانہ ہوں تو نظام کوئی بھی ہو' نتیجہ خیز نہیں ہو سکتا۔ کل طاقت کا پلڑا اگر عدلیہ کی طرف جھکا ہوا تھا تو آج پارلیمان کی طرف جھک گیا۔ کل پارلیمان سے شکایات پیدا ہوئیں تو کیا اسے کسی اور طرف جھکایا جائے گا؟ غیر جمہوری مداخلت کا جواز ہم یہ پیش کرتے آئے ہیں کہ اہل سیاست کے غیر ذمہ دارانہ رویے نے اس کا راستہ کھولا۔ کہنا یہ کہ یہ اونٹ کسی کروٹ بیٹھتا دکھائی نہیں دیتا۔

اس بے یقینی کا ایک سبب یہ بھی ہے کہ ہمارے ملک میں کبھی کسی ایک سیاسی جماعت کو اتنا طاقتور نہیں ہونے دیا جاتا کہ طاقت کا توازن فیصلہ کن انداز میں اس کی طرف جھک جائے۔ جب کوئی جماعت دو تہائی اکثریت حاصل کرتی ہے یا اس کا امکان پیدا ہوتا ہے تو اس کے پر کاٹ دیے جاتے ہیں۔ جواز یہ بنایا جاتا ہے کہ سیاسی راہنما پھر مطلق العنانیت کی طرف چل پڑتے ہیں۔ کوئی امیر المومنین بننا چاہتا ہے اور کوئی تمام اختیارات کا حامل صدر۔

میرے نزدیک اس مخمصے کا فوری حل ممکن نہیں۔ جمہوری روایات اور رویے کی آبیاری کے بغیر ہر نظام بے معنی ہے۔ جہاں سیاسی بلوغت نہ ہو وہاں کسی خیر کی امید نہیں رکھنی چاہیے۔ اس لیے ہمیں سب سے پہلے تو سماج کو جمہوری بنانا ہوگا۔ جہاں لوگ سیاست دانوں کو بھی مرشد بنالیں وہ نظام جمہوری کیسے ہو سکتا ہے؟ مرید بھی مرشد کا احتساب نہیں کر سکتا۔ بایں ہمہ' ہمیں سیاسی نظام کے بارے میں بھی سوچنا ہوگا جس میں غلطی کے امکانات کو کم کیا جا سکتا ہے۔

میں نے پہلے بھی لکھا تھا کہ ہمیں متناسب نمائندگی کی طرف جانا چاہیے۔ اس سے سیاسی جماعتیں مضبوط ہوں گی اور سیاسی قیادت کو یہ موقع مل سکے گا کہ وہ عوام کو بہتر قیادت فراہم کرے۔ دو جماعتوں کے بارے میں میں بھی نہیں جان سکا کہ وہ اس کیلئے کیوں آواز نہیں اٹھاتیں۔ ایک تحریک انصاف اور دوسری جماعت اسلامی۔ تحریک انصاف ایک شخصیت کے سحر کا نام ہے۔ گزشتہ انتخابات نے اس پر مہر تصدیق ثبت کر دی۔ اس کے حامی عمران خان صاحب کو جانتے ہیں اور بس! انہیں اس سے کم سروکار ہے کہ اسمبلی میں پہنچنے والا کون ہے۔ یہ بات خان صاحب کے حق میں جاتی ہے مگر انہوں نے کبھی اس کی بات نہیں کی۔ دوسری جماعت اسلامی ہے۔ یہاں لوگ ایک نظریے سے وابستہ ہوتے ہیں۔ وہ کسی فرد کے نہیں' جماعت کے وفادار ہوتے ہیں۔ انہیں بھی اس سے کم سروکار ہوتا ہے کہ ان کے حلقے میں ان کا امیدوار کون ہے۔ یہ دونوں جماعتیں' میں نہیں جان سکا کہ متناسب نمائندگی کی بات کیوں نہیں کرتیں۔

اس کے لیے بھی آئینی ترمیم کی ضرورت ہوگی۔ (ن) لیگ اور پیپلز پارٹی تو شاید اس کی حمایت نہ کریں کہ یہ ان کے حق میں نہیں۔ (ن) لیگ ایک دور میں ایسا کر سکتی تھی جب نواز شریف صاحب کی مقبولیت اپنے عروج پر تھی۔ اگر ہم سیاسی جماعتوں کو مضبوط بنانا چاہتے ہیں جو جمہوریت کی کامیابی کے لیے ناگزیر ہے' تو متناسب نمائندگی کی طرف جانا ہوگا۔ آج اگر پارلیمان اقلیت کی یرغمال بن جاتی ہے تو اس کا سبب بھی سیاسی جماعتوں کی کمزوری ہے۔

گزشتہ ایک آدھ ماہ میں ہم جس آئینی اور سیاسی بحران سے گزرے ہیں' اس نے ہمیں موقع فراہم کیا ہے کہ ہم اپنے جمہوری نظام کو درپیش حقیقی چیلنج کا ادراک کریں اور پھر اس کا حل تلاش کریں۔ بدقسمتی سے ہمارے ہاں ہر تجربہ وقتی معاملات کا اسیر ہو گیا ہے۔ یہ اسی سطحیت کا نتیجہ ہے جس کو ہم بھگت رہے ہیں۔ نواز شریف کے پر کیسے کاٹے جائیں؟ عمران خان سے کیسے نجات حاصل کی جائے؟ ہماری ساری حکمت عملی ان سوالوں کے گرد گھومتی ہے اور اس کے لیے کیا آئین اور کیا اخلاقیات' ہم ہر چیز کے قطع وبرید پر آمادہ ہو جاتے ہیں۔

گگن گیر حملہ، اسمبلی اور برکس پیش رفت

نوید فکر

نعیمہ احمد مہجور

انڈیا کے زیر انتظام کشمیر کے طول وعرض میں تشدد اور اموات کا سلسلہ مکمل طور پر بند نہیں ہوا۔ حکومت نے کئی بار دہرایا کہ خطے میں بندوق برداروں کا صفایا کر دیا گیا ہے جس کا واضح ثبوت حالیہ پرامن انتخابی عمل ہے۔ تقریباً تین دہائیوں کے بعد عوام نے بے خوف ہو کر انتخابات میں حصہ لیا، اپنے نمائندے چنے اور تشدد کرنے والوں کو پیغام دیا کہ ہم نے ایک بار پھر جمہوریت پر بھروسہ کر کے اپنی سوچ کو تبدیل کیا ہے۔ مگر نئی اسمبلی کی حلف وفاداری کا عمل شروع بھی نہیں ہوا تھا کہ شمالی کشمیر میں شدید حملے کی خبر آئی جس نے ہر ایک پر سکتہ طاری کر دیا۔ یہ حملہ انڈیا کے زیر انتظام کشمیر کو لداخ سے ملانے والی شاہراہ پر زیر تعمیر ٹنل 'زیڈ موڑ' کے قریب ہوا جس کی دفاعی لحاظ سے نہ صرف بڑی اہمیت ہے بلکہ انتہائی سخت سیکورٹی والے اس علاقے میں ایسا حملہ ہونا تشویش کا باعث بھی ہے۔ اگرچہ بیشتر لوگوں نے اس حملے کی شدید مذمت کی مگر سیکورٹی اداروں کی نگہداشت سوالیہ نشان بن گئی ہے۔ یہ شاہراہ 24 گھنٹے انڈین افواج کی نقل وحمل میں رہتی ہے۔ چار سال قبل لداخ کے گلوان علاقے میں لائن آف ایکچول کنٹرول پر چینی افواج کے ساتھ معرکہ آرائی کے بعد یہ خطہ خاصی کشیدگی کا باعث رہا اور افواج کی نقل وحمل میں کافی اضافہ ہوا ہے۔ انڈیا نے اضافی فوج، اسلحہ اور بارود سرحد پر پہنچانے کے لیے سڑک کی تعمیر پر بڑی رقم خرچ کی ہے۔

موسم کی شدت اور برف باری کے باعث یہ شاہراہ سردیوں میں بند ہو جاتی ہے جس کا توڑ کرنے کے لیے زیڈ موڑ سرنگ کا جامع منصوبہ بنایا گیا جو تکمیل کے مراحل میں ہے۔ اسی سرنگ کے پاس تشدد کا دل دہلانے والا یہ واقعہ رونما ہوا۔ پولیس کے مطابق اتوار کی شام کام ختم کر کے سرنگ کے ملازم اور انجینئر واپس اپنے گھروں کو جا رہے تھے کہ کچھ 'دہشت گردوں' نے ان پر گولیاں چلائیں۔ ایک مقامی ڈاکٹر سمیت چھ ملازمین کی اموات کا بتایا گیا ہے، جبکہ کئی اور ہسپتال میں زیر علاج ہیں۔ واقعے کے فوراً بعد انڈیا نے اعلان کیا کہ چین کے ساتھ سرحدی تنازع ختم کرنے پر دونوں ملکوں کے مابین پیش رفت ہوئی ہے اور لداخ میں دو متنازع سرحدی چوٹیوں اور گشت کے بارے میں دونوں کے تحفظات کو کسی حد تک سلجھایا گیا ہے۔

وزارت خارجہ کی پریس بریفنگ میں بیان کے بعد وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ دونوں ملکوں نے سرحدی معاملے کو باہمی گفت وشنید سے طے کیا ہے، جس کے بعد کازان میں برکس سربراہ اجلاس میں شی جن پنگ اور نریندر مودی کے بیچ ملاقات ہوئی اور سرحدی مسئلے باہمی طور پر سلجھانے کا وعدہ کیا۔ گو یہ باہمی تعلقات کو سدھارنے میں بڑی پیش رفت ہے اور دونوں ملکوں کے عوام کے لیے خوش آئند بات ہے البتہ گگن گیر کے قریب ہونے والے حملے کے پس منظر میں اس کی خوشی ماند پڑ گئی۔ لداخ کے بیشتر عوام اس وقت ریاستی درجہ حاصل کرنے کی لڑائی دہلی کے ایوانوں میں لڑ رہے ہیں جس کے لیے پدیاترا، کارکنوں کی حراست اور اب مرکزی حکومت کی بات چیت کرنے کے وعدے تو ٹھیک ہیں لیکن اس علاقے پر چین کا بھی خاصا اثر رسوخ ہے جو لداخ کو یونین ٹریٹری بنانے کے بعد مزید بڑھ گیا ہے۔ سرحد کے آس پار چینی افواج، بارود میں اضافہ اور بستیوں کی تعمیر بڑھتی جاری ہے۔

دہلی کے دفاعی تجزیہ نگار روہت کمار کہتے ہیں کہ 'انڈیا اور چین اس وقت دنیا کی دو ابھرتی معیشتیں ہیں اور دونوں کا عالمی سیاست پر خاصہ اثر رسوخ ہے۔ اگر دونوں ایک دوسرے کے قریب آکر اپنے مسائل حل کرنے کا عہد کرتے ہیں تو یہ اس خطے کیا امن وترقی کے لیے بڑی پیش رفت ہے، البتہ کیا انڈیا چین کے وعدوں پر بھروسہ کر سکتا ہے اس پر مجھے ذاتی تحفظات ہیں۔ سرینگر اور لداخ کے بیچ اس شاہراہ پر ہونے والے حالیہ حملے کے بعد سیکورٹی انتظامات کا پھر جائزہ لیا جا رہا ہے۔ یاد رہے جموں میں پچھلے دو برسوں میں ایک درجن سے زائد حملے انڈین افواج پر ہوئے ہیں اور جن علاقوں میں حملے ہوئے وہ زیادہ تر ہندو علاقے ہیں۔ سیکورٹی ادارے کہتے رہے ہیں کہ وادی میں بندوق برداروں کو کشمیری مسلمان اپنے گھروں میں پناہ دیتے آ رہے ہیں۔ لداخ میں بودھ اور کرگل میں مسلم آبادی ہے، البتہ یہاں کی آبادی میں آزادی یا علیحدگی پسند رجحانات کا کوئی شائبہ تک نہیں بلکہ یہ 100 فیصد خود کو انڈین تصور کرتے ہیں۔

سوال یہ ہے کہ حالیہ حملہ آور کون ہیں؟ ان کا مسکن کہاں ہے؟ اور یہ کن راستوں سے گزر کر یہاں تک پہنچے؟ اس کے بارے میں حکومت کو ایک غیر جانب دار ادارے سے تحقیقات کرانے کا مطالبہ کیا جانے لگا ہے۔ میڈیا کو کھل کر بات کرنے کی اجازت نہیں، سرکاری بیانات واحد ذریعہ ہیں اور عوام بات کرنے سے کتراتے ہیں۔ کشمیر، لداخ اور جموں کے عوام نے گگن گیر حملے کی شدید مذمت کی اور ایسے عناصر کی نشاندہی کرنے پر زور دیا جو اس خطے کا امن درہم برہم کرنے پر کار مزن ہیں۔ یہ مذمتی بیان پہلی بار آج اُن حلقوں سے بھی آئے جو کبھی مسلح تحریک کے طرفدار ہوا کرتے تھے۔ سماجی کارکن نذیر احمد کہتے ہیں کہ 'ہم نے ایک بار پھر جمہوریت کا ہاتھ تھاما، ووٹ ڈالے، اسمبلی منتخب کی، اب ہم اپنے بنیادی حقوق، آئین اور قانون کے دائرے میں رہ کر حاصل کرنے کے لیے جدوجہد کریں گے۔

'انڈین حکومت کے لیے یہ بڑا لمحہ فکریہ ہے کہ کیا وہ ہمیں انڈین سمجھ کر اپنے آئینی حقوق واپس لوٹا دے گی یا وہ اس خطے میں مسلح تحریک کے بیانیے کو مضبوط کرے گی جس کا جواز رہا ہے کہ کشمیر میں جمہوریت کی آڑ میں یہاں کے باشندوں سے زمین، زراعت، شناخت اور وقار چھین لیا جا رہا ہے اور عنقریب اب گھروں سے بھی بے دخل کر دیئے جائیں گے۔ ایسا رویہ پہلی بار نظر آ رہا ہے کہ عوام کے بڑے طبقوں نے تشدد کو مسترد کر کے اپنے حقوق کے حصول کی پرامن جدوجہد چلانے کا تہیہ کیا ہے اور جس میں کسی اور ملک کو اپنی ٹانگ اڑانے کی ضرورت نہیں۔ بیشتر لوگ پاکستان کا ذکر کرنے سے کتراتے ہیں۔ حریت کانفرنس کے ایک سابق سرکردہ رہنما (نام سیکورٹی کے لیے خفیہ رکھا گیا ہے) کے بقول 'جب پاکستان خود مسئلہ کشمیر سے دستبردار ہوا ہے اور انڈیا سے مراسم یا تجارت کو ترجیح دے رہا ہے تو کشمیری اپنی جانوں کا زیاں کیوں ہونے دیں۔ پاکستان نوازوں کو اپنا بیانیہ بدل کر انڈین آئین میں اپنی مخصوص جگہ حاصل کرنی چاہیے۔ کشمیریوں کو استعمال کرنے کی بجائے انہیں زندہ رہنے کا موقع دینا چاہیے کیونکہ اس قوم پر نوجوانوں کی کئی نسلیں قبروں میں دفن کر مصیبتوں کے پہاڑ ٹوٹ پڑے ہیں۔ آرٹیکل 370 کے خاتمے کے بعد اندرونی طور پر اس خطے کو سیاسی طور پر بے اختیار کر دیا گیا ہے

عوامی اشتہارات
MASHRIQ CLASSIFIED

صحبت پور ضلع بھر میں آوارا اور باؤلے کتوں کی بھرمار
انسانوں اور جانوروں کا جینا دوبھر کر کے رکھ دیا ہے، عوامی حلقے

کسی بھی غیر جمہوری فیصلے کو قبول نہیں کرتے، سیما خاران
مرکزی الیکشن کی تیاریاں مکمل ہونے کے بعد کیس دائر کرنا خیانت ہے

میر فراز بلیدی کی ہدایات پر محکمہ تعلیم میں اصلاحات کا تسلسل جاری

گمشدگی شناختی کارڈ

روزگار کے مواقع

کسی بھی غیر جمہوری فیصلے کو قبول نہیں کرتے، سیما خاران
مرکزی الیکشن کی تیاریاں مکمل ہونے کے بعد کیس دائر کرنا خیانت ہے

لورالائی میں پہلی بار خواتین کو درپیش مسائل کے حل کیلئے کچہری کا انعقاد
خواتین نے محکمہ صحت، بی آئی ایس پی، ایجوکیشن سے متعلق مسائل کے انبار لگا دیئے

یحییٰ آفریدی کی بطور چیف جسٹس آف پاکستان تعیناتی پر مبارکباد

اطلاع عام

تلاش گمشدہ

عاق نامہ

پشین میں مرکزی انجمن تاجران رحیم کاکڑ گروپ کے زیر اہتمام تقریب سے ممبر صوبائی اسمبلی سردار زادہ میر صفر اللہ خان ملک بہادر خان ترین حاجی محمد اسلم خطاب کر رہے ہیں

سردار زادہ میر دینار ڈوکی کی ہنگری ہاؤس آمد، قبائلی عمائدین کی شمولیت کا اعلان
ساجد ہنگری کی قیادت پر اعتماد کا اظہار، ولی کھوکھر اور آرائیں کی شمولیت کا اعلان

عوام کی جان و مال کا تحفظ پولیس فورس کا اولین فرض ہے، ایس پی
اوستہ محمد کی سرزمین جرائم پیشہ عناصر کے لیے تنگ کر دی گئی ہے، انور بادینی

لورالائی میں پہلی بار خواتین کو درپیش مسائل کے حل کیلئے کچہری کا انعقاد
خواتین نے محکمہ صحت، بی آئی ایس پی، ایجوکیشن سے متعلق مسائل کے انبار لگا دیئے

عوام کی جان و مال کا تحفظ پولیس فورس کا اولین فرض ہے، ایس پی
اوستہ محمد کی سرزمین جرائم پیشہ عناصر کے لیے تنگ کر دی گئی ہے، انور بادینی

اے این پی کی قیادت کا میر اصغر مری کی حمایت کا فیصلہ، سعید خان نجک
بی کے عوام 14 نومبر کو میر اصغر مری کو ووٹ دیکر کامیاب بنائیں، پریس کانفرنس

... میر اصغر مری کے انتخابی نشان کیتلی پر ٹھپہ لگا کر میر اصغر مری کو کامیاب بنائیں اس موقع پر محمد حسین نجک، سردار محمد ابراہیم باروزئی، میر اسلم کشکوری، مولانا ادریس رند، یار محمد منگولی، مولانا یحییٰ مرغزانی، احمد خان لونی، خان محمد سیلاچی، و دیگر معتبرین کی بڑی تعداد موجود تھی ... دری بھی شامل ہے انھوں نے کہا کہ میر اصغر مری پوری بی کا مشترکہ امیدوار ہے ہماری بہتری بھی اسی میں ہے کہ ہم سب متحد ہو کر بی کو اس کے حقوق دلا سکتے ہیں لہذا اب وقت کا تقاضہ ہے کہ تمام اقوام میر اصغر مری پر اتفاق کرتے ہوئے ایک بار انہیں اور موقع دیں۔

بعدالت جناب ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج پشین

رجسٹر نمبر 32/2024 | اپیل دیوانی 96 ویں

... درخواست عنوان بالا کی پیشی مورخہ 05/11/2024 کو عدالت ہذا میں مقرر ہوئی ہے لہذا بذریعہ اشتہار ہذا ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو درخواست عنوان بالا کی بابت کسی کو کوئی اعتراض / عذر ہو تو مقررہ تاریخ پیشی پر عدالت ہذا میں بر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہو کر درخواست کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی آج مورخہ 22/10/2024 کو میرے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا

نمائندہ بارکھان.........

بعدالت جناب سول جج فیملی جج بارکھان

جانشینی نمبر 024 | آئندہ تاریخ پیشی 05/11/2024

درخواست جانشینی زیر دفعہ 372 ایکٹ 1925 مبلغ 718/ روپے

نمائندہ بارکھان.........

TENDER NOTICE

TSE-242510581443 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Executive Engineer-I Provincial B&R District Zhob invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2024 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee Rs.1000/- and Bid Security 3%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	Construction of Road Zhob-Wana (ADDL) District Zhob (PKG-II)	862,827,987

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required PEC Registration with CE-02 (complete), CE-01 & CE-10 Code 1 ongoing work of road of minimum value 400 million or 2 combined work order of minimum value of 400 million issued by a valid procuring agency in last 05 years 1 ongoing work of bridge of minimum value 300 million or 2 combined work order of minimum value of 300 million issued by a valid procuring agency in last 05 years Turnover certificate showing an average turnover off 200 million (per year) in last 03 years 3% CDR / bank guarantee in favour of Executive Engineer Roads CWPP&H Department No Litigation / Black Listing Certificate on Rs. 100 Stamp Paper duly attested by notary public / oath commissioner in favour of Executive Engineer Roads CWPP&H Department Zhob along with the name of work and TSE no. of the subject work **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 3 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 12 November, 2024till 01:30 PM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 02:30 PM on EPPS System **Address:** Office of The Executive Engineer-II Provincial B&R District Zhob Phone no: 030000000
Email: muheebullahzhob@gmail.com

Executive Engineer-Road
CW PP&H Department
District Zhob

PRQ No.1644/26-10-2024

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

The Public Model High Schools Initiative for all Districts of Balochistan invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-242510580811 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required.** Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. **T/Fee Not Required**

S.No	Class of Object	Bid Security
1	Furniture & Fixtures (Total Item(s) Count: 4)	3 %

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 3 Assignments of Similar Nature and Complexity 400,000,000 in Previous 3 Years Turn over of at least 350,000,000 PKR in 3 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List Sales Tax Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan JV is not permissible Submission of the required Bid Security In case Bid Security is not found as required during financial evaluation the bidding firm shall be declared as in-eligible and non-responsive The Bidder Must deliver in 60 Days after Issuance of Supply Order Bidder must provide credit line of 500 million from recognized bank The bidder must have membership of chamber of commerce industry Last 3 years income tax returns 3 years Audited financial statement must be verified by the chartered Accountant ISO 9001:2015 **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 3 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 14 November, 2024till 11:00 AM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 12:00 PM on EPPS System **Address:** House No. 48-B Chaman Housing Airport Road, Quetta
Phone no: 0812084750Email: publicmodelhighschools@gmail.com

Admin & Account Officer
PMU Public Model High School

AB No.426/26-10-2024

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

تصحیح عارضی آسامیاں

بحوالہ اشتہار نمبر PRQ No 1479 مورخہ 11 اکتوبر 2024ء کو جو آسامیاں مشتہر کی گئی تھیں۔ ان خالصتاً عارضی آسامیوں کے لئے درخواستیں جمع کروانے کی آخری تاریخ میں توسیع کی گئی ہے۔ اس کے علاوہ، تعلیمی قابلیت اور عمر اور اسکیل میں ضروری تصحیح بھی کی گئی ہیں۔ **ان آسامیوں کے لئے درخواستیں جمع کروانے کی آخری تاریخ 12 نومبر 2024ء ہے۔**
آسامیوں کی تفصیل درج ذیل ہیں۔

DETAIL OF TEACHING STAFF VACANCY CONTRACTED BASIS BPS-14 TO BPS-15 (GENERAL) (REVISED)

نمبر شمار	آسامی کا نام بمعہ گریڈ	بنیادی تعلیمی قابلیت
1	ایلیمنٹری سکول ٹیچر EST (B-15)	بیچلر ڈگری (اونرز) (ایجوکیشن میں) 4 سالہ BS ایجوکیشن کسی مستند یونیورسٹی سے یا بیچلر ڈگری بمعہ بی۔ایڈ (B.Ed) کسی مستند یونیورسٹی سے
2	جونیئر انگلش ٹیچر (JET)(B-15)	بیچلر ڈگری (اونرز) (ایجوکیشن میں) 4 سالہ BS ایجوکیشن کسی مستند یونیورسٹی سے یا بیچلر بمعہ بی۔ایڈ (B.Ed) کسی مستند یونیورسٹی سے
3	جونیئر انگلش ٹیچر ٹیکنیکل (JET-Tech)(B-15)	بیچلر ڈگری کسی مستند یونیورسٹی سے اور ایک سالہ ٹریننگ ڈپلومہ ایگروٹیک ٹیچرز ٹریننگ سینٹر
4	جونیئر عربک ٹیچر (JAT) (B-15)	گریجویشن بمعہ عربی بطور مضمون اور عربک ٹیچرز ٹریننگ سرٹیفکیٹ ہائیر ایجوکیشن کمیشن سے منظور شدہ یونیورسٹی یا ادارے سے یا (ATTC) الشہادۃ العالیہ (مساوی بیچلر ڈگری) از تنظیم المدارس / وفاق المدارس یا ہائیر ایجوکیشن ہائیر ایجوکیشن کمیشن سے منظور شدہ یونیورسٹی یا ادارے سے ATTC کمیشن سے منظور شدہ ادارے سے بمعہ یا سند درس نظامی کسی منظور شدہ ادارے سے بمعہ عربک ٹیچرز ٹریننگ سرٹیفکیٹ ہائیر ایجوکیشن کمیشن سے منظور شدہ یونیورسٹی یا ادارے سے
5	فزیکل ایجوکیشن ٹیچر (PET)(B-15)	بیچلر ڈگری کسی مستند ادارے سے بمعہ ڈپلومہ فزیکل ایجوکیشن
6	ڈرائنگ ماسٹر (DM)(B-15)	بیچلر ڈگری بمعہ ڈرائنگ سرٹیفکیٹ کسی مستند ادارے سے
7	جونیئر ورناکیولر ٹیچر (JVT)(B-14)	بیچلر ڈگری کسی مستند ادارے / یونیورسٹی سے اور پرائمری ٹیچنگ سرٹیفکیٹ / بیچلر آف ایجوکیشن کسی مستند ادارے سے / ایسوسی ایٹ ڈگری (دو سالہ) ایجوکیشن میں / بیچلر ڈگری (اونرز) ایجوکیشن (چار سالہ) کسی مستند ادارے سے
8	معلم القرآن (MQ)(B-14)	بیچلر ڈگری کسی مستند ادارے / یونیورسٹی سے یا سند (مساوی بیچلر ڈگری کے) وفاق المدارس، تنظیم المدارس یا محکمہ تعلیم کے کسی مستند ادارے سے

Ranking Criteria or Weightage Formula for the post and preparation of final merit list

Merit	Marks
Weightage of prescribed Academic Qualification. **Note:** **Marks of the eligible candidates shall be calculated on follows.** **(i) Matriculation 33%** **(ii) Intermediate 33%** **(iii) Graduation (Bachelor's Degree) 34%**	**100%**
Total Merit Marks	**100%**

S. No	Union Council Name	EST		JET		JAT		PET		JDM		JVT		MQ		Total		Total M+F
	Posts Category wise	M	F	M	F	M	F	M	F	M	F	M	F	M	F	M	F	
1	AHMED ABAD	0	0	1	0	0	0	0	0	1	0	2	0	0	0	4	0	4
2	SHAHAN PALAL	0	0	0	0	0	0	0	0	1	0	0	0	0	0	1	0	1
3	BAGH HEAD	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	2	0	0	0	2	0	2
4	QABOOLA	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	2	0	0	0	2	0	2
5	ASIF ABAD	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	1	1	0	0	1	1	2
6	JANG DOST	0	0	1	0	0	0	0	0	0	0	4	1	0	0	5	1	6
7	KARIYA FAIRY	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	2	0	0	0	2	0	2
8	SATHI	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	1	0	0	0	1	0	1
9	MC GANDAKHA	0	1	1	1	0	0	0	0	0	1	4	1	0	0	5	4	9
10	MUNDAR KOT	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	2	0	0	0	2	0	2
11	NOSHKI JADEED	0	0	2	0	1	0	0	0	1	0	3	0	0	0	7	0	7
12	KHAN PUR	0	0	2	0	0	0	0	0	0	0	5	1	0	0	7	1	8
13	FAIZ ABAD	1	0	0	0	0	0	0	0	0	0	1	0	0	0	2	0	2
14	MC USTA MUHAMMAD	0	0	7	4	0	0	1	0	0	0	6	5	0	1	14	10	24
15	MEHRAB PUR	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	2	0	0	0	2	0	2
16	NOOR PUR	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	1	0	0	0	1	0	1
17	KHAIR PUR	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	2	0	0	0	2	0	2
18	HADIRO	0	0	1	0	0	0	0	0	0	0	5	1	0	1	6	2	8
19	SHAHALZAI	0	0	1	0	0	0	0	0	0	0	3	2	0	0	4	2	6
	Total	1	1	17	5	1	0	1	0	3	1	48	12	0	2	70	21	91

DETAIL OF DISABILITY AND MINORITY BPS-14 TO BPS-15 (QUATT 5%)

S.No	Union Council Name	EST		JET		JAT		PET		JDM		JVT		MQ		Total		Total M+F
	Posts Category Wise	M	F	M	F	M	F	M	F	M	F	M	F	M	F	M	F	
1	District Minority Postos	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	1	0	0	0	1	0	1
2	District Disability Posts	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	1	0	0	0	1	0	1

ضروری ہدایات شرائط و ضوابط: (1) ہر آسامی کیلئے صرف مطلوبہ تعلیمی قابلیت رکھنے والے امیدواران درخواست دینے کے اہل ہوں گے (2) متعلقہ ڈسٹرکٹ کے لوکل / ڈومیسائل حامل امیدوار درخواست جمع کروانے کے اہل ہوں گے (3) امیدوار کو گریجویٹ ہونا چاہیے اور عمر کی بالائی حد 55 سال سے زائد نہ ہو (4) سرکاری ملازمین اپنے محکمے کے توسط سے درخواستیں ارسال کریں (5) تمام ریکروٹمنٹ خالصتاً حکومت بلوچستان سے منظور شدہ ریکروٹمنٹ پالیسی 2024 (عارضی تعیناتی) کے تحت ہوگی۔ حکومت بلوچستان اور محکمہ اسکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے دیگر قوانین / پالیسی / نوٹیفکیشن جو ریکروٹمنٹ پالیسی 2024 (عارضی تعیناتی) سے متصادم ہوں اس ریکروٹمنٹ پر قابل عمل نہ ہوں گے (6) آسامیاں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر مشتہر کر رہی ہے لہذا صرف متعلقہ دفتر سے موصول شدہ معلومات کے مطابق درخواستیں جمع کروائیں (7) تصدیق شدہ خالی آسامیوں کی یونین کونسل فہرست محکمہ اسکول ایجوکیشن اور حکومت بلوچستان کی ویب سائٹ پر ملاحظہ کی جا سکتی ہے (8) شہری علاقوں کی میرٹ لسٹ میٹروپولیٹن، میونسپل کارپوریشن اور میونسپل کمیٹی کی حدود کے مطابق ہوگی جبکہ دیہی علاقوں کی میرٹ لسٹ یونین کونسل وار مرتب ہوگی (9) معذور افراد کا کوٹہ اور اقلیتی کوٹہ کی علیحدہ علیحدہ میرٹ لسٹ ضلع کی سطح پر مرتب ہوگی معذور افراد محکمہ سوشل ویلفیئر کی جانب سے جاری کردہ معذوری سرٹیفکیٹ کی بنیاد پر درخواست جمع کروانے کے اہل ہوں گے اور کوئی ایسی معذوری قابل قبول نہ ہوگی جو تعلیمی عمل کو متاثر کرتی ہو (10) ...

نوٹ: (1) بنیادی اہلیت کیلئے امیدواروں کے مجموعی نمبر 50 ہوں گے ... (2) ... **درخواست دینے کا طریقہ کار:** (1) تمام خواہشمند امیدوار اپنی درخواستیں ... ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر ... کے دفتر میں جمع کروائیں ...

ڈسٹرکٹ ایجوکیشن
آفیسر اوستہ محمد

PRQ No 1645/26-10-2024

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

میٹروپولیٹن کارپوریشن مکمل فعال بلوچستان کے چہرے کوئٹہ کا حسن بحال ہو رہا ہے

خصوصی رپورٹ
عارف محمود رانا

میٹروپولیٹن کارپوریشن بلدیاتی / کوئٹہ شہر کے انتظامی معاملات میں اہم کردار کا حامل ہے، تقریباً 2.6 ملین کی آبادی اور 3501 مربع کلومیٹر رقبے پر محیط صوبائی دارالحکومت کوئٹہ اپنے شہری معاملات کو

سنبھالنے کیلئے میٹروپولیٹن کارپوریشن پر انحصار کرتا ہے ، ادارے کی سر براہی ایڈمنسٹریٹر کے ذمہ ہے1986ء سے قائم میونسپل کمیٹی کے طور پر خدمات انجام دینے والے اس ادارے کو برصغیر کے قدیم ترین اداروں میں سے ایک ہونے کا اعزاز حاصل ہے، کوئٹہ شہر کی بدلتی شہری ضروریات کے حساب سے یہ ادارہ اپنی خدمات جاری رکھے ہوئے ہے۔1981ء میں اسے میونسپل کارپوریشن کا درجہ دے دیا گیا 2010ء میں میٹروپولیٹن کارپوریشن شہری منظر نامے میں بہتری اور اس کی پائیداو تشکیل بھی تفویض کردی گئی شہری معاملات و انتظامی نظم و نسق سے متعلق اختیارات کا حامل خودمختار ادارے (کارپوریشن) کے طور پر اپنی خدمات انجام دے رہا ہے، اس کی بنیادی ذمہ داریوں میں صوبائی دارالحکومت میں خدمات کی انجام دہی، معیار زندگی کی بہتری اور فلاح و بہبود کے مختلف منصوبے شامل ہیں ، شاہراہوں ، نالوں کی صفائی ، شہر میں

بلڈنگ کنٹرول، نقشوں کی منظوری ، بلڈنگ کنٹرول کو ریگولیٹ کرتا ہے، آگ پر قابو پانے کے اقدامات فائر بریگیڈ کی سہولیات ، ہسپتالوں کے فضلہ جات کو ٹھکانے لگانے

کے اقدامات، ملیشن کی فلاح و بہبود۔ مزید برآں، محکمہ ٹیکس وصولی کی نگرانی کرتا ہے، اور نظم و نسق کو برقرار رکھنے اور عوامی مقامات کو محفوظ رکھنے کے لیے انسداد تجاوزات مہم چلاتا ہے۔ مزید برآں، میٹرو پولیٹن کارپوریشن کوئٹہ صحت عامہ کے اقدامات، سہولت کاری میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ اہم واقعات کی رجسٹریشن جیسے پیدائش، اموات، شادیاں، اور غیر شادی شدہ سرٹیفکیٹ، جبکہ انسداد ملیریا پروگرام بھی اس کی ذمہ داریوں میں شامل ہیں، شہر سے آوارہ کتوں کو تلف کرنے ، ماحولیاتی معاملات ، شہر میں لگے پیڑ پودوں ، درختوں کو پانی کی فراہمی اور ان کی حفاظت کیلئے اقدامات فرائض میں شامل ہیں، اسی ادارے کے زیر سایہ فاطمہ جناح گرلز سکول اور سنڈیمن لائبریری جیسے ادارے فکری

ترقی اور بااختیار بنانے کے راستے فراہم کرتے ہیں۔ محکمہ شہری انفراسٹرکچر کی فعالیت اور حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے خدمات انجام دے رہا ہے، سڑکیں، مین ہولز، گلیوں میں اسٹریٹ لائٹس تمام رہائشیوں کے لیے قابل رسائی اور رہنے کے معیار کو برقرار رکھنے کے لیے بھی اس ادارے کی خدمات وقف ہیں، عرصہ دراز سے نظام کے بگاڑ، سیاسی مداخلت اور اقربا پروری و بیڈ گورننس نے اس اہم ادارے کی بنیادیں کھوکھلی کر کے رکھ دیں، جس سے کوئٹہ شہر کا نظام شہریت مکمل طور پر تباہ ہو کر رہ گیا، اور اس ادارے کا اپنا نظام مکمل طور پر مفلوج ہو گیا جس سے کئی کئی ماہ ملازمین کی تنخواہوں اور پنشن کی عدم فراہمی ، متاثرہ ملازمین کا احتجاج، کام کی بندش، شہر میں کچرے کے ڈھیر، فائر بریگیڈ سہولیات میں خلل، میونسپل سروسز مکمل طور پر معطل ہونے کے در پر پہنچ گئی تھیں۔

موجودہ صوبائی حکومت نے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی قیادت

میں عنان حکومت سنبھالنے کے بعد سے ہی اس اہم ادارے کو دوبارہ فعال کرنے ، کیلئے اپنی کوششیں شروع کردیں، اس سلسلے میں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے

اقتدار سنبھالتے ہی عزم کا اظہار کیا تھا کہ کوئٹہ شہر کے لیے اپنے وژن میں صفائی اور ترقی کو ترجیح دیتا ہوں۔ ترقی کے بنیادی ستون میں کوئٹہ کو بہتر بنانے کے لیے پرعزم ہوں۔ ایک صاف ستھرا اور متحرک شہر مرکز کی روشن مثال بن کر ابھرے گا۔ اس مقصد کے حصول کے لیے میں ہر ممکن کوشش کی جائیگی، کوئٹہ کی ترقی کے لیے تمام وسائل بروئے کار لاتے ہوئے ہر کوشش کریں گے اس سلسلے میں بہترین کمشنر / ایڈمنسٹریٹر کا تقرر کر کے انتظامیہ کو بہتر بنایا گیا، یہ اسٹریٹجک اقدام میری ثابت قدمی کی عکاسی کرتا ہے۔ مجھے یقین ہے حکومت اور عوام کی اجتماعی کوششوں سے ہم کوئٹہ کو ایک ایسے شہر میں تبدیل کریں گے جس پر ہم سب کو فخر ہوگا۔

اور تقریباً 10 ماہ کے عرصے کے بعد ہی یہ ادارہ دوبارہ اپنے پاؤں پر کھڑا ہونا شروع ہو گیا ہے، جس کا تمام تر کریڈٹ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اور کمشنر/ ایڈمنسٹریٹر حمزہ شفقات کو جاتا ہے۔ تاثر پایا جاتا تھا کہ یہ ادارہ بلکل کام نہیں کرتا اور ملازمین گھر بیٹھ کر تنخواہیں وصول کرتے ہیں، مگر یہ بات غلط تھی، مگر اس کے پیچھے جو محرک تھے وہ درست تھے، کیونکہ سابقہ ادوار میں سیاسی طور پر دیہاڑی پر بھرتی کردہ ملازمین جو گھر بیٹھے تنخواہیں وصول کر رہے تھے موجودہ حکومت نے ان کو برطرف کر کے ادارے کی ساکھ کو پہنچنے والے نقصان کی بھرپائی کی ہے۔

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی خصوصی ہدایات پر کمشنر کوئٹہ / ایڈمنسٹریٹر حمزہ شفقات کی قیادت میں اس ادارے نے اہم اہداف حاصل کر لئے ہیں، جن میں تمام غیر قانونی پارکنگ کا خاتمہ کر کے ، دیگر پارکنگ کو کارپوریشن کے دائرہ کار میں لاکر، ٹیکس وصول کیا جا رہا ہے۔ جو ماہانہ 10 ہزار سے 10 لاکھ تک ہے۔ تمام پارکنگ کو وزیر اعلیٰ اور پی پی اے بورڈ کے پاس لے جایا گیا اور منظوری مانگی گئی اور باقاعدہ ٹینڈرز جاری کیے گئے، . چمن ماسٹر پلان پر مکمل عملدرآمد کرتے ہوئے اس کا افتتاح کر دیا گیا ، اور اس پلان کے تحت چمن ماسٹر پلان آپریشنز کا ٹینڈر جاری کیا گیا، کوئٹہ شہر کے نالے سے 100 فیصد تجاوزات ختم کی گئیں، جو طوفانی بارشوں اور سیلابی صورتحال میں شہر کے مکینوں کی جان و مال کیلئے خطرہ تھیں۔ شہر میں تجاوزات کے نیچے سے ایسے نالے بھی برآمد ہوئے جو عرصہ دراز سے مکمل طور پر بند کر دیئے گئے تھے جس کی وجہ سے 2022ء میں ہونیوالی بارشوں کے نتیجے میں شہر کو بڑا نقصان پہنچا تھا۔ تمام نالوں سے تجاوزات کا خاتمہ ممکن بنایا گیا۔ شہری صفائی اور روایتی حسن کی بحالی کیلئے 1.5 لاکھ ٹن کچرا اٹھا کر ڈمپنگ گراؤنڈ میں منتقل کیا گیا، مجموعی طور پر 5 لاکھ ٹن کچرا اٹھایا گیا جو تاریخ کا اب تک کا سب سے بڑا صفائی آپریشن تھا، جس سے شہر میں کچرے سے پھیلنے والی بدبو اور بیماریوں پر قابو پانے میں مدد ملی۔ قلعہ عبداللہ میں انسداد منشیات کا سب سے بڑا آپریشن کیا گیا، جس کے

تحت منشیات تلف کی گئیں اور نوجوان نسل کو اس زہر سے بچاتے ہوئے قومی مستقبل کو محفوظ بنانے کا اہم اقدام کا سہرا بھی موجودہ حکومت اور انتظامیہ کے سر جاتا ہے۔

صوبائی دار الحکومت کوئٹہ شہر کے وسط میں واقع کسی ہزاروں فٹ عمارت / زمین کا کرایہ صرف 6 ہزار ہونا ایک حیرت انگیز اور پریشان کن حقیقت تھی ، منان چوک کے بلکل قریب ترین

کیلئے بلدیہ کو جدید بنانے کا منصوبہ شروع ہوا۔ کرایہ 6000 روپے ماہانہ سے بڑھ کر 3 لاکھ ماہانہ ہوگیا۔ شہر میں میٹروپولیٹن کی تمام 800 دکانیں منسوخ کر دی گئیں جن میں سے اکثر صرف چند سو کرایہ بھی باقاعدگی سے ادا نہیں کرتی تھیں نئی شرائط عائد کی گئیں۔ تمام دکانیں سیل کر دی گئیں۔ عدالت میں معاملہ زیر سماعت آیا ، عدالت نے پھر ڈی سیل کر دیا۔ پشین کھیل کا منصوبہ مکمل ہوگیا جس کا اگلے ماہ افتتاح متوقع ہے۔

کوئٹہ شہر میں لاکھوں ٹن کچرے کو ٹھکانہ لگانے کیلئے سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کا معاہدہ کیا گیا جس میں 1 سال

لگتا ہے لیکن یہ 3 ماہ میں مکمل کیا گیا اور 14 اگست کو اس کا باقاعدہ افتتاح نائب وزیر اعظم جناب اسحاق ڈار اور وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کیا اور اس پر

کام شروع ہوا کوئٹہ شہر میں کچرے کو ٹھکانے لگانے کا یہ بنیادی ہنگامی بنیادوں پر جاری ہے ، بلوچستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ ایسا ہوا ہے کہ پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ کے تحت کچرے کو ٹھکانے لگانے کا منصوبہ شروع کیا گیا۔ جس سے روزانہ کی بنیاد پر کچرا ٹھکانے لگایا جا رہا ہے اور صفائی کا عمل بہتر ہو رہا ہے۔ جو وزیر اعلیٰ بلوچستان کی دوررس سوچ، فہم و فراست اور کمشنر کوئٹہ / ایڈمنسٹریٹ حمزہ شفقات اور ان کی ٹیم کی محنت کا نتیجہ ہے۔

کوئٹہ شہر کی اہم شاہراہ . ایئر پورٹ روڈ کی خوبصورتی کا منصوبہ۔

> **کوئٹہ شہر کے لیے اپنے وژن میں صفائی اور ترقی کو ترجیح دیتا ہوں۔ ترقی کے بنیادی ستون میں کوئٹہ کو بہتر بنانے کے لیے پرعزم ہوں۔ ایک صاف ستھر شہر مرکز کی روشن مثال بن کر ابھرے گا۔ اس مقصد کے حصول کے لیے میں ہر ممکن کوشش کی جائیگی، کوئٹہ کی ترقی کے لیے تمام وسائل بروئے کار لاتے ہوئے ہر کوشش کریں گے اس سلسلے میں بہترین کمشنر/ ایڈمنسٹریٹر کا تقرر کر کے انتظامیہ کو بہتر بنایا گیا، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی**

ڈیزائن کیا گیا۔ پی ایس ڈی پی میں شامل ہے، منصوبے سے ایک شہر کا روایتی حسن بحال اور ایئر پورٹ کے ذریعے کوئٹہ آنے والے مہمانوں کو کوئٹہ شہر کی خوبصورتی نظر آئے گی ، کیونکہ بقول وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کوئٹہ شہر بلوچستان کا

چہرہ ہے، لہذا اس چہرے کو خوشنما بنانے کیلئے اہم منصوبہ جاری ہے۔ لیاقت اسکوائر پروجیکٹ منظور کیا گیا، جس میں کوئٹہ کی یادگاروں کی بحالی کا کام شروع ہوا۔ شہر کے اندر 200 غیر قانونی منی پمپس سیل کئے گئے، کوئٹہ شہر کے اندر عدالتی احکامات کے مطابق 42 کاروں کے شوروم کو سیل کر دیا گیا۔ جس سے ٹریفک کی روانی بحال ہوئی اور شہر میں جاری طویل عرصے سے جاری ٹریفک مسائل میں کمی آئی، کیونکہ ان شورومز کی جانب سے شہر کی شاہراہوں پر گاڑیاں کھڑی کر کے ٹریفک کو مفلوج کر دیا جاتا تھا، مگر اس اہم اقدام سے ٹریفک روانی میں بہتری آئی ہے، شہر میں صفائی کی الیکٹرانک نگرانی کی جا رہی ہے ، جس کیلئے خصوصی اقدامات کئے گئے ہیں ، روانہ کی بنیاد پر رپورٹس مرتب کر کے احکام تک بھجوائی جا رہی ہیں۔

کوئٹہ سیف سٹی پروجیکٹ مکمل کر کے کوئٹہ شہر میں کیمروں کی ذریعے نگرانی کا عمل شروع کیا گیا جس سے امن وامان کی صورتحال میں بہتری آئی اور راہزنی ، چوری کی وارداتوں سمیت غیر قانونی سرگرمیاں کم ہوگئیں، پلاسٹک کے تھیلوں پر پابندی اور عمل درآمد کر کے آلودگی کے خلاف اہم اقدام اٹھایا گیا کیونکہ ماحولیاتی آلودگی اور شہر میں کچرے کی بڑی وجہ پلاسٹک کی تھیلیاں تھیں، جو اڑ کر نالیوں میں پھنس جاتی اور گندا پانی شاہراہوں پر آجاتا، اسی طرح امداد چوک میں سالہا سال سے بند نالوں کی مکمل صفائی کی گئی اور ان نالوں کی توسیع کا منصوبہ زیر تکمیل ہے، جس سے شہر کی وہ شاہراہ جو ایک چند قطرے بارش ہونے پر ہی زیر آب آجاتی تھی وہاں گندے پانی کی روانی یقینی بنائی گئی ہے ، بھکاریوں، منشیات فروشوں اور خواجہ سراؤں کیخلاف روزانہ کی بنیاد پر کارروائی جاری ہے ، پہلی بار کتے مارنے پر پابندی لگائی گئی اور اب کتے کی ویکسینیشن اور نیوٹر مہم شروع کی گئی ہے ، یہ ایک جدید طریقہ کار ہے جسے اختیار کیا گیا ہے تاکہ کوئٹہ شہر میں آوارہ کتوں کی نسل محدود ہو۔ شہر میں حفظان صحت کے اصولوں کی جانچ پرکھ کو بہتر بنایا گیا ہے۔ اور ٹیمیں روزانہ کی بنیادوں پر فعال نظر آتی ہیں تاکہ شہریوں کو حفظان صحت کے اصولوں کے مطابق اشیاء خورد ونوش وضروریہ میسر آ سکیں۔

شہر کی مختلف شاہراہوں خصوصاً میزان چوک، جناح روڈ، سیٹلائٹ ٹاؤن اور امداد چوک سمیت دیگر پر گڑھوں

کوئٹہ، کمشنر/ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن حمزہ شفقات کے زیر صدارت ایمرجنسی صورتحال سے نمٹنے کیلئے گرینڈ آپریشن کے اعلیٰ سطح اجلاس ہو رہا ہے

کو پُر کر کے آمدورفت کو بہتر بنایا گیا، اسی طرح شہر میں جابجا نظر آنیوالی ریڑھیوں کو ایک جگہ جوائنٹ روڈ پر اکٹھا کر کے جدید (

ریڑھی بازار) قائم کیا گیا ، ایسا اقدام پہلی مرتبہ اٹھایا گیا ہے جس میں ایک طرف غریب ریڑھی بانوں کے روزگار کو تحفظ دیا گیا دوسری جانب کوئٹہ شہر کے حسن اور ٹریفک روانی کو بہتر بنایا گیا۔ شہر کے فٹ پاتھوں، روڈ ڈیوائیڈرز پر شجرکاری مہم کے ذریعے قدرتی حسن کو مزید اجاگر کیا گیا ہے ، اور روزانہ کی بنیاد پر ان درختوں کی دیکھ بھال جاری ہے، جو انشاء اللہ مستقبل قریب میں کوئٹہ کے شہریوں کو صاف ستھری سانس لینے میں مددگار ثابت ہونگے ، عرصہ دراز سے شہر میں بند ہو جانے والی / خراب سٹریٹ لائٹس کو روشن کیا گیا ہے، جس سے رات کے اوقات میں شہری محفوظ اور آرام دہ معمولات زندگی انجام دے پا رہے ہیں۔

ڈیجیٹیل سروسز کا آغاز کر کے ٹیکس جمع کرنے اور عوام کو جدید سہولیات کی فراہمی کے انقلابی اقدامات اٹھائے گئے ہیں، جن سے شہری گھر بیٹھے میونسپل سروسز حاصل کر سکتے ہیں۔ آگ لگنے کی صورت میں فوری طور پر فائر ٹینڈر حرکت میں آتے ہیں بروقت ریسپانس سے آتشزدگی کی صورت میں نقصان کم سے کم ہوتا ہے، اس سے قبل پٹرول کی کمی، گاڑیوں کی خرابی اور دیگر مسائل کی وجہ سے یہ سروس کچھ سست روی کا شکار تھی، مگر اب مکمل طور پر فعال اور مستند عملہ ہمہ وقت تیار ہے۔

ہمارے ہاں ایک رجحان پایا جاتا ہے سیاسی بینرز، پوسٹرز، اور بڑے بڑے پینافلیکس کھمبوں ، سرکاری یا نجی عمارتوں پر لگا کر مختلف سیاسی پارٹیاں / تنظیمیں اپنی تشہیر کرتی ہیں مگر ایک مقررہ وقت یا ان کے پھٹ جانے کے بعد انہیں اتارنا بھول جاتی ہیں جس سے شہر کا حسن ماند پڑتا ہے، میٹروپولیٹن کارپوریشن کا عملہ مکمل طور پر فعال ہے اور ایسی تمام تر تشہیر کی صفائی کیلئے ہمہ تن مصروف عمل ہے۔

سال رواں میں ہونیوالے طوفانی بارشوں اور اربن بلڈنگ کے خطرات میں میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ اور تمام حکومتی مشینری مکمل طور پر فعال نظر آئے ، جس سے الحمد اللہ کسی بھی بڑے نقصان سے شہر بچ گیا، فوری طور پر ساری سرکاری مشینری حرکت میں لائی گئی ، پی ڈی ایم اے بلوچستان، میٹروپولیٹن کارپوریشن اور دیگر اداروں نے شہر بھر میں بارش کے پانی کی روانی یقینی بنائی جس کی بدولت کوئی ناگہانی صورت حال پیش نہ آئی،

عید الفطر کے موقع پر شہر کی صفائی، اور خصوصاً عید الاضحیٰ کے موقع پر شہر کی صفائی ، جانوروں کی منڈیوں کو بہتر

طریقے سے لگانے ان میں انسداد کانگو، اور شہر میں آلائشوں کو ٹھکانے لگانے کے بڑے منصوبے کو عملی جامہ پہنایا گیا اور گھر گھر جا کر آلائشیں وصول کر کے انہیں محفوظ اور ماحول دوست طریقے سے ٹھکانے لگایا گیا۔ 12 ربیع الاول اور محرم الحرام کے موقع پر اس ادارے کی خدمات قابل تحسین ہیں، جلوس کے روٹس کی مکمل صفائی، لائٹنگ کا بہترین انتظام اور راستوں پر روانی کو بہتر بنانے کیلئے تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائی گئیں تاکہ یہ دو اہم مذہبی تہوار عقیدت و احترام سے منائے جا سکیں،

آج یہ ادارہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی کوششوں اور موجودہ صوبائی حکومت اور ایڈمنسٹریٹر کوئٹہ کی انتھک محنت سے اپنے تمام تر شعبوں کے ساتھ مکمل فعال ہو گیا ہے اور کوئٹہ شہر کا روایتی حسن واپس لوٹ رہا ہے، چند ماہ پہلے کا کوئٹہ اور آج کوئٹہ واضح فرق دکھ رہا ہے۔ اسی طرح محنت سے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا وہ خیال حقیقت میں بدلے گا جس میں انہوں نے کوئٹہ شہر کو خوبصورت بنانے اور حقیقی معنوں میں بلوچستان کا چہرہ خوبصورت چہرہ پیش کرنے کا عزم کیا تھا۔

☆......☆......☆......☆

بقیہ 1 — وزیر اعلیٰ

کا منصب سنبھالنے پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ جسٹس یحییٰ آفریدی کی بحیثیت سربراہ سپریم کورٹ تعیناتی کا خیر مقدم کرتے ہیں انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ جسٹس یحییٰ آفریدی قانون و آئین کی بالادستی کے لئے کلیدی کردار ادا کریں گے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بحیثیت جج انصاف کی فراہمی کے لئے ان کے گزشتہ فیصلے قانون و آئین کے مطابق نمایاں اہمیت کے حامل رہے ہیں انہوں نے کہا کہ مساوات پر مبنی معاشرے کی تشکیل کے لئے اعلیٰ عدلیہ کا کردار فراموش نہیں کیا جا سکتا پارلیمنٹ اور عدلیہ اپنے اپنے مینڈیٹ میں قانون کی حکمرانی اور بالادستی کے لئے اہم کردار کی حامل ہیں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ آئینی بنچز کی جلد تشکیل انتہائی ناگزیر ہے وزیر اعلیٰ نے اس توقع کا اظہار کیا کہ اہم آئینی امور نمٹانے کے لئے جسٹس یحییٰ آفریدی آئینی بنچز کی تشکیل کے لئے پہلی فرصت میں اقدامات کریں گے انہوں نے اس یقین کا اظہار کیا کہ چیف جسٹس یحییٰ آفریدی ہر سطح پر عدلیہ میں بہتری لا کر عوام کو بلا تاخیر انصاف کی سہل فراہمی کے لئے اپنا کردار ادا کریں گے۔

بقیہ 2 — اسرائیل ایران حملہ

ڈرونز سے ایک رات میں تین بار بمباری کی گئی اور 20 مقامات کو نشانہ بنایا گیا۔ تہران ایئرپورٹ کے قریب بھی دھماکوں کی آوازیں سنی گئیں، شام کے دارالحکومت دمشق میں بھی دھماکے سنے گئے، حملے کے بعد کئی مقامات پر آگ بھڑک اٹھی، پاسداران انقلاب کے ہیڈ کوارٹرز کے قریب بھی دھماکے سنے گئے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق تہران کے قریب کرج شہر میں 5 دھماکے سنے گئے، ایران کے شہر کرمانشاہ میں بھی دھماکے سنے گئے۔ تہران فائر ڈیپارٹمنٹ کے مطابق آگ سے متاثرہ ایک عمارت سے 10 افراد کو نکال لیا گیا، تہران میں دھماکوں کی ایرانی میڈیا نے بھی تصدیق کر دی۔ اسرائیلی فوج نے میزائل، ڈرونز پروڈکشن سائٹس اور پاسداران انقلاب کے ہیڈ کوارٹرز سمیت دیگر فوجی اڈوں کو نشانہ بنانے کا دعویٰ کیا ہے، ایران، عراق اور اسرائیل نے اپنی فضائی حدود بند کر دی ہیں جبکہ تمام پروازیں معطل ہیں۔ اسرائیلی فوج کے ترجمان نے حملے کی تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ دفاعی نظام متحرک ہے کسی بھی حملے سے نمٹنے کیلئے تیار ہیں، حملے اسرائیل پر بیلسٹک میزائل حملوں کا جواب ہے، ایران میں فوجی تنصیبات کو نشانہ بنایا، امریکا نے اسرائیل میں تھاڈ میزائل اور مشرق وسطیٰ میں ایف 16 طیارے بھیجے تھے، اسرائیلی وزیراعظم نے کنٹرول روم سے تمام صورتحال کا جائزہ لیا۔ شام کے شہر دمشق میں بھی دھماکوں کی آوازیں سنی گئی ہیں، اسرائیل نے ایران، عراق اور شام میں حملوں سے پہلے وائٹ ہاؤس کو آگاہ کیا۔ ترجمان اسرائیلی فوج کا کہنا تھا کہ ایرانی حملوں کے جواب میں کارروائی مکمل کر لی، طے شدہ فوجی اہداف کو نشانہ بنایا، ایران پر حملے مکمل اور مقاصد کا حصول پورا ہو گیا ہے، ایران نے حملوں کو اب میں کارروائی تو جواب دیں گے۔ دوسری جانب ایرانی حکام نے ایک بیان میں کہا ہے کہ اسرائیلی جارحیت کا کامیابی سے دفاع کیا، حملوں کو ناکام بنانے کیلئے فضائی دفاعی نظام استعمال کیا گیا۔ ایرانی حکام نے کہا کہ تہران، خوزستان اور ایلام صوبوں میں فوجی مراکز کو نشانہ بنایا گیا، کچھ مقامات پر معمولی نقصان پہنچا، کسی بھی جارحیت کا جواب دینے کا حق محفوظ رکھتے ہیں۔ ایرانی سپریم لیڈر آیت اللہ خامنہ ای نے فوج کو اسرائیل کیساتھ ممکنہ جنگ کیلئے تیار رہنے کا حکم دے دیا۔ ایران نے اسرائیل کے فوجی اہداف پر حملوں میں 4 فوجی اہلکاروں کی شہادت کا اعلان کر دیا۔ غیر ملکی میڈیا کی رپورٹس کے مطابق ایرانی وزارت خارجہ کا ایک بیان میں کہنا تھا کہ اسرائیلی متعدد حملوں میں ایران کے فوجی اہداف کو نشانہ بنایا گیا، جس کے نتیجے میں 4 ایرانی فوجی اہلکار شہید ہوئے ہیں۔ میڈیا کی رپورٹس کے مطابق ایران پر حملے کے لیے کل 100 اسرائیلی لڑاکا طیاروں اور ڈرونز نے حصہ لیا، جنہوں نے ایران کی 20 میزائل اور ڈرون تنصیبات پر 3 مختلف مرحلوں میں حملہ کیا۔ اسرائیلی فوج کا کہنا تھا کہ اس نے یکم اکتوبر کے ایرانی حملے پر جوابی کارروائی کی ہے، اس مختصر اور ٹارگٹڈ کارروائی میں فضائی حملوں کے دوران صرف ایران کی میزائل اور ڈرون تنصیبات کو نشانہ بنایا گیا ہے۔ اسرائیلی فوج نے دھمکی دی ہے کہ ایران نے اگر اب اس پر جوابی کارروائی کی تو اسے بھاری قیمت چکانی پڑے گی، اگلی مرتبہ حملہ ٹارگٹڈ نہیں ہوگا۔ دریں اثنا ایران نے اسرائیلی حملوں کی تصدیق کرتے ہوئے کہا ہے کہ اسرائیلی حملے میں دارالحکومت تہران اور ملک کے دیگر حصوں میں فوجی مقامات کو نشانہ بنایا گیا، تاہم اس حملے میں محدود نقصان ہوا ہے۔ سعودی عرب نے اسرائیل کی جانب سے علی الصباح ایران پر حملوں کی مذمت کرتے ہوئے اسے ایرانی خودمختاری کی خلاف ورزی قرار دیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق سعودی وزارت خارجہ نے ایک بیان میں کہا کہ ایران کے فوجی ٹھکانوں کو نشانہ بنانے کی کوششوں کی مذمت کرتے ہیں۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ یہ حملہ ایرانی خودمختاری اور بین الاقوامی قوانین اور اقدار کی خلاف ورزی ہے۔ مملکت نے تمام فریقین پر زور دیا ہے کہ وہ زیادہ سے زیادہ تحمل کا مظاہرہ کریں اور کشیدگی کم کرنے کے لیے کام کریں اور خطے میں طویل فوجی تصادم کے سنگین نتائج سے خبردار کر دیا۔ ملائیشیا نے اسلامی جمہوریہ ایران پر اسرائیلی حملے کی مذمت کر دی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ملائشین وزارت خارجہ کی جانب سے جاری کیے گئے بیان میں کہا گیا ہے کہ ملائیشیا 26 اکتوبر 2024 کی علی الصبح ایران کے علاقے تہران، کرج، کاشان، مشہد اور شیراز میں اسرائیلی فوجی حملوں کی شدید مذمت کرتا ہے۔ ملائیشیا کی وزارت خارجہ کا کہنا تھا کہ ایران پر اسرائیلی حملے عالمی قوانین کی کھلی خلاف ورزی ہے۔ ملائشین وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ ایران پر حملے علاقائی استحکام کے لیے سنگین خطرہ ہیں، اسرائیلی حملوں نے خطے کو وسیع جنگ کے دہانے پر پہنچا دیا ہے، اس سے ہونے والے نقصان کا تعین کیا جا رہا ہے۔ وزارت خارجہ ملائیشیا نے اسرائیل اور ایران کے درمیان جاری اس کشیدگی کو فوری ختم کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ اسرائیل کی مسلسل جنگی کارروائیوں نے مشرق وسطیٰ کی سلامتی اور مستقبل کے استحکام کو بری طرح متاثر کیا ہے۔ ملائشین وزارت خارجہ کا کہنا تھا کہ ایران میں مقیم ملائیشیا کے باشندوں کو پیغام دیا ہے کہ وہ پرسکون رہیں اور مقامی حکام کی طرف سے فراہم کردہ رہنمائی پر عمل کریں ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان نے کہا ہے کہ امریکا اسرائیل کی سلامتی کے لیے دہشت گرد تنظیموں کو استعمال کرتا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق روس میں برکس سربراہی اجلاس میں شرکت کے بعد ترکیہ روانگی کے موقع پر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے طیب اردوان نے کہا کہ اب یہ تسلیم شدہ حقیقت ہے کہ امریکا خطے میں اپنے مفادات اور اسرائیل کی سکیورٹی کے لیے دہشت گرد تنظیموں کا استعمال کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ترکیہ نے اقوام متحدہ کے تحت اسرائیل پر اسلحے کے حوالے سے جامع پابندی عائد کرنے کے لیے ایک اقدام شروع کر دیا ہے کیونکہ اسرائیل کی جانب سے غزہ اور لبنان میں روزانہ بے گناہ شہریوں کو شہید کرنے کے لیے حملے کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انقرہ کے اس موقف کی کئی ممالک حمایت کر رہے ہیں کہ اسرائیل پر اسلحے سے متعلق پابندی ہونی چاہیے۔ ترک صدر نے کہا کہ ہمیں امید اقدام کی انسانیت کے لیے اتحاد کے طور پر اور پائیدار امن کے لیے کامیابی کی امید ہے۔ انقرہ میں ہونے والے دہشت گردی کے حملے سے متعلق سوال پر اردوان نے کہا کہ دہشت گرد کٹھ پتلیاں ہیں، ہمارا ہدف ترکیے کو دہشت گردی سے پاک کرنا ہے اور ہم اس پر سمجھوتہ نہیں کریں گے۔ وائٹ ہاؤس نے ایران پر اسرائیل کے حملے کو تل ابیب کی جانب سے اپنے دفاع کی مشق قرار دے دیا۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق ایران پر حملوں سے کچھ دیر پہلے امریکی صدر بائیڈن کو اسرائیل کی ممکنہ کارروائی سے آگاہ کر دیا گیا تھا۔ امریکا کی قومی سلامتی کونسل کے ترجمان شان Savett نے کہا کہ فوجی اہداف کو نشانہ بنانے کی یہ کارروائی اسرائیل کی جانب سے اپنے دفاع کی مشق ہے

بقیہ 3 — جسٹس یحییٰ آفریدی

زرداری، وزیراعظم شہباز شریف کے علاوہ تینوں مسلح افواج کے سربراہ شریک ہوئے۔ اس کے علاوہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز، وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈا پور، وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی، چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی، گورنر گلگت بلتستان سید مہدی شاہ، اٹارنی جنرل منصور عثمان اعوان اور وفاقی وزرا نے شرکت کی۔ حلف برداری کی تقریب میں سپریم کورٹ کے جسٹس منیب اختر، جسٹس عائشہ ملک سمیت دیگر ججز کے علاوہ سینئر وکلا سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد بھی شریک ہوئے۔ اس دوران نئے چیف جسٹس کے حلف اٹھانے کے بعد سپریم کورٹ کی ویب سائٹ اپڈیٹ کر دی گئی، ویب سائٹ پر سابق چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کی جگہ جسٹس یحییٰ آفریدی کا نام چیف جسٹس پاکستان کے طور پر اپڈیٹ کر دیا گیا ہے چیف جسٹس پاکستان یحییٰ آفریدی نے فل کورٹ اجلاس 28 اکتوبر کو ایک بجے طلب کر لیا۔ اس کے علاوہ انسداد دہشت گردی عدالتوں کے انتظامی ججز کا اجلاس بھی طلب کیا گیا اور انسداد دہشت گردی عدالتوں کے انتظامی ججز کو عمل درآمد رپورٹس سمیت 7 نومبر کو بلا لیا گیا۔۔ ویب سائٹ کے مطابق چیف جسٹس یحییٰ آفریدی کے بعد سینئر ترین جج جسٹس منصور علی شاہ ہیں۔ 23 جنوری 1965 کو پاکستان کے صوبہ خیبر پختونخوا کے ضلع ڈیرہ غازی خان میں پیدا ہونے والے جسٹس یحییٰ آفریدی نے جسٹس منصور علی شاہ اور جسٹس منیب اختر کی طرح اپنی ابتدائی تعلیم ایچی سن کالج لاہور سے حاصل کی۔ ابتدائی تعلیم کے بعد انہوں نے گورنمنٹ کالج لاہور سے گریجویشن کی اور پنجاب یونیورسٹی لاہور سے ایم اے معاشیات کی ڈگری بھی حاصل کی۔ قانون کی ابتدائی تعلیم پاکستان میں حاصل کرنے کے بعد جسٹس یحییٰ آفریدی نے کامن ویلتھ اسکالرشپ پر جیزس کالج کیمبرج یونیورسٹی سے ایل ایل ایم کی ڈگری بھی حاصل کی۔ جسٹس یحییٰ آفریدی نے اپنے پیشہ ورانہ سفر کا آغاز 1990 میں کیا، انہوں نے ہائی کورٹ کے وکیل کی حیثیت سے پریکٹس شروع کی۔ انہوں نے 2004 میں سپریم کورٹ کے وکیل کے طور پر وکالت کا آغاز کیا، وہ خیبر پختونخوا کے لیے بطور اسسٹنٹ ایڈووکیٹ جنرل خدمات بھی سرانجام دے چکے ہیں۔ انہیں 2010 میں پشاور ہائی کورٹ کا ایڈیشنل جج تعینات کیا گیا اور 15 مارچ 2012 کو مستقل جج مقرر کر دیا گیا۔ انہوں نے 30 دسمبر 2016 کو پشاور ہائی کورٹ کے چیف جسٹس کے عہدے کا حلف اٹھایا جبکہ 28 جون 2018 کو وہ سپریم کورٹ آف پاکستان کے جج مقرر ہوئے۔ جسٹس یحییٰ آفریدی نے بطور جج اعلیٰ عدلیہ میں مختلف مقدمات کی سماعت کی جس میں سنی اتحاد کونسل کی مخصوص نشستوں سے متعلق کیس میں لارجر بینچ میں ان کی شمولیت بھی شامل ہے۔ جسٹس یحییٰ آفریدی نے اس کیس سے متعلق فیصلے میں اپنا اختلافی نوٹ بھی تحریر کیا تھا۔ نامزد چیف جسٹس، سابق وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو کی پھانسی کے خلاف صدارتی ریفرنس پر سپریم کورٹ کے 9 رکنی لارجر بینچ کا حصہ بھی رہے۔ 59 سالہ جسٹس یحییٰ آفریدی نے سپریم کورٹ پریکٹس اینڈ پروسیجر آرڈیننس 2024 کی 3 رکنی ججز کمیٹی میں شامل ہونے سے معذرت کی تھی۔ نامزد چیف جسٹس یحییٰ آفریدی اپنے عہدے کا حلف اٹھانے کے بعد پاکستانی عدالت عظمیٰ کے 30 ویں چیف جسٹس بن جائیں گے۔ چیف جسٹس پاکستان یحییٰ آفریدی نے فل کورٹ اجلاس 28 اکتوبر کو ایک بجے طلب کر لیا۔ اس کے علاوہ انسداد دہشت گردی عدالتوں کے انتظامی ججز کا اجلاس بھی طلب کیا گیا اور انسداد دہشت گردی عدالتوں کے انتظامی ججز کو عمل درآمد رپورٹس سمیت 7 نومبر کو بلا لیا اجلاس سپریم کورٹ اسلام آباد میں اس کے علاوہ سپریم جوڈیشل کونسل کا بھی طلب کر لیا اور یہ سپریم جوڈیشل کونسل کا اجلاس 8 نومبر آئندہ ہفتے کا روسٹر بھی جاری کر دیا گیا، 28 اکتوبر سے یکم نومبر تک بینچز کا روسٹر جاری کیا گیا ہے اور روسٹر پریکٹس اینڈ پروسیجر ایکٹ کے تحت رجسٹرار نے جاری سپریم کورٹ کے 8 بینچز 28 اکتوبر سے مقدمات کی سماعتیں کریں گے، بینچ ون چیف جسٹس پاکستان یحییٰ آفریدی اور جسٹس شاہد بلال پر مشتمل ہوگا جبکہ بینچ 2 میں جسٹس منیب اختر اور جسٹس اطہر من اللہ شامل جسٹس امین الدین خان اور جسٹس عرفان سعادت خان بینچ 3 اور بینچ 4 میں جسٹس جمال مندوخیل، جسٹس مسرت ہلالی اور جسٹس ملک شہزاد شامل ہوں گے جبکہ بینچ 5 جسٹس محمد علی مظہر اور جسٹس حسن اظہر رضوی، بینچ 6 میں جسٹس عائشہ اے ملک اور جسٹس عقیل عباسی شامل ہونگے، بینچ 7 جسٹس شاہد وحید اور جسٹس نعیم اختر افغان پر مشتمل ہوگا اور بینچ 8 میں جسٹس سردار طارق مسعود اور جسٹس مظہر عالم میاں خیل ہوں سپریم کورٹ نے 4 نومبر سے 8 نومبر تک کیلئے بھی ججز روسٹر جاری کر دیا اور 4 سے 8 نومبر تک 8 ججز پر مشتمل سیٹ پر مقدمات کی سماعت کریں بینچ 1 چیف جسٹس پاکستان یحییٰ آفریدی اور جسٹس شاہد بلال پر مشتمل ہوگا اور بینچ 2 میں جسٹس منصور علی شاہ، جسٹس عائشہ ملک اور جسٹس عقیل عباسی شامل ہوں گے جبکہ بینچ 3 میں جسٹس منیب اختر اور جسٹس اطہر من اللہ اور بینچ 4 میں جسٹس امین الدین خان اور جسٹس عرفان سعادت خان شامل بینچ 5 جسٹس محمد علی مظہر اور جسٹس حسن اظہر رضوی پر مشتمل ہوگا، بینچ 6 میں جسٹس شاہد وحید اور جسٹس نعیم اختر افغان شامل ہونگے، بینچ 7 میں جسٹس مسرت ہلالی اور جسٹس ملک شہزاد پر مشتمل ہوگا اور بینچ 8 جسٹس سردار طارق مسعود اور جسٹس مظہر عالم میاں خیل شامل ہونگے۔

بقیہ 4 — غزہ مارچ

اسلام آباد میں جج طاہر عباس سپرا نے کی، پولیس نے عدالت کے روبرو مظاہرین کے 30 دن کے جسمانی ریمانڈ کی استدعا کی، پراسیکیوٹر راجہ نوید نے کہا مظاہرین سے پولیس کٹ برآمد کرنی ہے اور تفتیش بھی کرنی ہے، وکیل ریاست علی آزاد نے کہا جو دفعات لگائی گئی اس کیس میں عائد نہیں کی جا سکتیں، مظاہرین پر ڈکیتی کی دفعہ 395 بھی لگائی گئی، پوچھتا ہوں کیا یہ ڈکیت ہیں؟ سابق سینیٹر مشتاق احمد خان نے کہا فلسطین کے حق میں پرامن احتجاج کر رہے تھے، تشدد کیا گیا، کپڑے پھاڑے گئے، ہمارے ساتھ جو بھی کرنا ہے کریں مگر پاکستان کو بدنام نہ کریں، عدالت نے 3 خواتین کو مقدمے سے ڈسچارج کر دیا جبکہ مشتاق احمد خان سمیت 28 مرد مظاہرین کو جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھیج دیا۔

بقیہ 5 — گورنر

چیف جسٹس یحییٰ خان آفریدی کی مزید کامیابیوں اور سرخروئی کیلئے نیک تمناؤں اور خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ ان کی مدت ملازمت میں ملک میں مجموعی طور پر مثبت اثرات مرتب ہوں گے۔

بقیہ 6 — طاہر اشرفی

کا مہمان ہوتا ہے، دنیا کی طرح سعودی عرب میں بھی تبدیلیاں آ چکیں، ملک میں معاشی استحکام کیلئے کوششیں ہو رہی ہیں،

بقیہ 7 — وزیر اعلیٰ

نے کہا کہ پاکستانی ٹیم نے بلاشبہ اچھے کھیل کا مظاہرہ کیا اسپنرز نے عمدہ اور متاثر کن کارکردگی دکھائی امید ہے یہ تسلسل مستقبل میں بھی جاری رہے گا وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے پاکستانی ٹیم کے لئے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے مزید کامیابیوں کے لئے دعا کی۔

بقیہ 8 — وزیر اعظم

شدید تشویش ہے، حملے خود مختاری اور بین الاقوامی قانون کے اصولوں کی خلاف ورزی ہے، پاکستان امن کے حصول کیلئے ایران و دیگر ہمسایہ ممالک کے ساتھ مل کر کام کرتا رہے گا، سماجی رابطے کی ویب سائٹ پر جاری بیان میں وزیر اعظم پاکستان شہباز شریف نے کہا ایران کیخلاف اسرائیلی جارحیت کے

بلوچستان کے پسماندہ علاقوں تک صحت کی سہولیات پہنچانا چیلنج سے کم نہیں، گورنر

مخیر حضرات اور بزنس کمیونٹی صوبے کے دورافتادہ اضلاع میں مراکز صحت کے قیام اور سہولیات دہلیز تک پہنچانے میں اپنا حصہ ڈالیں، جعفرخان مندوخیل

اگر ہر ڈاکٹر ہفتے میں 1 دن غریب مریضوں کیلئے وقف کرے تو اس کے مثبت اثرات مرتب ہوں گے، ڈاکٹر کلیم اللہ ہیلتھ فاؤنڈیشن کے دورے کے موقع پر گفتگو

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے کہا کہ قلیل لیکن بکھری ہوئی آبادی کی وجہ سے بلوچستان جیسے پسماندہ علاقوں میں صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی ایک اہم چیلنج ہے انہوں نے صوبے کے تمام مخیر حضرات اور بزنس کمیونٹی سے وابستہ افراد پر زور دیا کہ وہ دورافتادہ اضلاع میں صحت کے مراکز کے قیام اور صحت کی سہولیات عوام کی دہلیز پر پہنچانے میں بھرپور حصہ ڈالیں اور صحت، تعلیم اور ...... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ کی خصوصی ہدایت، وزیر صحت رات گئے سول ہسپتال پہنچ گئے، سٹاف میں کھلبلی، مریضوں کی عیادت

بخت محمد کاکڑ نے شعبہ امراض قلب، سی سی یو، کارڈیک سرجری، میڈیکل یونٹ II، میڈیکل یونٹ IV، آئی سی یو، لیبارٹری کا معائنہ کیا

عام آدمی کیلئے آسانیاں پیدا کریں ایم ایس کو ہدایت، گورننس بہتر ہونے سے سرکاری ہسپتال فعال ہوں گے، دورے کے موقع پر گفتگو

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی خصوصی ہدایت پر صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے رات 12 بجے اچانک سول ہسپتال کوئٹہ کا دورہ کیا اس موقع پر ایم ایس سول ہسپتال کوئٹہ ڈاکٹر نور اللہ موسیٰ خیل نے وزیر صحت کو ہسپتال کی صورتحال اور مسائل کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے مختلف طبی شعبوں بشمول شعبہ امراض قلب، سی سی یو، کارڈیک ...... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، پشتونخوامیپ کے چیئرمین رکن قومی اسمبلی محمود خان اچکزئی پارٹی کے مرکزی کمیٹی کے رکن سردار رضا محمد بڑیچ کی وفات پر فاتحہ خوانی کررہے ہیں

صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ سول ہسپتال کے دورے کے موقع پر مختلف شعبوں کا معائنہ کررہے ہیں

گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل ڈاکٹر کلیم اللہ ہیلتھ فاؤنڈیشن ہسپتال کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے منعقدہ تقریب سے خطاب کررہے ہیں

میر علی مدد جتک سے بخت محمد کاکڑ کی ملاقات، سیاسی صورتحال پر بات چیت

کوئٹہ (خ ن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن و صوبائی وزیر زراعت میر علی مدد جتک سے آج جہاں صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ اور قبائلی و سماجی رہنما میر ساجد جان دشتی نے ملاقات کی ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا اور خصوصاً سیاسی صورتحال پر تفصیلی بات چیت کی گئی۔

کشمیری عوام آزادی کی جدوجہد میں پرعزم ہیں، سپیکر بلوچستان اسمبلی

آج کا دن کشمیریوں سے اظہار یکجہتی اس دن کو ہم یوم سیاہ کے طور پر مناتے ہیں، کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی

کوئٹہ (خ ن) اسپیکر بلوچستان صوبائی اسمبلی کیپٹن ریٹائرڈ عبدالخالق خان اچکزئی نے کہا کہ آج کا دن کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کا ہے اس دن کو ہم یوم سیاہ کے طور پر مناتے ہیں، آج کا دن ہمیں ہندوستان کے جموں و کشمیر پر غیرقانونی قبضے کی یاد دلاتا ہے اس دن ہم اپنے کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ یکجہتی میں کھڑے ہیں جنہوں نے کئی دہائیوں تک ظلم و ستم انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں اور بنیادی حق خود ارادیت سے انکار کا سامنا کیا ...... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

بی سی کے 12 سب انسپکٹرز کی انسپکٹر کے عہدے پر ترقی

کوئٹہ (آن لائن) ایڈیشنل آئی جی پی کمانڈنٹ بلوچستان کانسٹیبلری آغا محمد یوسف نے آئی جی بلوچستان معظم جاہ انصاری کی ہدایت پر بلوچستان کانسٹیبلری کے 12 سب انسپکٹرز کی بی پی ایس 14 کو انسپکٹر بی پی ایس ...... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

محمود خان اچکزئی کی سردار رضا محمد بڑیچ کی وفات پر تعزیت

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ اور رکن قومی اسمبلی محمود خان اچکزئی نے پارٹی کے مرکزی کمیٹی کے رکن سابق صوبائی وزیر سردار رضا محمد بڑیچ کی وفات پر ان کے گھر جاکر مرحوم کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی اور لواحقین سے تعزیت کا اظہار کیا۔

بھارتی مظالم پر عالمی برادری کی خاموشی قابل مذمت ہے، سردار یار محمد رند

رند قبائل سمیت پوری قوم کشمیری بھائیوں کی قربانیاں رائیگاں نہیں جانے دیں گے

سبی (اے این این) رند قبائل کے سربراہ چیف آف رندسینئر سیاستدان سردار یار محمد رند نے کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی و بھارتی مظالم کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ 27 اکتوبر 1947 میں بھارت نے غیرقانونی طور پر کشمیر پر قبضہ کر کے اپنی اجارہ داری قائم کی گزشتہ سات دہائیوں میں کشمیریوں کو بدترین ریاستی دہشت گردی کا نشانہ بنایا گیا کشمیریوں نے مظالم کے آگے ہتھیار نہیں ڈالے بلکہ بھارتی افواج کے ظلم کے آگے ڈٹ کر کھڑے ...... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

جسٹس یحییٰ آفریدی کو قانون پر عبور حاصل ہے، میر سلیم احمد کھوسہ

چیف جسٹس آف پاکستان تمام شہریوں کے حقوق کا مساوی تحفظ کریں گے، صوبائی وزیر

نصیرآباد (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی لیڈر صوبائی وزیر میر سلیم احمد کھوسہ نے جسٹس یحییٰ آفریدی کی بطور چیف جسٹس آف پاکستان بننے پر مبارکباد جسٹس یحییٰ آفریدی کی بطور چیف جسٹس پاکستان نامزدگی عدلیہ اور عوام کیلئے سودمند ہوگی۔ جسٹس یحییٰ آفریدی کو قانون پر عبور حاصل ہے، جو اس نازک دور کیلئے اہم کردار ادا کرے گا چیف جسٹس آف پاکستان تمام شہریوں کے حقوق کا مساوی تحفظ کریں گے۔ جسٹس یحییٰ آفریدی ...... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد، فائرنگ سے سب انسپکٹر شہید، ملزموں کی گرفتاری کیلئے ٹیمیں تشکیل

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد میں فائرنگ سے سب انسپکٹر حیدر شاہ شہید ہوگئے، پولیس کے مطابق حیدر شاہ کو گھر کے قریب کار سواروں نے نشانہ بنایا، سب انسپکٹر حیدر شاہ آئی اے پولیس میں تعینات تھا، ترجمان اسلام آباد پولیس کے مطابق آئی جی ...... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

چیف جسٹس یحییٰ آفریدی عوام کو دہلیز پر انصاف فراہم کریں گے، سردار یعقوب ناصر

عدلیہ کو آزادی کے ساتھ کام کرنے کا حق ہمارا آئین دیتا ہے، رکن قومی اسمبلی

لورالائی (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما رکن قومی اسمبلی سردار یعقوب ناصر نے نئے چیف جسٹس آف سپریم کورٹ یحییٰ آفریدی کو منصب سنبھالنے پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ وہ اپنے تین سال کی مدت میں ملک بھر میں انصاف کی فراہمی کو یقینی بنا کر عوام کو دہلیز پر انصاف فراہم کریں گے سابق چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کو بھی خراج تحسین پیش کرتا ہوں جنہوں نے اپنے چودہ سال کے کیریئر میں شاندار فیصلے کئے انہوں نے کہا کہ عدلیہ ...... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

27 اکتوبر 1947 کشمیر کی تاریخ کا سیاہ دن تھا، سردار عبدالرحمٰن کھیتران

خطے کا امن مسئلہ کشمیر فلسطین کے حل سے وابستہ اس کے بغیر خطے میں دیرپا امن کا قیام ممکن نہیں

جسٹس یحییٰ آفریدی کی بطور چیف جسٹس پاکستان نامزدگی عدلیہ اور عوام کیلئے سودمند ہوگی، صوبائی وزیر

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر سردار عبدالرحمٰن کھیتران نے یوم سیاہ کشمیر کے موقع پر کشمیری عوام سے یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ 27 اکتوبر 1947 کشمیر کی تاریخ کا ایک سیاہ دن تھا جب بھارتی فورسز نے کشمیریوں پر ظلم و ستم ڈھانے اور جموں و کشمیر پر قبضہ کرنے کیلئے سری نگر میں داخل ہوئیں اور اس دن سے آج تک کشمیریوں ...... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی آئی رہنما شیر افضل مروت 2 مقدمات سے بری

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس اسلام آباد نے تحریک انصاف کے رہنما اور رکن قومی اسمبلی شیر افضل مروت کو 2 مقدمات سے بری کر دیا، ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس میں پی ٹی آئی رہنماؤں کیخلاف دفعہ 144 خلاف ورزی کیسز کی سماعت ہوئی، کیسز کی سماعت عباس شاہ نے کی، دونوں مقدمات میں نامزد دیگر ملزم پیش نہیں ہوئے تاہم شیر افضل ...... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

27 ویں ترمیم کو لانے کی کوشش کی تو اس کی بھرپور مخالفت کریں گے، حافظ حمد اللہ

پارٹی نے آئینی ترمیم میں جو کردار ادا کیا پورے بلوچستان کے عوام اس کو سراہتے ہیں، رہنما جمعیت

کوئٹہ (اے این این) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنما سابق سینیٹر حافظ حمد اللہ نے کہا ہے کہ پارٹی نے آئینی ترمیم میں جو کردار ادا کیا پورے بلوچستان کے عوام اس کو سراہتے ہیں 27 ویں ترمیم کو لانے کی کوشش کی تو اس کی بھرپور مخالفت کریں گے پورے ملک میں پارٹی کو فعال بنانے جارہے ہیں اور اس حوالے پارٹی سربراہ مولانا فضل الرحمٰن خود دورے کریں گے یہ بات انہوں نے نجی ٹی وی سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ ...... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

زرعی ٹیوب ویلوں کو شمسی توانائی پر منتقل کرنے کا خواب حقیقت میں بدل دیا، علی مدد جتک

حکومت نے بڑے منصوبوں کا آغاز کردیا جن میں ماؤنٹین ویو پارک مری آباد، سرکلر روڈ اینٹی گریڈ پارکنگ پلازہ بھی شامل ہیں

حکومت کا بنیادی مقصد عام آدمی کی زندگی آسان بنانا جس کیلئے دن رات کوشاں ہیں، رہائش گاہ پر وفود سے بات چیت

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر زراعت حاجی علی مدد جتک نے کہا ہے کہ زرعی ٹیوب ویلوں کو شمسی توانائی پر منتقل کرنا ہمارا ایک خواب تھا جسے عملی جامہ ہماری حکومت نے پہنایا ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنی رہائش گاہ پر مختلف لوگوں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ بجلی کی لوڈ شیڈنگ کی وجہ سے زراعت کا شعبہ نہ صرف متاثر بلکہ تباہی کے دہانے پر پہنچ چکا تھا جس کے فوری تدارک ...... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

سیاسی کارکن جیلوں میں، ملکی حالات مارشل لاء سے بھی بدترین ہیں، ڈاکٹر مالک بلوچ

پاکستان میں جمہوریت برائے نام انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیاں جاری اور لوگ لاپتہ ہورہے ہیں، سربراہ نیشنل پارٹی

بلوچستان میں نوجوانوں کا پارلیمانی سیاست و جمہوریت سے اعتماد اٹھ چکا عالمی سطح پر دنیا کے اندر ایک اقتصادی رسہ کشی جاری ہے

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کا ساتواں مرکزی قومی کنونشن بلنقہ کو مرکزی صدر ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کی صدارت میں منعقد ہوا پہلے روز کے اجلاس سے افتتاحی خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ عالمی سطح پر دنیا کے اندر ایک اقتصادی رسہ کشی جاری ہے دنیا یونی پولر سے ملٹی پولر اور اب ملٹی پولر میں تبدیل ہوگیا ہے اس اقتصادی دوڑ میں چین ہندوستان اور برازیل سر ابھار رہے ...... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

اٹل خان پر قاتلانہ حملہ کرنے کی مذمت کرتے ہیں، پشتونخوامیپ

ضلع پشین کے تمام علاقوں میں عوام کے سر و مال اور عزت تک کا تحفظ نہیں، بیان

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی بیان میں ضلع پشین کے کلی توردہ شاہ ولی شہید عثمان خان ابتدائی یونٹ کے سیکرٹری اٹل خان پر قاتلانہ حملہ کرنے اور انہیں شدید زخمی کرنے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ضلع پشین کے تمام علاقوں میں عوام کے سر و مال اور عزت تک کا تحفظ نہیں۔ پارٹی کے یونٹ سیکرٹری اٹل خان پر قاتلانہ حملہ اور اس واقعے میں ملوث ملزموں کی عدم گرفتاری اور ان کے خلاف فوری کارروائی نہ ہونے کا ناروا عمل ...... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

مستونگ سے تشدد زدہ نعشیں برآمد، اوستہ محمد میں فائرنگ سے 2 سگی بہنیں جاں بحق

دیگر واقعات میں 4 ہلاک، 2 زخمی

اسلحے سے خوشحال اور اس کے بھائی کی تشدد زدہ نعشیں برآمد، اوستہ محمد میں گھر پر فائرنگ سے دو سگی بہنیں 6 سالہ خلیق بی بی، 7 سالہ دعا بی بی موقع پر جاں بحق

خضدار ٹوبڑو کراس پر فائرنگ سے محمد قاسم وقلات میں مسلح افراد کے حملے میں حبیب نامی شخص موقع پر جاں بحق

کوئٹہ + اندرون بلوچستان (سٹی رپورٹر + نیوز ایجنسیاں) مستونگ کے علاقے سے 2 افراد کی تشدد زدہ نعشیں برآمد، تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز مستونگ کے علاقے اتحلی سے 2 افراد کی تشدد زدہ نعشیں برآمد جنہیں ہسپتال منتقل، دونوں افراد کو فائرنگ کر کے قتل کیا گیا ہے نعشیں ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کیں، ہونے والوں میں خوشحال اور اس کا بھائی شامل ہیں دریں اثناء ...... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

سکیورٹی اداروں کا کلی سنزلہ اور کلی واچہ میں منشیات کیخلاف آپریشن

آپریشن کے دوران تقریباً 36 ایکڑ اراضی پر بھنگ کی کاشت کو تلف کر دیا گیا

پشین (خ ن) ڈپٹی کمشنر زاہد خان کی ہدایات کی روشنی میں اسسٹنٹ کمشنر تحصیل حرمزئی سلمان علی بلیدی نے لیویز، ایف سی اور اینٹی نارکوٹکس فورس کے ہمراہ کلی سنزلہ اور کلی واچہ میں منشیات کی ناسور کے خلاف گرینڈ آپریشن کے دوران وسیع پیمانے پر (بھنگ) اور (پوست) کے تیار فصل کو تلف کر دیا گیا ہے آپریشن کے دوران تقریباً 36 ایکڑ اراضی پر بھنگ کی کاشت کا خاتمہ کیا گیا ہے، جبکہ قبل ازیں 12 اکتوبر کو بھی اس نوعیت کا ایک مشترکہ اور کامیاب ...... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

یحییٰ السنوار کی شہادت پوری امت مسلمہ کیلئے بڑا نقصان ہے، شجاع الدین شیخ

اسرائیل غزہ اور دیگر ممالک میں تحریک مزاحمت کی قیادت اور رہنماؤں کی ٹارگٹ کلنگ کررہا ہے

کوئٹہ (آن لائن) امیر تنظیم اسلامی شجاع الدین شیخ نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ غزہ کی گلی میں یحییٰ السنوار کی شہادت پوری امت مسلمہ کے لیے بڑا بھاری نقصان ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس میں کوئی شک نہیں کہ السنوار صہیونیوں کے خلاف جہاد کررہے تھے۔ یہ بات انہوں نے دورہ بلوچستان کے دوران کوئٹہ میں ...... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کا آئندہ ہفتے دورہ سعودی عرب کا امکان

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار کا آئندہ ہفتے دورہ سعودی عرب کا امکان ہے، ذرائع کے مطابق وزیر خارجہ اسحاق ڈار کا سموعہ سے واپسی پر 28 اکتوبر کو سعودی عرب کے دورے کا امکان، وزیر خارجہ دورہ سعودی عرب کے دوران دوطرفہ امور سمیت مشرق وسطیٰ اور ایشیا میں جاری بحران پر بات چیت کریں گے

کوئٹہ، ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر کا صدر پریس کلب عبدالخالق رند و دیگر سینئر صحافیوں سے ملاقات کررہے ہیں

صوبائی وزیر میر سلیم احمد کھوسہ لیاقت بازار اور اس سے ملحقہ گلیوں میں جاری روڈ سیکٹر کے منصوبوں پر کام کا جائزہ لے رہے ہیں

چیف جسٹس کی تقریب حلف برداری میں صدر، وزیراعظم ملاقات، مشاورت

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) صدر مملکت آصف زرداری سے وزیراعظم شہباز شریف نے ایوان صدر میں منعقدہ تقریب میں ملاقات کی، دونوں رہنماؤں کے درمیان ملکی اور سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا، واضح رہے، ملاقات چیف جسٹس یحییٰ آفریدی کی تقریب حلف برداری کے موقع پر ہوئی۔

راولپنڈی کی اڈیالہ جیل میں قیدیوں سے ملاقاتوں پر پابندی ختم

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) راولپنڈی کی اڈیالہ جیل میں قیدیوں سے ملاقاتوں پر پابندی ختم کر دی گئی، جیل ذرائع کے مطابق تمام قیدیوں کی ملاقاتیں اب معمول کے مطابق ہوں گی، اڈیالہ جیل میں ملاقاتوں پر پابندی 25 اکتوبر تک لگائی گئی تھی۔

جسٹس طارق کیخلاف سوشل میڈیا مہم پر توہین عدالت کیس سماعت کیلئے مقرر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد ہائی کورٹ میں جسٹس طارق محمود جہانگیری کے خلاف سوشل میڈیا مہم پر توہین عدالت کا کیس سماعت کیلئے مقرر، جسٹس طارق محمود جہانگیری کے علاوہ دیگر تمام 7 ججز توہین عدالت کیس کی سماعت کرنے والے لارجر بنچ میں شامل ہیں، جسٹس بابر ستار کی چھٹی کے باعث لارجر بنچ کی عدم دستیابی پر توہین عدالت کیس کی گزشتہ سماعت نہیں ہو سکی تھی ان کی واپسی ...... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

سردار اختر مینگل اور ساتھیوں کیخلاف مقدمات کی مذمت کرتے ہیں، غفور حیدری

سیاسی کارکنوں کے ساتھ اس طرح کا رویہ رکھنا انتہائی شرمناک بات ہے، رکن قومی اسمبلی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام کے مرکزی سیکرٹری جنرل رکن قومی اسمبلی مولانا عبدالغفور حیدری کا بلوچستان نیشنل پارٹی کے قائد سردار اختر مینگل اور انکے ساتھیوں کے خلاف قائم مقدمات کی شدید مذمت سردار اختر مینگل اور انکے ساتھیوں کے خلاف مقدمات قائم کئے گئے ہیں میں انکی شدید مذمت کرتا ہوں 26 ویں ترمیم کے موقع پر حکومتی اداروں نے بی این پی سینیٹرز کو اغوا کیا اپنی تحویل میں لیکر زبردستی انگوٹھا لگوایا سیاسی کارکنوں ...... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

پارٹی قیادت نے ورکروں کو اہمیت دیکر اعلیٰ منصب پر پہنچایا، سیدال خان ناصر

ورکروں کو پارٹی کی فعالیت کیلئے اپنا موثر کردار ادا کرنا چاہئے، ڈپٹی چیئرمین سینیٹ

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے کہا ہے کہ پارٹی قیادت نے ورکروں کو اہمیت دیکر اعلیٰ منصب پر پہنچایا ہے یہی جمہوریت کا حسن ہے ورکروں کو پارٹی کی فعالیت کیلئے اپنا موثر کردار ادا کرنا چاہئے کیونکہ ورکر جماعت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے پارٹی سربراہ سابق وزیراعظم میاں محمد نواز شریف، صدر مملکت پاکستان آصف علی زرداری، وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف ...... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

عمران خان کا معاملہ کسی ڈیل یا ڈھیل کی طرف جاتا نظر نہیں آتا، گورنر سندھ

لندن (بیورو رپورٹ) گورنر سندھ کامران ٹیسوری نے کہا ہے بانی پی ٹی آئی کا معاملہ کسی ڈیل یا ڈھیل کی طرف جاتا نظر نہیں آتا، لندن میں نجی ٹی وی سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کامران ٹیسوری نے کہا پی ٹی آئی کے رہنماؤں اور کارکنوں کو سوچنا چاہیے پاکستان پہلے ہے یا کوئی اور چیز، جن چیزوں کا تعلق ریاست سے ہو ان پر سیاست نہیں کرنی چاہیے ...... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

سردار اختر مینگل کیخلاف ایف آئی آر، اختر لانگو کی گرفتاری قابل مذمت، پشتونخوامیپ

فارم 47 کی حکومت کی عوام دشمن پالیسیاں جاری رہیں تو ملک کا مستقبل تاریک ہوتا جائے گا، بیان

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ سے جاری کردہ بیان میں کہا گیا ہے کہ بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ تحریک تحفظ آئین پاکستان کے نائب صدر سردار اختر جان مینگل کی جانب سے فارم 47 کے مسلط جعلی نمائندگان کی نام نہاد حکومت کی جانب سے ایف آئی آر اور ان کے پارٹی کے رہنما اختر حسین لانگو و دیگر کی گرفتاری پر پارٹی انتہائی دکھ ...... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستانی عوام ہر محاذ پر کشمیریوں کا ساتھ دیں گے، راحیلہ درانی

یوم سیاہ کے موقع پر کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کرتے ہیں، صوبائی وزیر

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی وزیر تعلیم محترمہ راحیلہ حمید خان درانی نے اپنے بیان میں کہا کہ آج کے دن بھارت نے جموں و کشمیر پر غاصبانہ قبضہ کیا۔ کشمیریوں نے کئی دہائیوں سے بھارتی قبضے اور ظلم کا سامنا کیا ہے۔ ہم کشمیری عوام کے حقوق کی خلاف ورزیوں اور جبر کی مذمت کرتے ہیں۔ بلوچستان کے عوام کے نمائندے کے طور پر میں اپنے کشمیری بھن بھائیوں کو یقین دلانا چاہتی ہوں کہ ہم ان کی آزادی اور حق خودارادیت کی جدوجہد ...... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

خضدار، پیپلز پارٹی کے رہنما آغا شکیل درانی کی جانب سے دیئے گئے عشائیے میں صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ، میر شعیب نوشیروانی، میر یونس عزیز زہری و دیگر شریک ہیں

بلوچ یکجہتی کمیٹی کے زیر اہتمام جبری گمشدگیوں کیخلاف ریلی و احتجاجی مظاہرہ

ہمارا احتجاج لاپتہ افراد کی بازیابی اور ملوث عناصر کو اپنے صوبے سے نکالنے کیلئے ہے، ڈاکٹر ماہ رنگ بلوچ

کوئٹہ (آن لائن) بلوچ یکجہتی کمیٹی کے زیر اہتمام جبری گمشدگیوں کے خلاف اور لاپتہ افراد کی بازیابی کیلئے ڈاکٹر ماہ رنگ بلوچ اور لاپتہ افراد کے لواحقین کی قیادت میں سریاب یونیورسٹی چوک سے ریلی نکالی گئی جو مختلف سڑکوں سے ہوتی ہوئی عبدالستار ایدھی چوک پر پہنچ کر احتجاجی مظاہرہ کی شکل اختیار کر گئی ریلی کے شرکاء نے بینرز، پلے کارڈز اور لاپتہ افراد کی تصاویر اٹھا رکھی تھیں۔ مظاہرے میں بلوچستان نیشنل پارٹی کے میر غلام نبی مری اور دیگر نے ...... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

عمران خان کو جیل سے نکال کر خیبرپختونخوا لانے کیلئے پورا زور لگاؤں گا، علی امین گنڈاپور

بشریٰ نے سیاسی کمیٹی کے اجلاس کی صدارت نہیں کی، معاملات پر مشاورت ہوتی رہتی ہے، وزیراعلیٰ پختونخوا

سابق خاتون جہاں بھی ہوتیں، سکیورٹی دیتی تھی اگر ہمارے پاس آئی ہیں تو اچھی بات ہے، صحافیوں کے سوالوں پر جواب

پشاور (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا علی امین گنڈاپور نے کہا ہے کہ عمران خان کو جیل سے نکال کر خیبرپختونخوا لانے کیلئے پورا زور لگاؤں گا صحافی کی جانب سے علی امین گنڈاپور سے سوال کیا گیا بشریٰ آپ کے پاس پہنچ گئی ہیں، انہوں نے جواب دیا بشریٰ جہاں بھی ہوتیں، سکیورٹی دیتی تھی اگر ہمارے پاس آئی ہیں تو اچھی بات ہے، بشریٰ نے سیاسی کمیٹی کے اجلاس کی صدارت نہیں کی مشورے ...... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

تحریک انصاف پاکستانی آئین پر یقین رکھنے والی واحد جماعت ہے، رحیم کاکڑ

ملک میں کچھ بھی آئین کے مطابق نہیں ہورہا ہے شریعت نام کی کوئی چیز نہیں، جمیل بوستان

کوئٹہ (یو این اے) تحریک انصاف کے کارکن و سابق میئر کوئٹہ رحیم کاکڑ، جمیل بوستان ایڈووکیٹ، میر ویس ایڈووکیٹ، احمد شاہ ایڈووکیٹ، عبداللہ ایڈووکیٹ، عمر فاروق ایڈووکیٹ، امین آغا ارشد اچکزئی نے کہا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف پاکستان کی تاریخ میں واحد جماعت ہے جس کا رہبر عمران خان ہے پاکستانی آئین پر یقین رکھنے والی واحد جماعت ہے اور شریعت محمدی پر جان قربان کرنے والی جماعت ہے اپنی خوبیوں کی بنا پر آج عمران ...... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

حلقہ پی بی 8 سبی کے نامزد امیدوار میر اصغر مری کی حمایت خوش آئند ہے، اے این پی

میر اصغر خان مری کی کامیابی علاقے کی ترقی و خوشحالی کے لئے نیک شگون ثابت ہوگی

کوئٹہ (پ ر) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی بیان میں حلقہ پی بی 8 سبی کم لہڑی پر سبی اتحاد کے نامزد امیدوار میر اصغر مری کی حمایت کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا گیا ہے کہ اصغر مری سبی اتحاد کے مشترکہ امیدوار ہیں جو 8 فروری کو بھی اے این پی نے سبی اتحاد کے امیدوار کو سپورٹ کیا تھا اب 14 نومبر کو منعقدہ ضمنی انتخابات میں بھی پارٹی کارکن و عہدیداران بھرپور انتخابی مہم میں حصہ لیں عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی دفتر سے جاری کردہ ...... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

جسٹس منصور علی شاہ نے اپنے مقام و مرتبے کو برقرار رکھا، خود کو چھوٹا کرلیا، رانا ثناء

2017 میں اچھے بھلے ترقی کرتے پاکستان کو سازش کا شکار کیا گیا، اسٹیبلشمنٹ کیساتھ عدلیہ کا بھی کردار تھا، مشیر وزیراعظم

جسٹس یحییٰ آفریدی کا انتخاب بہت مناسب، آئینی ترمیم نے چور دروازے سے اقتدار میں آنے کا راستہ بند کردیا، پریس کانفرنس

لاہور (بیورو رپورٹ) مشیر وزیراعظم رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ 2017 میں اچھے بھلے ترقی کرتے پاکستان کو سازش کا شکار کیا گیا، اسٹیبلشمنٹ کیساتھ عدلیہ کا بھی کردار تھا، جسٹس منصور علی شاہ نے مرتبے کو برقرار رکھا، خود کو چھوٹا کرلیا، ثاقب نثار نے منتخب وزیراعظم کو نکالنے کیلئے غیر آئینی و غیر قانونی کردار ادا کیا جو پراجیکٹ اسٹیبلشمنٹ اور عدلیہ نے مسلط کیا اس کی وجہ ...... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، سابق وزیر زراعت علی مدد جتک سے صوبائی وزیر بخت محمد کاکڑ اور میر ساجد جان دشتی ملاقات کررہے ہیں

کارساز حادثہ، اللہ کی رضا کیلئے نتاشا کو معاف کیا، راحیلہ کا حلف نامہ

کراچی (بیورو رپورٹ) سانحہ کارساز حادثہ کیس میں اہم پیش رفت، متاثرین کی اہلخانہ نے عدالت میں حلف نامہ جمع کرادیا جس میں کہا گیا اللہ کی رضا کیلئے نتاشا کو معاف کرتے ہیں، کراچی کی ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج ایسٹ میں کارساز حادثہ کیس ...... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

بانی پی ٹی آئی کی اہلیہ بشریٰ کے کان میں انفیکشن ہوگیا

پشاور (بیورو رپورٹ) بانی پی ٹی آئی عمران خان کی اہلیہ بشریٰ کے کان میں انفیکشن ہوگیا، ترجمان مشال یوسفزئی نے کان میں انفیکشن کی تصدیق کرتے ہوئے کہا بشریٰ کے مزید ٹیسٹ ہوں گے، رہائی کے بعد بشریٰ کی کسی سے کوئی سیاسی گفتگو نہیں ہوئی ...... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، تنظیم اسلامی کے زیر اہتمام پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا جارہا ہے

قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے اطلاعات و نشریات کا کوئٹہ پی ٹی وی سینٹر کا دورہ

حکومت پی ٹی وی کوئٹہ سینٹر کو درپیش مسائل کے حل کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے گی، پھلین بلوچ

کوئٹہ (آن لائن) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے اطلاعات و نشریات کے چیئرمین پھلین بلوچ نے کوئٹہ پی ٹی وی کوئٹہ سینٹر کا دورہ کیا۔ قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے اطلاعات و نشریات کے چیئرمین پھلین بلوچ نے پی ٹی وی کوئٹہ سینٹر کے دورے کے موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان ٹیلی ویژن ملک کی نظریاتی سرحدوں کی حفاظت کرنے والا قومی ادارہ ہے اور اسے جدید بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ رکن قومی اسمبلی ...... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

سابق چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ بیرون ملک چلے گئے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سابق چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ بیرون ملک چلے گئے، سپریم کورٹ کے سابق چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ اپنی اہلیہ کے ہمراہ نیو اسلام آباد ائیر پورٹ سے بیرون ملک گئے، ساتھ معمول کا پروٹوکول سٹاف بھی تھا۔

اختر حسین لانگو، شفیع مینگل کو قید خانے میں درپیش مشکلات پر تشویش ہے، آغا حسن

آج بلوچستان بھر میں پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرے کئے جائیں گے

30 اکتوبر کو شٹر ڈاؤن اور 2 نومبر کو قومی شاہراہوں پر پہیہ جام ہڑتال کی جائے گی، اعلامیہ

اسلام آباد (پ ر) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات سابق وفاقی وزیر آغا حسن بلوچ ایڈووکیٹ، پارٹی کے مرکزی رہنما سابق وفاقی وزیر میر ہاشم نوتیزئی نے پارٹی کے مرکزی فنانس سیکرٹری سابق ایم پی اے اختر حسین لانگو، میر شفیع مینگل کی گرفتاری، پارٹی رہنماؤں کو قید خانے میں درپیش مشکلات پر تشویش کا ...... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

9 مئی جلاؤ گھیراؤ مقدمات میں عمر سرفراز چیمہ، اعجاز چودھری کی ضمانتیں خارج

لاہور (بیورو رپورٹ) لاہور کی انسداد دہشت گردی عدالت نے 9 مئی جلاؤ گھیراؤ کے 3 مقدمات میں پاکستان تحریک انصاف کے رہنما عمر سرفراز چیمہ اور اعجاز چودھری کی درخواست ضمانت خارج کردی، انسداد دہشت گردی عدالت کے جج ارشد ...... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

قرض لیکر ملک نہیں چلائے جا سکتے، سینیٹر محمد عبدالقادر

بیرونی دنیا ہمیں تب تک قرض دیتی رہے گی جب تک ہم اپنی سیاسی خود مختاری بیچتے رہیں گے

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے ایک خصوصی بیان میں کہا ہے کہ پاکستان کے معاشی دباؤ میں مسلسل رہنے کی ایک بڑی وجہ یہ بھی ہے کہ حکمرانوں نے وفاق اور صوبوں کی سطح پر ایسے درجنوں محکمے بنا رکھے ہیں جن کی قطعاً کوئی ضرورت نہیں لیکن ان محکموں پر تنخواہوں، سہولیات اور یوٹیلیٹی بلوں کی مد میں اربوں روپے ماہانہ کے لا حاصل اخراجات کئے جاتے ہیں۔ محض چند کمروں اور انتہائی ضروری اسٹاف ...... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

سازش کے تحت نوجوانوں کو اسلامی تعلیمات سے دور رکھا جارہا ہے، مولانا واسع

قائد جمعیت کی سیاسی بصیرت کی وجہ سے آج ہم ناموس رسالتؐ وصحابہؓ و مدارس کی حفاظت کی جنگ جیت چکے ہیں، صوبائی امیر

آئین پاکستان پر کسی قسم کی آنچ آنے نہیں دیں گے، جمعیت ہر محاذ پر جے ٹی آئی کی سرپرستی کرتی رہے گی، سائنس کالج میں یوم تاسیس اجتماع سے خطاب

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع جمعیت طلبہ اسلام پاکستان کے مرکزی کنوینر ملک اویس قرنی، جمعیت ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ مولانا عبدالرحمان رفیق، سابق ضلعی امیر مولانا ولی محمد ترابی، جمعیت طلبہ اسلام پاکستان کے سابق مرکزی صدر حافظ ہدایت اللہ پیرزادہ، جمعیت طلبہ اسلام بلوچستان کے صوبائی کنوینر حکمت اللہ کاکڑ و دیگر نے کہا کہ سوچے سمجھے منصوبے کے ...... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

مفتی قوی نے ٹک ٹاکر منا بل کی ملک کی ویڈیوز کو اصلی قرار دیدیا

ملتان (بیورو رپورٹ) ٹک ٹاکر منا بل ملک لیک ویڈیوز معاملے پر مفتی قوی بھی بول پڑے، مفتی عبدالقوی نے کہا وہ منا بل اور ویڈیو میں موجود لڑکے کو ذاتی طور پر جانتے ہیں کیونکہ منا بل مختلف معاملات میں رہنمائی کیلئے رابطے میں رہتی ہیں، مفتی قوی نے لیک ویڈیوز کو اصلی قرار دیتے ہوئے کہا ویڈیوز ...... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت بلوچستان منشیات کے خاتمے کیلئے اقدامات کرے، مولانا ہدایت الرحمان

منشیات فروشوں کے خلاف پارلیمان میں بھی آواز بلند کروں گا، ممبر بلوچستان اسمبلی

کوئٹہ (پ ر) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ممبر بلوچستان اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا ہے کہ حق دو تحریک میں حقوق کے حصول کیساتھ منشیات کے خاتمے کیلئے ہر فورم پر آواز بلند کریں گے بلوچستان نے نوجوانوں کو منشیات فروشوں کے تباہ و برباد کیے خاندان کے خاندان تباہ و برباد ہوئے کسی بھی کام کیلئے اب آزادی نہیں بدقسمتی سے منشیات کے کاروبار کیلئے ہیں فروشوں کو پولیس و دیگر اداروں کی مدد حاصل ہوتی ہے حکومت ...... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

سیاسی جماعتوں کے خلاف انتقامی کارروائیاں باعث تشویش ہیں، ایچ ڈی پی

سردار اختر مینگل کیخلاف ایف آئی آر، اختر حسین لانگو، شفیع مینگل کی گرفتاری کی مذمت کرتے ہیں، بیان

کوئٹہ (آن لائن) ہزارہ ڈیموکریٹک کے بیان میں کہا گیا ہے کہ قوم دوست سیاسی و جمہوری قائدین کیخلاف اسلام آباد میں دہشت گردی کے مقدمات کے اندراج، سابق ایم پی اے اختر حسین لانگو اور شفیع مینگل کی گرفتاری کی مذمت کرتے ہوئے ایچ ڈی پی کے سربراہ سردار اختر مینگل و دیگر سیاسی جماعتوں کے خلاف انتقامی کارروائیاں باعث تشویش ہیں ایسے اقدامات کا مقصد حقیقی سیاسی جماعتوں کو دیوار سے لگا کر انکی سیاسی و جمہوری ...... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

نیشنل پارٹی کی ساتویں قومی کانگریس اور وحدت کنونشن کونسلران کے اجلاس سے نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ خطاب کررہے ہیں

گوادر سمندری حدود میں مسلح ٹرالرز کی فائرنگ، اورماڑہ میں ماہی گیری کا شعبہ خطرے میں

چار ٹرالر موجود جو زندین رک سمندری حدود میں فشریز ٹیم پر حملہ کررہے ہیں، اسسٹنٹ ڈائریکٹر

گوادر (این این آئی) گوادر ضلع کی سمندری حدود میں مسلح ٹرالرز کی جانب فائرنگ کا سلسلہ جاری، اورماڑہ میں سمندری صورتحال انتہائی کشیدہ، صبح 11 بجے سے مسلح ٹرالرز فشریز پیٹرولنگ ٹیم پر حملہ کر کے نشانہ بنارہے ہیں، دیگر سمندری سکیورٹی محافظ مدد کیلئے تاحال نہ پہنچے، ضلع گوادر کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر فشریز اورماڑہ کے مطابق اس وقت چار ٹرالر موجود ہیں جو کہ زندین رک کی سمندری حدود میں فشریز ٹیم پر حملہ کررہے ہیں جس سے دونوں ...... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، جماعت اسلامی بلوچستان کے امیر ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمن بلوچ سے اسلامی جمعیت طلباء بلوچستان کا وفد ملاقات کررہا ہے

پی ٹی آئی قانونی ٹیم میں شدید اختلافات، فیصل چوہدری کی درخواست نے نیا پنڈورا باکس کھول دیا

درخواست پرانی پاور آف اٹارنی کی بنیاد پر دائر کی گئی، پیر کو نئی درخواست اسلام آباد ہائیکورٹ میں دائر کریں گے، چیئرمین پی ٹی آئی

عمران خان کو جیل میں سہولیات کی فراہمی کیس میں پی ٹی آئی لیگل ٹیم کی مشاورت سے اپنے وکلا پیش ہوں گے، بیرسٹر گوہر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) بانی چیئرمین کو جیل میں سہولیات کی فراہمی کے معاملے پر تحریک انصاف کی لیگل ٹیم میں اختلافات شدت اختیار کر گئے، اسلام آباد ہائیکورٹ میں بانی پی ٹی آئی کی سہولیات سے متعلق فیصل چوہدری ایڈووکیٹ کی جانب سے دائر درخواست نے نیا پنڈورا باکس کھول دیا، درخواست کے باعث پی ٹی آئی کی لیگل ٹیم میں اختلافات کھل کر سامنے آگئے، فیصل چوہدری ایڈووکیٹ ...... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

علی امین گنڈاپور کے وارنٹ گرفتاری برقرار، حاضری سے استثنیٰ درخواست مسترد

آئندہ سماعت تک تعمیل نہ کرائی گئی تو ایس ایس پی آپریشنز ذاتی حیثیت میں پیش ہوں، عدالت کا حکم

ملزم کے وارنٹ گرفتاری منسوخ کر کے حاضری سے استثنیٰ کی درخواست منظور کی جائے، وکیل

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ اسلام آباد نے وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا علی امین گنڈاپور کی حاضری سے استثنیٰ کی درخواست مسترد کردی۔ سول جج مبشر حسن نے علی امین گنڈاپور کے خلاف اسلحہ اور شراب برآمدگی کیس میں وارنٹ گرفتاری منسوخ کرنے سے متعلق دائر درخواست پر سماعت کی، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا ...... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

حکمرانوں کی توجہ صرف سیاسی قائدین سے انتقام لینے پر مرکوز ہے، جمعیت نظریاتی

نااہل حکمرانوں کی آمرانہ و انتقامی پالیسیوں کا مقصد ملک میں انارکی پھیلانے کی کوشش ہے، مولانا عبدالقادر لونی، مفتی شفیع الدین

نوابزادہ محبوب خان جوگیزئی پر حملہ، سردار اختر مینگل کیخلاف ایف آئی آر، مشتاق احمد و دیگر رہنماؤں کی گرفتاریاں قابل مذمت ہیں، حافظ عبدالاحد کبدانی و دیگر

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی، مرکزی سینئر نائب امیر مولانا عبدالقادر لونی، مرکزی ڈپٹی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین صوبائی جنرل سیکرٹری مولانا حافظ عبدالاحد کبدانی، مرکزی نائب امیر مولانا عبدالرؤف، مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی، مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ نے نوابزادہ محبوب خان جوگیزئی پر دھماکہ ...... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر